WWW.PAKSOCIETY.COM

## اداریہ


مجھے کچھ کہنا ہے — مدیرہ 15


## سلسلے وار ناول


اعتبارِ وفا — نگہت سیما 18

آخری امید — قیصرہ حیات 118


## ناولٹ


متاعِ دل — نبیلہ ابر راجا 62

ہنر — نگہت اعظمی 99

جو کرے برابر نیکی — سارہ ملک 158


## منی ناول


زندگی خاک نہ تھی — شیریں حیدر 214


## افسانے


میرے پیار کا حوالہ ہے — فرحین اظفر 49

قفس — سویرا فلک 91

چاند رات اور دروازہ — غزالہ فرخ 141

سوال — سحرش رانی 155

وہ باتیں تری وہ فسانے ترے — فاطمہ رضوی 185

وارث — ریحانہ حسن 193

ناممکن — نورِ عین 205

آخری پرچہ — بشریٰ گوندل 235

بخشش کا در کھلا — حمیرا نوشین 243

موم گل — تسنیم منیر علوی 247


## خصوصی مضامین


شمع ہدایت — اختر شجاعت 256

سروے — شائستہ زریں 261

اتنی سی بات — ڈاکٹر زاہدہ پروین 268

شادی آئی میرے شہزادے کی — نزہت جبیں ضیا 270


## مستقل عنوانات


دین کی باتیں — ادارہ 16



پبلشر و پروپرائٹر: ذیشان رسول • مقامِ اشاعت: گراؤنڈ فلور C-63 فیز II ایکس ٹینشن، ڈیفنس، مین کورنگی روڈ کراچی 75500

پرنٹر: جمیل حسن • مطبوعہ: ابن حسن پرنٹنگ پریس ہاکی اسٹیڈیم کراچی


PAKSOCIETY.COM

WWW.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

RSPK.PAKSOCIETY.COM

WWW.PAKSOCIETY.COM

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# مجھے کچھ کہنا ہے......!

عقل مند کہتے ہیں کہ انسان کو دو چیزوں پر کبھی پریشان نہیں ہونا چاہیے، ایک وہ جس پر اس کا اختیار ہے اور دوسری وہ جس پر اختیار نہیں ہے۔ یہ بات ہمیں بخوبی جان لینی چاہیے کہ انسان کا رویہ، طرزِ عمل یا عادت وہ خود تو تبدیل کرسکتا ہے مگر کوئی اور فرد اس کو تبدیلی پر مائل نہیں کرسکتا۔ اس حقیقت کو سمجھنے کے بعد آپ وہ طرزِ زندگی اختیار کرسکتے ہیں جو آپ کی زندگی کو سچی مسرتوں سے ہمکنار کرسکتا ہے۔ اس لیے وہ لوگ جو سمجھ بوجھ کے ساتھ زندگی کا شعور بھی رکھتے ہیں وہ زندگی کو بہترین انداز میں برتنے کا ہنر بھی جانتے ہیں اور لوگوں کے رویے بھی بہ آسانی پرکھ لیا کرتے ہیں...... (جبکہ دوسروں کو جاننا مزید مشکل کام ہے) مگر یہ ایک بہت خوب صورت سچ ہے کہ ہم جب اپنی زندگی کا مقصد جان لیں گے تو زندگی کا ہر لمحہ اور ہر دن پُرمسرت اور عید کا سا ہوگا۔

اور یہی ہمیں آپ سے کہنا ہے...... بری باتوں، بری یادوں اور مشکل وقت کو بھول کر بکھرے ہوئے مواقع سے پورا، پورا فائدہ اٹھائیں اور بکھری ہوئی مسرتوں سے اپنا دامن بھر لیں...... خوشی چاہے کتنی ہی چھوٹی کیوں نہ ہو...... اسے کبھی کم تر نہ سمجھیں اور نیکی چاہے کتنی ہی معمولی کیوں نہ ہو اسے کر ڈالیے...... کہ چھوٹی، چھوٹی نیکیاں آپ کو بڑی، بڑی خوشیاں عطا کریں گی (انشاء اللہ)

اور مجھے یقین ہے کہ آپ سب رمضان المبارک کی پُر نور ساعتوں سے بہرہ مند ہونے کے ساتھ، ساتھ جہاں اپنی عید کی تیاریوں میں مشغول ہوں گے وہاں اپنے آس پاس کے غریب غربا اور یتیموں کی عید کی بھی تھوڑی بہت تیاری تو ضرور کروا رہے ہوں گے۔ ہے ناں......! (جزاک اللہ)

مدیرہ
انجم انصار

PAKSOCIETY.COM

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

## دین کی باتیں

(دیکھو) اللہ نے کعبے کو جو بزرگی کا گھر ہے اور ماہِ حرام کو اور قربانی کو اور رسی والے جانوروں کو لوگوں کے امن کا سبب بنایا ہے تاکہ تم جان لو کہ اللہ جانتا ہے اس چیز کو جو آسمانوں میں ہے اور اس چیز کو (بھی جانتا ہے) جو زمین میں ہے اور یہ کہ اللہ ہر چیز سے واقف ہے(۹۷) (یہ بھی) جانے رہو کہ اللہ سخت عذاب والا ہے اور یہ کہ اللہ بخشنے والا مہربان ہے (۹۸) (ہمارے) پیغمبر پر سوا (پیغام) پہنچادینے کے اور کچھ (فرض) نہیں ہے اور اللہ جانتا ہے جو کچھ تم ظاہر کرتے ہو اور جو کچھ تم چھپاتے ہو(۹۹) (اے نبی ﷺ ان سے) کہہ دو کہ ناپاک اور پاک (عنداللہ) برابر نہیں ہیں اگرچہ تمہیں ناپاک کا زیادہ ہونا تعجب میں ڈالے پس اے عقل مندو اللہ سے ڈرو تاکہ تم بامراد رہو(۱۰۰) اے ایمان والو ایسی باتوں کا سوال (نبی ﷺ سے) نہ کرو کہ اگر وہ تم پر ظاہر کردی جائیں تو تمہیں بری لگیں اور اگر قرآن کے اترنے کے زمانے (یعنی نبی کی زندگی) میں تم ان کو پوچھو گے تو (ضرور) تم پر ظاہر کردی جائیں گی (جو سوالات تم پہلے کر چکے) اللہ نے ان سے درگزر فرمائی اور اللہ بخشنے والا بردبار ہے۔(۱۰۱) بے شک یہ (سوالات) ان لوگوں نے جو تم سے پہلے تھے (اپنے انبیا سے) پوچھے تھے پھر (جب ان کا تحمل ان سے نہ ہوسکا تو) وہ ان کے منکر ہو گئے (۱۰۲) (سنو) اللہ نے نہ کوئی بحیرہ مقرر کیا ہے اور نہ سائبہ اور نہ وسیلہ اور نہ حامی ولیکن کافر اللہ پر جھوٹ افترا کرتے ہیں اور ان میں کے اکثر لوگ (اس افترا کو) نہیں سمجھتے۔(۱۰۳) (سورۂ مائدہ آیت نمبر ۹۷ تا ۱۰۳)



PAKSOCIETY.COM

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY
FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1
PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

دوڑتے، دوڑتے اس نے مڑ کر پیچھے دیکھا...... وہ غلیظ آنکھوں والا چوکیدار اس کے پیچھے آرہا تھا۔ گو وہ بھاری بھر کم تھا اور اس کی عمر بھی کچھ زیادہ تھی اور اس کے مقابلے میں ارتفاع ینگ تھی۔ وہ اپنے کالج اور اسکول کے زمانے میں بہترین ایتھلیٹ رہی تھی اور ریس کے کئی مقابلے جیت رکھے تھے پھر بھی اسے لگا جیسے کچھ ہی دیر کی بات ہے وہ چوکیدار اس کے قریب پہنچ جائے گا۔ ظفری اس کے پیچھے نہیں بھاگا تھا شاید اسے یقین تھا کہ چوکیدار اسے بھاگنے نہیں دے گا۔

''یا اللہ میری مدد فرما۔''

سڑک پر کسی گاڑی کی ہیڈ لائٹس کی روشنی پڑی تو یک دم سیدھا دوڑتے، دوڑتے اس نے اپنا رخ سڑک کی طرف کر لیا اور اندھا دھند سڑک کی طرف دوڑنے لگی۔

''اچھا ہے گاڑی کے نیچے آکر مر جاؤں۔ یا اللہ تو ہی عزت بچانے والا ہے۔ میری عزت بچالے۔'' دل ہی دل میں دعا مانگتے ہوئے اس نے سڑک پر قدم رکھا بہ مشکل دو منٹ لگے ہوں گے اسے سڑک تک پہنچنے میں اور گاڑی اس کے بالکل قریب آکر اچھلی اس نے آنکھیں بند کر لی تھیں...... لیکن ڈرائیور نے بڑی مہارت سے گاڑی کے بریک لگائے تھے۔ اس نے بے بسی سے اپنا جھکا ہوا سر اٹھایا اور ڈرائیونگ سیٹ پر بیٹھے رواحہ نے جھلا کر سڑک کے وسط میں اپنی گاڑی کے عین سامنے کھڑی لڑکی کی طرف دیکھا اگر جو اس نے عظام کا فون اٹینڈ کرنے کے لیے گاڑی کی رفتار کم نہ کی ہوئی ہوتی تو آج اس لڑکی کا خون اس کی گردن پر ہوتا۔ ''کیا یہ لڑکی مرنے کے لیے یوں سڑک پر......؟'' اس نے پھر اس کی طرف دیکھا جو ابھی تک خوفزدہ سی گاڑی کے سامنے کھڑی تھی اور چونک پڑا۔

''رتی......'' اس کے لبوں سے نکلا اور بے اختیارہ۔ گاڑی کا دروازہ کھول کر نیچے اترا اور تیزی سے اس کی طرف بڑھا۔

''رتی...... تم یہاں کیسے؟''

''رواحہ......!'' ایک گہری سانس لیتے ہوئے ارتفاع نے اس کی طرف دیکھا۔

''پلیز رواحہ......'' اس کی وحشت زدہ نظریں رواحہ پر پڑیں تو اسے کسی انہونی کا احساس ہوا۔

''وہ......'' ارتفاع نے رخ موڑ کر دیکھا چوکیدار گرین بیلٹ پر کھڑا خونخوار نظروں سے اسے دیکھ رہا تھا۔

''او کے، تم گاڑی میں بیٹھو رتی۔'' اس نے پسنجر سیٹ کا دروازہ کھولا اور ارتفاع تیزی سے گاڑی میں بیٹھ گئی۔

رواحہ چکر کاٹ کر ڈرائیونگ سیٹ پر آکر بیٹھا اور ارتفاع سے کچھ پوچھے بغیر گاڑی اسٹارٹ کی۔ ارتفاع نے شیشے سے باہر دیکھا چوکیدار گرین بیلٹ سے اتر کر سڑک کی طرف آرہا تھا۔

''رواحہ جلدی...... جلدی نکلو یہاں سے وہ اِدھر ہی آرہا ہے۔''

غیر ارادی طور پر ایکسی لیٹر پر رواحہ کے پاؤں کا دباؤ بڑھ گیا...... کچھ آگے جا کر رفتار کم کرتے ہوئے اس نے ارتفاع کی طرف دیکھا۔ جس کی آنکھوں سے آنسو نکل کر اس کے رخساروں کو بھگو رہے تھے۔

''رتی پلیز ریلیکس...... ہم کافی دور نکل آئے ہیں۔ وہ شخص بہت پیچھے رہ گیا ہے۔ اگر مناسب سمجھو تو بتاؤ کہ وہ شخص کون تھا، تمہارا پیچھا کیوں کر رہا تھا۔ اور تم رات کے اس وقت یہاں اکیلی......؟ تمہاری گاڑی کدھر ہے، کہیں چھن تو نہیں گئی؟'' رواحہ کو ایک دم ہی خیال آیا تھا کہ ممکن ہے کسی نے اس کی گاڑی چھین لی ہو اور یہ جان بچا کر بھاگی ہو...... اگرچہ بہت رات تو نہیں ہوئی تھی ابھی دس بھی نہیں بجے تھے لیکن ان دنوں گاڑی چھننے کی تین چار وارداتیں اسی علاقے میں ہوئی تھیں۔ موبائل وغیرہ چھیننا تو اب معمول بن چکا تھا۔ ابھی نومان کے گھر میں بھی یہی ذکر ہو رہا تھا۔ چند دن پہلے نومان کے بڑے بھائی سے گاڑی چھین لی گئی تھی۔ نومان اس کا کلاس فیلو تھا۔ اس کا دو دن پہلے ایکسیڈنٹ ہو گیا تھا۔ بازو کا فریکچر ہوا تھا سو وہ دوسرے دوستوں کے ساتھ اس کی مزاج پرسی کے لیے گیا تھا۔ عظام کی طبیعت ٹھیک نہیں تھی، اس لیے وہ گھر پر ہی تھا اور اب ایک کلاس فیلو کو اس کے گھر ڈراپ کر کے وہ واپس جا رہا تھا اور......

PAKSOCIETY.COM



WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

اس نے ذرا سا رخ موڑ کر ارتفاع کی طرف دیکھا۔ جس کے رونے میں شدت آگئی تھی۔ اپنی پوری زندگی میں وہ اس طرح بے بسی سے نہیں روئی ہوگی جس طرح اب رو رہی تھی۔

''پلیز رتی اپنے آپ کو سنبھالیں۔ گاڑی اگر چلی بھی گئی ہے تو وہ آپ کی زندگی سے زیادہ قیمتی تو نہ تھی، اللہ کا شکر ادا کریں کہ اللہ نے آپ کی زندگی اور عزت بچالی۔''

''وہ...... نہیں گاڑی نہیں چھینی کسی نے۔'' اس نے روتے ہوئے کہا۔

''تو پھر......؟'' اس نے سوالیہ نظروں سے اسے دیکھا لیکن وہ روئے چلی جا رہی تھی۔

''اگر تم بتانا مناسب نہیں سمجھتیں تو کوئی بات نہیں...... یہ بتاؤ کہاں ڈراپ کروں؟''

''گھر......'' ارتفاع نے آہستگی سے کہا۔

اوورڈرائیو کرتے، کرتے رواحہ نے ٹشو باکس سے ٹشو نکال کر اس کی گود میں ڈالا۔

''پلیز رتی خود کو سنبھالو۔''

ارتفاع نے بھیگی آنکھوں سے رواحہ کی طرف دیکھا جو بے حد سنجیدہ سا ڈرائیو کر رہا تھا۔

''رواحہ یقیناً سوچ رہا ہوگا کہ میں رات کے اس وقت اکیلی کہاں سے آ رہی تھی۔ وہ میرے متعلق کچھ غلط بھی تو سوچ سکتا ہے۔'' اس پر یک دم گھبراہٹ طاری ہوگئی۔ اس نے گود سے ٹشو اٹھا کر چہرہ اچھی طرح صاف کیا۔

''وہ، رواحہ میں......'' اس نے تھوک نگلا اور پھر سر جھکائے سب کچھ بتاتی چلی گئی۔

''مجھے ہرگز علم نہیں تھا کہ اس نے صرف مجھے انوائٹ کیا ہے، آج صبح یونی میں اس نے مجھے انوائٹ کیا...... میں نے سوچا میں اس کی برتھ ڈے پارٹی میں بھی نہیں گئی تھی تو وہ بہت ناراض ہوا تھا۔ اور یہ تو یہاں اسی شہر کی بات ہے...... سب ہی تو جا رہے ہیں تو......''

''کم از کم تم عالیہ سے تو پوچھ سکتی تھیں، دوست ہے وہ تمہاری۔'' رواحہ کا رنگ سرخ ہوگیا تھا اور وہ اندر ہی اندر پیچ و تاب کھا رہا تھا۔

''عالیہ کو میں نے کئی بار فون کیا لیکن اس کا فون بند تھا۔''

''دولت کے نشے میں کچھ لوگ خود کو نہ جانے کیا سمجھنے لگتے ہیں۔ میں ظفری کو اتنا گھٹیا نہیں سمجھتا تھا۔ میرا خیال تھا کہ وہ آپ کو پسند کرتا ہے بلکہ محبت کرتا ہے اور شاید...... آپ بھی......'' وہ کبھی تم اور کبھی آپ سے اس سے مخاطب تھا۔

رواحہ کی آنکھوں میں ہلکا سا خفگی کا تاثر ابھرا تھا۔

''نہیں......'' وہ یک دم بلش ہوئی۔

''میں تو اسے صرف اپنا دوست سمجھتی تھی۔ مجھے اس کے دل کی خبر نہیں تھی کہ وہ کیا سوچے بیٹھا ہے اور چاند رات والا واقعہ تو میرے تصور میں بھی نہیں تھا۔ یاد ہی نہیں تھا کہ کبھی میں......''

''تم صبح ظفری کی شکایت کر دینا۔'' اس نے ونڈ اسکرین پر نگاہیں جمائے، جمائے کہا۔

''لیکن اس واقعے کا یونی سے تو کوئی تعلق نہیں رواحہ! میں اپنے گھر سے اپنے پیرنٹس کی اجازت سے اس کے گھر گئی تھی اور پھر اس میں میری ہی بے عزتی ہے۔ پلیز رواحہ تم بھی کسی سے ذکر مت کرنا...... آئی ریکوئسٹ یو......'' اس کی آنکھیں پھر نم ہوئی تھیں۔

''اوکے...... ڈونٹ وری......'' رواحہ کا لہجہ نرم تھا تسلی دیتا ہوا سا۔

''ماما تو اجازت نہیں دے رہی تھیں لیکن پاپا نے دے دی...... دراصل پاپا نے میری بات کبھی ٹالی نہیں؟'' اس نے خود ہی وضاحت کی تو رواحہ نے آہستگی سے کہا۔


PAKSOCIETY.COM
WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

''بعض اوقات والدین کو پتا نہیں چلتا کہ بے جالاڈ پیار سے اپنی اولاد کے لیے وہ خود ہی گڑھا کھود رہے ہیں...... آپ کے پاپا کو اجازت نہیں دینی چاہیے تھی۔''

اس کی آنکھوں سے پھر آنسو بہنے لگے تھے۔

رواحہ کا دل جیسے پگھلا اس کا جی چاہا اپنی انگلی کی پوروں سے اس کے آنسو چن لے...... اپنی اس چور سوچ سے گھبرا کر اس نے نگاہوں کا زاویہ بدلا اور ونڈ اسکرین سے باہر دیکھنے لگا۔ وہ سوں، سوں کر کے روتی جاتی اور ٹشو سے ساتھ، ساتھ اپنے آنسو پونچھتی جاتی۔

''پلیز رتی اب رونا بند کریں، مجھے آپ کے رونے سے تکلیف ہو رہی ہے۔ اللہ کا شکر ادا کریں اس نے آپ کو بچا لیا۔ آئندہ احتیاط کیجیے گا۔''

''جی اللہ کا شکر ہے کہ آپ وہاں آگئے اور...... اور میں نے بھی سوچ لیا تھا کہ مر جاؤں گی لیکن......'' بات ادھوری چھوڑ کر وہ پھر رونے لگی تھی۔

''رتی پلیز...... ریلیکس ہو جائیں اور چہرہ اچھی طرح صاف کر لیں...... گھر والوں سے کیا کہیں گی...... آپ کو بچانا مقصود تھا سو اللہ نے مجھے وسیلہ بنا دیا۔'' اس نے سر ہلایا اور دوپٹے کے پلو سے اچھی طرح چہرہ صاف کیا۔

''دراصل غلطی میری تھی اگر عالیہ کا فون بند تھا تو مجھے اکیلے نہیں جانا چاہیے تھا...... لیکن میں......'' اس نے پھر چہرے کو صاف کیا اور رواحہ سے پوچھا۔

''اب ٹھیک ہے ناں...... پتا تو نہیں چل رہا کہ میں روئی ہوں۔'' وہ معصومیت سے اس کی طرف دیکھ رہی تھی رواحہ نے ذرا رخ موڑ کر اسے دیکھا اور اس کے دل پر ایک ضرب سی پڑی۔ بہ مشکل اس کے چہرے سے نظریں ہٹائیں۔

''ہاں ٹھیک ہے۔'' اور گاڑی کی رفتار بڑھا دی۔

وہ کیسے اپنے آپ کو رتی سے محبت کرنے سے روک پائے گا۔ کتنے دنوں سے وہ خود کو سمجھا رہا تھا لیکن دل تھا کہ اختیار میں نہیں تھا...... اور اگر...... میں اللہ سے ارتقاع کو مانگوں تو اللہ ضرور اس کے دل میں میری محبت پیدا کر دے گا لیکن ہم انسان دنیاوی سہارے ڈھونڈتے پھرتے ہیں حالانکہ اللہ اپنے بندوں کے بہت قریب ہے اور ان کی پکار سنتا ہے۔

رواحہ سوچ رہا تھا اور ارتقاع چور نظروں سے اسے دیکھ رہی تھی عالیہ نے ایک بار کہا تھا کہ رواحہ اسے پسند کرتا ہے لیکن اس نے عالیہ کی بات پر کوئی خاص دھیان نہیں دیا تھا اور اس کی کہی بات دوسرے ہی دن بھلا دی تھی لیکن اس وقت اسے عالیہ کی بات یاد آ رہی تھی...... اور اس کا دل یک دم تیزی سے دھڑکنے لگا وہ اپنے دل کی تیز دھڑکن سے پریشان ہو کر باہر دیکھنے لگی۔

رواحہ خاموشی سے ڈرائیو کر رہا تھا۔ دونوں اپنی، اپنی جگہ گہری سوچوں میں ڈوبے ہوئے تھے۔ ارتقاع اپنے دل کی کیفیات پر حیران تھی اور رواحہ اپنی سوچوں میں گم تھا یوں کہ اسے احساس ہی نہیں ہوا اور ارتقاع کا گھر آ گیا۔ اس نے بریک لگائی تو ارتقاع بھی چونکی۔

''ارے گھر آ گیا......!'' رواحہ نے اس کی طرف دیکھا۔

''تھینک یو رواحہ...... اگر آپ نہ......''

''اوں...... ہوں......'' رواحہ نے اس کی بات کاٹ دی۔

''سب کچھ اللہ کی طرف سے ہوتا ہے رتی...... انسان تو بس وسیلہ بنتے ہیں۔'' اس کی پلکیں بھیگنے لگیں تو رواحہ کے لبوں سے بے اختیار نکلا۔

''رونا نہیں اب پلیز......''



PAKSOCIETY.COM
WWW.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
RSPK.PAKSOCIETY.COM PAKSOCIETY1 f PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

اور اس نے پلکیں جھپک، جھپک کر آنسوؤں کو باہر آنے سے روکا...... اور گاڑی سے اترتے ہوئے ایک بار پھر اس کا شکریہ ادا کیا۔ اور تیزی سے گیٹ کی طرف بڑھ گئی۔ رواحہ اس وقت تک ٹھہرا رہا جب تک وہ اندر نہیں چلی گئی...... اور پھر ایک گہری سانس لیتے ہوئے گاڑی آگے بڑھادی۔

☆☆☆

سجل کرسی پر بیٹھی تھی اور اس کی گود میں کوئی کتاب کھلی پڑی تھی۔ لیکن وہ کتاب نہیں پڑھ رہی تھی۔ پتا نہیں اس کا دھیان کہاں تھا اور وہ کیا سوچ رہی تھی۔ سنہری بہت دیر سے اس کے بیڈ پر اوندھی لیٹی کہنیاں تکیے پر ٹکائے اور ہاتھوں کے پیالے میں چہرہ رکھے اسے دیکھ رہی تھی۔ کچھ دیر پہلے ہی موتیا سے چھوٹی سی جھڑپ کے بعد وہ سجل کے کمرے میں آ گئی تھی جب بھی اس کی موتیا سے کوئی بات ہوتی وہ ناراض ہو کر سجل کے کمرے میں آجاتی تھی اور پھر کچھ ہی دیر بعد سب کچھ بھول کر موتیا کو پکارتی ہوئی واپس اس کے کمرے میں پہنچ جاتی تھی۔ سجل نے جب بہت دیر تک سر اٹھا کر اس کی طرف نہیں دیکھا اور یوں ہی کتاب پر نظریں گاڑے کسی گہری سوچ میں گم بیٹھی رہی تو سنہری ایک دم سیدھی ہو کر بیٹھ گئی۔

”سجو......“

سجل نے نظر اٹھا کر اس کی طرف دیکھا۔

”رات میں نے ایک خواب دیکھا...... بہت انوکھا اور خوب صورت خواب......“ اس نے آنکھیں میچ کر جیسے اس خواب کو تصور میں لانے کی کوشش کی اور پھر آنکھیں کھول کر سجل کی طرف دیکھا جو سوالیہ نظروں سے اسے دیکھ رہی تھی۔

”پتا ہے......“ اس کی آنکھیں چمک رہی تھیں۔

”میں نے خواب میں ایک گھر دیکھا...... جیسے ڈراموں میں ہوتے ہیں۔ بڑے، بڑے خوب صورت گھر...... میں ایسے ہی ایک گھر کے لان میں بیٹھی ہوں۔ لش لش کرتی سبز گھاس اور چاروں طرف خوب صورت پھول اور میں لان کے بیچوں بیچ ایک کرسی پر بیٹھی ہوں اور میری کرسی کے قریب ایک کیری کاٹ پڑا ہے اور کیری کاٹ میں ایک بہت پیاری سی بچی ہے۔ بالکل تمہارے بچپن کی کاپی...... میں بچی کو دیکھ رہی ہوں کہ ایک تین چار سال کا بچہ ماما...... ماما کہتا... دوڑتا ہوا میری طرف آتا ہے اور میں اسے باہوں میں بھر کر چوم رہی ہوں۔ اور پھر اسی وقت میری آنکھ کھل گئی...... اس خواب کی کیا تعبیر ہوگی سجو......“ اس کی آنکھوں کی چمک بڑھ گئی تھی۔ ”بتاؤ ناں...... کیا تعبیر ہوگی۔“

”خواب دیکھنے سے صحراؤں میں چشمے نہیں پھوٹ پڑتے سنہری اور نہ ہی آک کے پودوں پر گلاب اُگ آتے ہیں۔“ سجل نے تاسف سے اس کی طرف دیکھا...... سنہری نے پلکیں جھپکائیں جیسے اس کی بات سمجھنے کی کوشش کر رہی ہو...... اور پھر ہولے سے ہنسی۔

”مجھ سے اتنی...... مشکل باتیں مت کیا کرو سجو...... میں نے تو صرف اپنے خواب کی تعبیر پوچھی ہے۔“

”ایسے خوابوں کی کیا تعبیر ہوتی ہے سنہری جو ہمارے دل میں چھپی آرزوؤں کا پرتو ہوتے ہیں اور ہماری آرزوئیں......“ اس کے لبوں پر ایک مجروح سی مسکراہٹ نمودار ہوئی۔ ”ہمارے دلوں میں صرف حسرتیں بننے کے لیے جنم لیتی ہیں“ سجل کے لہجے میں عجیب سی شکستگی اور درد تھا۔

”تمہارا دل بھی شاید ایسے ہی گھر اور بچوں کی تمنا کرتا ہے اور تم اپنے خوابوں میں اسے دیکھ لیتی ہو۔“

”دفع......“ سنہری نے اپنا دایاں ہاتھ بالکل شاہجہان کے انداز میں جھٹکا۔

”کون بچوں کی ریں...... ریں...... پیں...... پیں میں زندگی خراب کرے...... میرا دل نہیں کرتا ایسی آرزوئیں...... اپنی نیند سوتی ہوں...... اپنی نیند جاگتی ہوں۔ سنہری نہیں پالتی بچوں کا کھڑاگ......“

وہ بیڈ سے نیچے اتری۔

PAKSOCIETY.COM



WWW.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY
RSPK.PAKSOCIETY.COM

''سنہری کیا سچ مچ تیرا دل نہیں چاہتا ایک ایسے گھر کا بھلے وہ اتنا خوب صورت نہ ہو لیکن ایک مکمل گھر ہو...... میاں، بیوی، بچے، تم خود ہی تو کہتی تھیں کہ......''

''لو...... وہ تو میں ایسے ہی بک، بک کرتی رہتی ہوں۔'' سنہری نے اس کی بات کاٹی اور جھک کر بیڈ کے نیچے سے اپنی چپل نکالی اور پہن کر سیدھی ہوئی تو نظریں بجل سے ملیں جو اسے ہی دیکھ رہی تھی۔ اس نے فوراً نظریں جھکا لی تھیں لیکن اس کی آنکھوں میں کچھ ایسا کرب، بے بسی، لاچاری اور تکلیف تھی کہ بجل کو لگا جیسے کسی خنجر کی تیز نوک نے اس کا دل چھولیا ہو...... بجل بے اختیار اپنی جگہ سے اٹھ کر اس کے قریب آئی اور اس کے بازو پر ہاتھ رکھا۔

''سنہری تم اماں کو بتا کیوں نہیں دیتیں کہ تم کیا چاہتی ہو؟''

''کیا چاہتی ہوں میں؟'' سنہری نے اب کے آنکھیں اٹھا کر بجل کی طرف دیکھا تو اس کی آنکھوں میں لمحہ بھر پہلے والے تاثرات نہیں تھے بلکہ اس کی آنکھیں تمسخر اڑاتی سی محسوس ہوئی تھیں۔

''میں کچھ نہیں چاہتی بجو، میں تو بس ایسے ہی وقت پاس کرنے کو باتیں کرتی رہتی ہوں...... ورنہ مجھے تو یہ سب ہی پسند ہے۔ ناچنا، گانا، ہلا، گلا اور......'' وہ مسکرائی اور بجل نے حیرانی سے سوچا۔

''پتا نہیں سنہری کی آنکھیں پل، پل رنگ کیوں بدلتی تھیں۔'' اب وہ ہنس رہی تھیں اور ان میں محبت ہی محبت تھی...... اور یہ محبت بجل کے لیے تھی۔

''لیکن مجھے پتا ہے ناں کہ تمہیں یہ سب پسند نہیں ہے...... تمہیں پڑھنا لکھنا اچھا لگتا ہے اور یہ جو میں نے خواب دیکھا تھا ناں تو تمہارے لیے تھا...... وہ کاٹ میں لیٹی ہوئی ننھی سی بچی تم تھیں اور...... میں نے ہمیشہ سوچا کہ تم غلط جگہ غلط گھر میں پیدا ہوئیں، تمہیں تو بس ایسے ہی کسی گھر میں پیدا ہونا چاہیے تھا ناں...... اور خواب تو یوں ہی الٹ پلٹ کر آتے ہیں ناں......'' وہ ہنسی تو بجل کو لگا جیسے سمندر کی موجیں یلغار کر کے آنکھوں کے کناروں تک آئی ہوں...... اس نے انہیں پیچھے دھکیل دیا لیکن وہ اپنی نمی چھوڑ گئی تھیں۔ نم آنکھوں کے ساتھ اس نے سنہری کو گلے لگالیا۔

''تم بہت اچھی ہو سنہری اور میں تم سے بہت محبت کرتی ہوں۔ پتا ہے لاہور میں وہ جو میری کلاس فیلو تھی ناں آمنہ...... اس نے ایک بار مجھ سے کہا تھا کہ مجھے ہر وقت اللہ کا شکر ادا کرنا چاہیے کہ اللہ نے مجھے ایسی پیاری سی موہنی سی صورت دی ہے بلکہ مجھ پر تو اللہ کا شکر ادا کرنا واجب ہے۔ تب میں نے سوچا تھا کہ اور کیا ہے اس موہنی صورت کے علاوہ مجھ میں جس کا میں شکر ادا کروں تو مجھے لگا تھا کہ کچھ بھی نہیں...... کیا میں اس بات پر اللہ کا شکر ادا کروں کہ میں شاہی محلے میں پیدا ہوئی اور مجھے میری ماں نے میرے باپ کا نام تک نہیں بتایا لیکن آج میں اعتراف کرتی ہوں میرے پاس شکر کرنے کے لیے اور بھی کچھ ہے...... اللہ نے مجھے تمہارے جیسی اور موتیا جیسی بہنیں دی ہیں۔''

سنہری نے حیرت سے اسے دیکھا یہ بجل تھی جو اپنے سپاٹ چہرے اور بے تاثر آنکھوں کے ساتھ اسے کوئی بے جان مجسمہ لگتی تھی...... اس کے اندر یہ نرمیاں کہاں سے اتر آئیں، کہیں دل میں تو کوئی نہیں بسالیا......'' اس نے بالکل موتیا کے سے انداز میں سوچا اور پھر خود ہی نفی میں سر ہلایا۔ ''نہیں بھلا کون ہو سکتا ہے...... ضرور اماں سے کوئی بات ہوئی ہے۔''

''چل چھوڑ یہ بتا تیرا چہرہ کیوں لٹکا ہوا ہے، کیا اماں نے......؟'' اس نے بات ادھوری چھوڑ دی۔

''ہاں، اماں نے میری بات نہیں مانی سنہری۔'' وہ بیڈ پر بیٹھ گئی اس کی آنکھوں میں وہی بے بسی، وہی لاچاری دکھائی دینے لگی جو کچھ دیر پہلے اسے سنہری کی آنکھوں میں نظر آئی تھی۔

''اماں نے موتیا سے کہا کہ بہت پڑھ لیا جتنا پڑھانا تھا پڑھا دیا۔''

''تو تم اس لیے اتنی دیر سے گہری سوچ میں ڈوبی ہوئی تھیں اور اس لیے اتنی اداس ہو......؟'' سنہری نے پوچھا۔

''نہیں......'' اس نے نفی میں سر ہلایا۔

PAKSOCIETY.COM



WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY
FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 f PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

''یہ تو مجھے پہلے ہی پتا تھا بس موتیا سے یونہی کہہ دیا تھا۔''

''تو پھر......؟'' سنہری نے اس کی آنکھوں میں جھانکتے ہوئے پوچھا۔

''کچھ نہیں...... بس ویسے ہی۔'' اس کا چہرہ پھر سپاٹ ہو گیا تھا اور آنکھیں بے تاثر لگنے لگی تھیں۔

''یونہی ایک کہانی پڑھ رہی تھی تو اسی کے ایک کردار کے متعلق سوچ رہی تھی۔''

''کیا ہمارے جیسا کردار تھا؟'' سنہری متجسس ہوئی۔

''نہیں بس ایسے ہی ایک مظلوم سا کردار تھا۔''

''اچھا...... کیا ہمارے جیسا مظلوم......؟'' سنہری نے پھر کہا۔

''کیا تم سمجھتی ہو ہم مظلوم ہیں......؟ نہیں سنہری...... مظلوم تو وہ ہوتا ہے جس پر جبر کیا گیا ہو...... لیکن ہم پر تو جبر نہیں ہے ناں...... تم، موتیا، کرن سب اپنی خوشی اور مرضی سے سب کرتی ہو ناں...... تم نے کہا تھا ناں کہ ہم نے کبھی خود کو بدلنے کی کوشش نہیں کی۔''

''تم جبر کسے کہتی ہو بجو؟'' سنہری نے اس سے پوچھا اس کی آنکھوں کا تاثر لمحہ بھر کے لیے پھر بدلا تھا۔

''ہم سب جبر کی ہی پیداوار ہیں۔ کیا تمہیں نہیں لگتا کہ ہم جیسی لڑکیاں سب مظلوم ہیں؟''

''نہیں......'' سجل نے نفی میں سر ہلایا۔

''سب نہیں...... جیسے رادھا کے چوبارے پر آنے والی وہ کم سن لڑکی...... یاد ہے ناں...... پتا نہیں کہاں سے آئی تھی وہ...... اور رادھا...... اسے مار کر نیلوں نیل کرتی تھی لیکن وہ پھر بھی رادھا کی بات نہیں مانتی تھی۔ وہ میری نظر میں مظلوم ہے اور اس جیسی سب......''

''اور یہ تمہاری کتابیں لکھنے والے تو ہمیں مظلوم ہی کہتے ہیں۔''

''نہیں کوئی ہمیں مظلوم کہتا ہے اور کوئی ظالم......'' سجل نے جواب دیا۔

''اور پتا نہیں ہم کیا ہیں ظالم یا مظلوم......؟'' سنہری زور سے ہنسی...... اور بہت دیر تک ہنستی رہی۔ سجل حیرانی سے اسے دیکھ رہی تھی اور اس کی آنکھوں سے کرب جھلکتا تھا۔

''سجو......'' ہنستے ہنستے اس نے آنکھوں کے کونوں میں آ جانے والی نمی کو انگلی کی پور سے پونچھا اور اس کی آنکھوں سے جھلکتے کرب کو محسوس کیا۔

''ایک بات سچ، سچ بتاؤ گی بجو؟''

''کیا......؟'' سجل نے نگاہیں اٹھائیں۔

''کیا تمہیں کسی نے اسیر کر لیا ہے؟'' سنہری پُرشوق نظروں سے اسے دیکھنے لگی۔

''نہیں......'' اسے سنہری کے سوال سے خوف آیا اور اس نے زبردستی لہجے میں شگفتگی کا تاثر بھرا۔ ''بھلا مجھے کس نے اسیر کرنا ہے پگلی......!''

''کیوں، کیا تمہیں کوئی اسیر نہیں کر سکتا...... یاد ہے ناں...... وہ جو ہوٹل میں تمہیں دیکھ کر ساکت ہو گیا تھا۔ مانو بے جان مجسمہ ہو...... کیا وہ تمہیں دوبارہ ملا؟''

''نہیں......'' سجل نے نفی میں سر ہلایا لیکن اس کے دل کی دھڑکنیں بے ترتیب ہو گئی تھیں۔

''کمال ہے......'' سنہری نے آنکھیں مٹکائیں۔ ''وہ اسی گھر میں تو رہتا ہے جس میں تم اماں کے ساتھ گئی تھیں...... میں نے کئی بار اسے اس گھر میں داخل ہوتے دیکھا ہے۔ ایک اور لڑکا بھی ہوتا ہے اس کے ساتھ شاید اس کا بھائی ہے، باپ، دو بیٹے اور ایک ملازم بس اتنے ہی افراد ہیں اس گھر میں......'' سنہری اسے تفصیل بتا رہی تھی جو یقیناً شاہجہان نے

PAKSOCIETY.COM



WWW.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY
RSPK.PAKSOCIETY.COM

WWW.PAKSOCIETY.COM

اسے بتائی ہوگی..... اور یہ ہفتہ بھر پہلے کی ہی تو بات تھی جب شاہجہان اسے ساتھ لے کر سڑک پار اس گھر میں گئی تھی حالانکہ اس نے شاہجہان کو منع کیا تھا۔

''ہم کیا کریں گے وہاں جا کر اماں.....''

''اب یہاں آ کر رہے ہیں تو اڑوس پڑوس سے ملنا ملانا تو رکھنا چاہیے ناں.....'' شاہجہان سادہ سے شلوار قمیص میں ملبوس ہلکے میک اپ کے ساتھ جانے کے لیے تیار کھڑی تھی اور اسے شاہجہان کی بات پر حیرت ہوئی تھی کہ پہلے تو خود ہی سب سے کہا تھا کہ آس پاس والوں سے زیادہ میل جول نہ رکھنا اور اب یہاں آتے ہی.....

''اکیلی ہی چلی جائیں ناں، میرا جانا کیا ضروری ہے؟''

''لو تم نے وہاں جا کر کیا ہل جوتنا ہے.....بس ذرا آسرے کے لیے لے جا رہی ہوں۔''

اور اس کے نہ، نہ کرنے کے باوجود شاہجہان اسے زبردستی ساتھ لے گئی تھی..... اور وہاں ان کی ملاقات ایک بے حد باوقار اور گریس فل آدمی سے ہوئی تھی جو لاؤنج میں تنہا بیٹھے اخبار پڑھ رہے تھے۔ جب وہ ایک ملازم کے ساتھ لاؤنج میں آئی تھیں تو وہ احتراماً کھڑے ہو گئے تھے۔

''آئیں پلیز ڈرائنگ روم میں چل کر بیٹھتے ہیں۔''

''ارے نہیں بھائی صاحب..... اپنا ہی گھر ہے یہاں ہی ٹھیک ہیں۔'' اس وقت شاہجہان بیگم سادہ سے کپڑوں اور بڑے سے دوپٹے میں خاصی گھریلو سی خاتون لگ رہی تھی۔

''دراصل ہم یہاں کچھ ہی دن ہوئے شفٹ ہوئے ہیں۔ یہ سڑک پار 209 نمبر میں..... سوچا پاس پڑوس سے مل آئیں..... آپ کی بیگم صاحبہ.....؟''

''وہ تو نہیں ہیں۔'' ان صاحب کی آنکھوں میں لمحہ بھر کے لیے اداسی کا تاثر ابھرا تھا۔

''ویسے آپ لوگ کہاں سے آئے ہیں؟''

''ہم لاہور سے آئے ہیں۔''

''ارے آپ لاہور سے آئی ہیں۔'' ان کے لہجے میں ایک انوکھی سی خوشی در آئی تھی۔

''ہم بھی لاہور سے ہی یہاں آئے تھے۔ آپ وہاں لاہور میں کہاں رہتی تھیں اور کیسے آنا ہوا؟''

''گلبرگ میں.....'' شاہجہان نے دھڑلے سے جھوٹ بولا تھا اور آدھے سوال کا جواب پی گئی تھی۔ اور سجل کا تعارف کروانے لگی تھیں۔

''یہ میری بیٹی ہے سجل، اس سے بڑی دو اور بیٹیاں ہیں، بیٹا کوئی نہیں.....''

''کیا کرتی ہیں آپ..... پڑھتی ہیں؟'' وہ شخص اس سے مخاطب ہوا تھا۔

''میں نے انٹر کے بعد چھوڑ دیا ہے۔'' اس نے آہستگی سے جواب دیا۔

''اسے تو پڑھنے کا بہت شوق ہے لیکن میں نے منع کر دیا..... کیا کرنا ہے دماغ کھپا کر لڑکیاں کتنا ہی پڑھ لکھ جائیں کرنا تو وہی چولھا چوکی ہے ناں!''

''آپ کی بات بھی صحیح ہے، بہن لیکن بہرحال تعلیم اچھی چیز ہے، برے بھلے کا شعور دیتی ہے، ہاں آپ نے بتایا نہیں کہ کراچی کیوں شفٹ ہوئے آپ لوگ..... آج کل تو کراچی آتے لوگ ڈرتے ہیں.....''

''کیا بتائیں بھائی صاحب..... کراچی میں میرا میکا ہے، سسرال لاہور میں، شوہر کا انتقال ہو گیا، کچھ جائداد وغیرہ کے جھگڑے ہیں اور یہاں کچھ میکے کے عزیز ہیں۔ انہی کے آسرے پر بچیوں کو لے کر چلی آئی۔ دو تین خاندانی پرانے ملازم ہیں ساتھ..... جائداد کا تصفیہ ہو گیا تو چلے جائیں گے واپس.....'' شاہجہان فراٹے سے جھوٹ پہ جھوٹ بول رہی



PAKSOCIETY.COM
WWW.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY
RSPK.PAKSOCIETY.COM

WWW.PAKSOCIETY.COM

تھی...... بیزار ہو کر اس نے نظریں لاؤنج میں دوڑائیں اور پھر فرسٹ فلور سے نیچے لاؤنج میں آتی سیڑھیوں کے پاس ریلنگ پر ہاتھ رکھے ساکت کھڑے اجنبی پر ٹھہر گئیں جو بظاہر ساکت کھڑا تھا لیکن اس کی آنکھوں سے روشنیاں نکلتی تھیں اور ان میں روح دھڑکتی محسوس ہوتی تھی۔ ان نظروں کی حدت سے اس کے رخسار تپ اٹھے اور اس کی نظریں جھک گئیں۔ شاہجہان نہ جانے کیا، کیا کہہ رہی تھی، وہ سن نہیں رہی تھی وہ تو بس نگاہیں جھکائے سوچ رہی تھی کہ یہ کیسا اتفاق ہے کہ آج تیسری بار وہ اس اجنبی کو دیکھ رہی ہے...... اور......

''ارے عظمی بیٹا وہاں کیوں کھڑے ہوگئے، ادھر آؤ ان سے ملو...... یہ مسز شاہجہان......''

ان صاحب نے بھی اسے دیکھ لیا تھا اور وہ جیسے کسی ٹرانس سے باہر آیا تھا...... اس کی آنکھوں میں حیرتوں کا ایک جہاں آباد تھا...... وہ ہولے، ہولے چلتا ہوا قریب آیا تھا اور شاہجہان سے دعائیں لے کر سامنے والے صوفے پر بیٹھ گیا تھا...... پتا نہیں ان صاحب نے کیا کہا تھا اس نے سنا نہیں تھا بس اس کا نام ذہن میں رہ گیا تھا۔ ''عظام...... وہ عظام تھا......''

اس کی نظریں بار، بار اس کی طرف اٹھتی تھیں اور اسیر کرتی تھیں۔ سنہری سچ ہی کہتی ہے کہ کہیں کسی نے اسیر تو نہیں کرلیا مجھے...... کر ہی تو لیا ہے ان خوشنما آنکھوں کے سحر نے۔'' نہ، نہ کرنے کے باوجود ان کا ملازم ٹرالی سجا کر لے آیا تھا۔ وہ زیادہ دیر وہاں نہیں بیٹھی تھیں لیکن جتنی دیر وہ وہاں بیٹھی رہیں اس نے گاہے گاہے عظام کو اپنی طرف تکتے پایا تھا اور جب بھی اس کی نظریں عظام سے ملیں اسے اپنا دل پہلو سے نکلتا محسوس ہوا تھا...... اور جب شاہجہان اٹھی تو اس نے شکر ادا کیا تھا اور گھر آتے ہی شاہجہان، ظہورے پر برس پڑی تھی۔

''یہ شیدے لبے کا دماغ سچ مچ میں چل گیا ہے کیا...... اب مت کرنا اس پر بھروسا...... بھلا اس گھر میں حیاتی داوا کا کیا کام...... باپ پروفیسر اور یونیورسٹی میں جاتے لڑکے...... عورت کوئی گھر میں نہیں پروفیسر کی بیوی مر کھپ گئی مدت ہوئی۔ خواہ مخواہ میں انیم ضائع اور مفت میں تیرہ، چودہ سو کیک پر اٹھ گئے۔''

حالانکہ ہزار تو واپس ہی مل گئے تھے۔ ان صاحب نے آتے ہوئے اس کے ہاتھ پر ہزار روپے رکھے تھے۔ ''بیٹی پہلی بار گھر آئی ہے تو خالی ہاتھ تو نہیں جائے گی۔'' شاہجہان کے انکار پر انہوں نے کہا تھا۔

''ارے مفت میں کہاں شاہجہان بیگم......'' ظہورا بھی اپنے پروں پر پانی تک نہیں پڑنے دیتا تھا۔

''آس پاس لوگوں سے تعلق رکھنے میں بڑے فائدے ہیں۔''

''لے خاک فائدے ہیں، اصلیت کھل گئی ناں کسی روز تو پھر نکلنے نہیں دیں گے یہاں تجھے یہ آس پاس والے......'' شاہجہان کا افسوس کم نہیں ہو رہا تھا شاید......

''یہ پندرھویں صدی ہے شاہجہان بیگم کوئی 1950 نہیں ہے۔ آج کل کوئی پروا نہیں کرتا کہ پڑوس میں کون آباد ہے۔''

''چل رہنے دے اپنی منطق......'' شاہجہان کا موڈ خراب تھا اور وہ تو حیران تھی، ششدر تھی اپنے دل کی کیفیات پر، اس کے سیدھے سادے نوخیز دل کے ساتھ یہ کیا واردات ہوگئی تھی۔

''ہجو......'' وہ چونک کر اسے دیکھنے لگی۔

سنہری کی نظریں جیسے اسے اندر تک کھوج رہی تھیں۔

''وہ لڑکا ہے تو بالکل ہیرو جیسا کتنا اچھا ہو، وہ تمہیں دیکھے اور پھر تمہیں دل دے دے اور پھر......''

''تم بھی کیا فضول باتیں سوچتی رہتی ہو سنہری......''

''نہیں فضول تو نہیں......'' سنہری اب بھی اس کی آنکھوں میں دیکھ رہی تھی...... اس نے نظریں جھکا لیں۔

''عورت کی اصل زندگی تو یہی ہوتی ہے ناں گھر، شوہر، بچے......''

''سنہری تم......'' اس نے سنہری کی بات پر بے حد حیرت سے اسے دیکھا اس کے لبوں پر مسکراہٹ تھی۔


WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

''نہیں......'' سنہری نے اس کی بات کاٹی۔ ''یہ میں نہیں کہہ رہی ٹی وی پر ایک ڈرامے میں سنا تھا۔ کسی کو کہتے ورنہ مجھے کیا پتا عورت کی اصل زندگی کیا ہے...... بھئی ہماری زندگی تو یہی ہے...... اور یہی ہمیں اصل لگتی ہے۔'' اس نے کندھے اچکائے۔

''اور حقیقت کو جھٹلانا کیا اتنا ہی آسان ہے جتنا سنہری سمجھتی ہے۔ اپنے آپ سے جھوٹ بولنا دوسروں سے جھوٹ بولنے کی نسبت زیادہ مشکل ہوتا ہے۔'' نجل چپ چاپ اسے دیکھے گئی وہ اس اذیت کو اپنے دل میں اترتا محسوس کررہی تھی جو سنہری کی آنکھوں میں نظر نہیں آتی تھی لیکن محسوس ہوتی تھی۔

''ویسے نجو......'' سنہری کی آنکھیں کسی خیال سے چمکیں...... اسے بات بدلنے میں ملکہ حاصل تھا۔

''اگر سچ مچ تیری اس ہیرو سے شادی ہوجائے تو......؟'' یہ کیسی لاحاصل خواہشیں دل میں پیدا ہوجاتی ہیں۔ وہ خواب جو وہ نہیں دیکھنا چاہتی تھی، سنہری اسے دکھاتی تھی...... ایسے بے تعبیر خواب سوائے اذیت کے اور کیا دے سکتے ہیں...... وہ جانتی تھی...... پر پتا نہیں کیوں سنہری......

''پھر تو تم بیگم صاحبہ بن جاؤ گی، شام میں صاحب اور بچوں کے ساتھ گاڑی میں بیٹھ کر گھومنے جاؤ گی اور کبھی جو بیچاری سنہری اور موتیا تمہاری محبت میں تم سے ملنے آئیں گی تو تمہارا موڈ خراب ہوجائے گا... اور تم گیٹ سے ہی واپس بھجوادو گی کہ بھلا شاہی محلے......'' سنہری مزے لے، لے کر کہہ رہی تھی اور نجل کو لگ رہا تھا جیسے کوئی بیدردی سے اس کے دل کو نوچ کھسوٹ رہا ہو...... دانتوں تلے ہونٹ کو سختی سے کچلتی ہوئی وہ بیڈ سے اٹھ کھڑی ہوئی اور سنہری سے رخ موڑ کر ڈریسنگ ٹیبل کے سامنے کھڑی ہوگئی...... اور اس کی طرف دیکھے بغیر بولی۔

''سنہری تمہیں تو کہانی نگار ہونا چاہیے۔ لمحوں میں کیسے کہانیاں گھڑ لیتی ہو۔''

''لو......'' سنہری زور سے ہنسی۔ ''الف، ب تو آتا نہیں کہانی کیا لکھوں گی... پھر ہمیں کیا لکھنے کی اپنی زندگی خود ہی کسی کہانی سے کم ہے کیا؟''

''چل چھوڑ دفع کر ادھر آ تجھے ایک بات بتاؤں۔'' سنہری نے دایاں ہاتھ ذرا سا اوپر کر کے جھٹکا وہی شاہجہان کا سا انداز......

''ہمیں کیا کوئی ہیرو ہو یا زیرو...... ہماری نجو خود کسی ہیروئن سے کم ہے کیا؟'' نجل ایک گہری سانس لے کر واپس بیڈ پر آکر بیٹھ گئی۔

''پتا ہے......'' سنہری اس کے قریب کھسکی۔

''اماں نے تیرے لیے دو تین بندوں سے بات کی ہے وہ جو موتیا والے صاحبزادہ صاحب ہیں ناں انہوں نے سفارش کی ہے کسی سے...... ایک بار تم ٹی وی پر آجاؤ ناں تو پھر دیکھنا کتنا نام ہوتا ہے تمہارا...... پورے ٹی وی پر تیرے جیسی کوئی نہیں ہے۔''

کچھ دیر پہلے وہ اس کے لیے کچھ اور خواب دیکھ رہی تھی اور اب کچھ اور، موتیا سچ ہی کہتی تھی ایک لمحہ وہ آسمان پر ہوتی ہے اور دوسرے لمحے زمین پر یونہی پل، پل بدلتی سنہری، نجل کو حیران کرتی تھی۔ ایک وہ تھی جو ایک ہی احساس میں گھنٹوں گھری رہتی تھی۔

''سنہری تم...... تم کیوں نہیں بن جاتیں اداکارہ میرے بجائے؟ اماں کو تو بس کسی ایک بیٹی کو اداکارہ بنانا ہے ناں......'' اس نے ملتجی نظروں سے سنہری کو دیکھا۔

''میں......؟'' سنہری اپنی طرف اشارہ کر کے ہنسنے لگی۔

''ہاں تم...... اور کیا......'' نجل نے اس کے ہاتھ تھامے......

PAKSOCIETY.COM



WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 f PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

''مجھے یقین ہے تم بہت اچھی اداکارہ بن سکتی ہو۔''
''اور تم کیا بیگم صاحبہ بنو گی یا پروفیسر......؟'' وہ پھر ہنسنے لگی تھی اور سجل کے پہلو میں جھومر سا بنا تھا۔ تب ہی موراں نے دروازہ کھولا تھا۔
''کیا بات ہے موراں......؟'' سنہری نے مڑ کر اسے دیکھا۔
''شاہجہان بیگم... سجو کو بلا رہی ہیں نیچے......''
''کیوں......؟'' سجل نے پوچھا۔
''لو مجھے کیا پتا کیوں.... شاید مہمانوں سے ملوانا ہے۔''
''ہیں، کون آیا ہے؟'' سنہری چونکی۔
''میں نے تو دیکھا نہیں ظہورا انہیں ڈرائنگ روم میں لے گیا تھا۔''
''ضرور صاحبزادہ صاحب ہوں گے۔'' سنہری نے اندازہ لگایا۔
''سجو تیار ہو کر جانا۔''
''ٹھیک ہوں ایسے ہی......'' سجل کے چہرے پر بیزاری تھی۔
''ویسے تمہیں ضرورت بھی کیا ہے تیاری کی......'' سنہری نے تنقیدی نظروں سے اسے دیکھا...... وہ سفید بے حد نفیس سی چکن کی شرٹ پہنے ہوئے تھی۔ سفید ہی ٹراؤزر تھا۔ سفید رنگ اسے بے حد پسند تھا اور اس پر جچتا بھی بہت تھا وہ جیسے سفید لباس میں دمک اٹھتی تھی۔
''تم بھی چلو ناں......'' اس نے سنہری سے کہا۔
''میں کیا کروں گی اماں نے صرف تمہیں بلوایا ہے، یوں بھی مجھے نیند آرہی ہے۔'' سنہری نے بے نیازی سے کہا اور بیڈ پر لیٹ گئی۔ سجل چند لمحے اسے دیکھتی رہی پھر کرسی پر پڑا دوپٹا اٹھا کر اچھی طرح لیتی ہوئی کمرے سے باہر نکل گئی۔

☆☆☆

کتاب پڑھتے، پڑھتے انہوں نے سامنے کلاک کی طرف دیکھا۔ دس بجنے والے تھے رواحہ ابھی تک نہیں آیا تھا۔ حالانکہ وہ صرف تھوڑی دیر کے لیے کسی دوست کی طرف جانے کا کہہ کر گیا تھا۔ عظام کو ہلکا سا فلو ہو رہا تھا اس لیے وہ گھر پر ہی تھا۔ کتاب تکیے پر اوندھی کر کے رکھتے ہوئے وہ بے چین سے ہو کر کمرے سے باہر نکل آئے۔ خدا بخش لاؤنج میں بیٹھا ٹی وی دیکھ رہا تھا۔ انہیں دیکھ کر کھڑا ہو گیا۔
''رواحہ ابھی تک نہیں آیا خدا بخش......'' پریشانی ان کے لہجے سے جھلکتی تھی۔
''ہو سکتا ہے دوست نے کھانے پر روک لیا ہو۔'' خدا بخش نے خیال ظاہر کیا۔
''اگر ایسا ہوتا تو وہ فون کر دیتا۔'' رواحہ کے لیے وہ یونہی پریشان ہو جایا کرتے تھے۔
''آپ فون کر کے پوچھ لیں ناں صاحب......''
''اوہ......ہاں......''
انہیں خود اسے فون کرنے کا خیال نہیں آیا تھا۔ آج کل یونہی ان کا ذہن الجھا ہوا سا رہتا تھا...... کئی بار سامنے کی بات بھی انہیں سمجھ میں نہیں آتی تھی۔
''خدا بخش میرے کمرے سے میرا فون لے آؤ...... بیڈ سائیڈ ٹیبل پر پڑا ہو گا۔''
وہ کمرے میں واپس جانے کے بجائے وہاں ہی لاؤنج میں بیٹھ گئے تھے۔ خدا بخش فون لے کر آیا تو انہوں نے بے چینی سے اس کا نمبر ملایا۔ رواحہ نے فوراً ہی اٹینڈ کیا۔

PAKSOCIETY.COM

WWW.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY
RSPK.PAKSOCIETY.COM

WWW.PAKSOCIETY.COM

''سوری..... بابا میں کچھ لیٹ ہوگیا..... ایک دوست کو ڈراپ کرنے ڈیفنس چلا گیا تھا۔ اب گھر کی طرف ہی آرہا ہوں۔ بس پندرہ بیس منٹ میں پہنچ رہا ہوں۔''

''ٹھیک ہے بیٹا..... '' انہوں نے فون آف کرتے ہوئے اطمینان بھری سانس لی۔

''کھانا کھا کر آئیں گے؟'' خدا بخش ان کی طرف ہی دیکھ رہا تھا۔

''نہیں..... خدا بخش وہ بس دس پندرہ منٹ میں پہنچ جائے گا۔ تم ٹیبل لگادو اور ہاں ذرا عظام کو بھی پہلے دیکھ آؤ کہیں زیادہ طبیعت خراب نہ ہوگئی ہو۔''

عظام بھی انہیں رواحہ کی طرح ہی عزیز ہوگیا تھا۔

''ٹھیک ہیں وہ صاحب، ابھی پانی دینے گیا تھا تو لیپ ٹاپ کھولے بیٹھے تھے۔'' خدا بخش بتا کر کچن کی طرف چلا گیا تو انہوں نے ٹی وی کی طرف دیکھا۔ جسے خدا بخش چلتا ہی چھوڑ کر اٹھ کھڑا ہوا تھا۔ ٹی وی کی آواز بند تھی..... شاید کوئی ڈراما تھا انہوں نے ریموٹ اٹھایا تا کہ آواز تھوڑی سی بلند کریں اور پھر جیسے ان کی نظریں ٹی وی پر ہی ٹھہر گئیں۔

''چندا..... '' ان کے لبوں سے سسکی کی طرح نکلا۔

''لیکن نہیں بھلا چندا کیسے ہوسکتی ہے..... وہ تو؟'' وہ جو کوئی بھی تھی چندا تو ہرگز نہیں تھی۔ وہ بے یقینی سے ٹی وی کی اسکرین پر نظریں جمائے ہوئے تھے۔ وہ جو لمحہ بھر پہلے تھوڑا سا رخ موڑے کھڑکی سے باہر دیکھ رہی تھی..... اب بالکل سامنے دیکھ کر کچھ کہہ رہی تھی۔ انہوں نے دل پر ہاتھ رکھتے ہوئے سر جھکالیا۔ یہ آج کل انہیں کیا ہورہا تھا کہ انہیں کسی نہ کسی چہرے پر چندا کا گمان ہونے لگتا تھا شاید ان دنوں وہ ماضی کے متعلق کچھ زیادہ سوچنے لگے تھے۔ جب، جب وہ رواحہ کے متعلق سوچتے، اسے دیکھتے تو ماضی ان کے سامنے آجاتا ورنہ پہلے تو ایسا کبھی نہیں ہوا تھا کہ انہیں کسی اور پر چندا کا گمان ہو..... شاید یہ ان کا الیوژن تھا ورنہ..... انہوں نے نظر اٹھا کر پھر ٹی وی کی طرف دیکھا۔ وہ اداکارہ اب بھی ٹی وی اسکرین پر موجود تھی، وہ اس کے ہلتے ہوئے ہونٹ دیکھ رہے تھے۔ اس کی آنکھیں اس کے ہونٹ، اس کا چہرہ کچھ بھی تو چندا سے نہیں ملتا تھا پھر پتا نہیں کیوں انہیں لگا تھا کہ..... انہوں نے ٹی وی آف کرتے ہوئے ہاتھ میں پکڑا ریموٹ صوفے پر رکھ دیا..... اس روز بھی تو ایسا ہی ہوا تھا۔ وہ رواحہ کے ساتھ شاپنگ کے لیے گئے تھے۔ اگرچہ دو تین سالوں سے رواحہ اپنی شاپنگ خود ہی کرنے لگا تھا..... اور جب اس روز اس نے انہیں اپنے ساتھ شاپنگ کے لیے چلنے کو کہا تو وہ حیران ہوئے تھے لیکن بنا کچھ کہے اس کے ساتھ شاپنگ کے لیے چلے آئے تھے۔

''ایسی کیا خاص شاپنگ تھی جو تم نے میرے ساتھ کرنی تھی..... عظمی کے ساتھ چلے جاتے۔'' فرنٹ سیٹ پر بیٹھتے ہوئے انہوں نے کہا تھا۔

''خاص ہی تو ہے بابا..... '' وہ مسکرایا تھا۔

''عظمی کو بھی ساتھ ہی لے لیتے، وہ گھر میں اکیلا کیا کرے گا.....؟''

انہیں عظام کی تنہائی کا خیال آیا تھا۔

''عظمی کی آپ فکر نہ کریں بابا..... وہ اور خدا بخش چاچا اس وقت لوڈو کھیل رہے ہیں..... اور اس وقت تک کھیلتے رہیں گے جب تک خدا بخش چاچا جیت نہ جائیں..... دوبار عظام انہیں ہرا چکا ہے۔''

وہ بھی مسکرا دیے، جانتے تھے کہ خدا بخش کو اپنے ساتھ شامل کرنے کے لیے رواحہ اکثر خدا بخش کے ساتھ لوڈو کھیلنے بیٹھ جاتا تھا اور لوڈو کھیلتے ہوئے خدا بخش کے چہرے پر جو خوشی ہوتی..... وہ رواحہ کو بہت مطمئن کرتی تھی اور اب عظام بھی اس کے ساتھ کبھی کبھار خدا بخش کے ساتھ کھیلنے بیٹھ جاتا تھا۔

''دراصل مجھے آپ کے مشورے کی ضرورت تھی؟''



PAKSOCIETY.COM
WWW.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY
RSPK.PAKSOCIETY.COM FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 f PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

''کیا کسی خاص ہستی کے لیے گفٹ لینا ہے؟'' انہوں نے اندازہ لگایا تھا۔

''جی بابا...... '' اس کی مسکراہٹ گہری ہوئی تھی۔ ''عظمی کے لیے گفٹ لینا ہے کل اس کا برتھ ڈے ہے اور میں اسے سرپرائز دینا چاہتا ہوں...... اس لیے اسے خدا بخش چاچا کے ساتھ مصروف کر دیا ہے۔'' اس نے وضاحت کی۔

''دراصل چند روز پہلے یوں ہی باتوں، باتوں میں عظام نے کہا کہ بچپن میں اس کا بڑا دل چاہتا تھا کہ اس کے پاپا اس کے لیے بھی برتھ ڈے پارٹی ارینج کریں...... وہ تالیوں کی گونج میں کیک کاٹے لیکن پاپا اتنے مصروف رہا کرتے تھے کہ انہیں کبھی میرا برتھ ڈے یاد نہیں رہا...... تو میں نے تب ہی سوچ لیا تھا کہ اس بار ہم اس کا برتھ ڈے سلیبریٹ کریں گے۔ آپ کو اس لیے بھی ساتھ لایا ہوں کہ گفٹ کے علاوہ کل شام کے لیے کسی اچھی جگہ پر بکنگ بھی کروالیں...... کیک وغیرہ کا بھی انہیں بتا دیں گے۔''

اور اس سے انہیں رواحہ پر ٹوٹ کر پیار آیا تھا...... ان کا رواحہ ایسا ہی تھا نرم دل، ہمدرد...... حالانکہ خود انہوں نے رواحہ کا برتھ ڈے بھی کوئی خاص اہتمام سے نہیں منایا تھا...... جب وہ تھوڑا سمجھدار ہوا تھا تو خود انہیں یاد دلاتا تھا کہ آج اس کا برتھ ڈے ہے اور وہ اسے کوئی گفٹ دلا دیتے، کیک لے آتے...... اور پھر جب وہ اور بڑا ہوا تو وہ اس کے یاد دلائے بغیر ہی کچھ نہ کچھ گفٹ لے آتے تھے۔ کبھی کوئی پارٹی ارینج نہیں کی، کبھی اس کے دوستوں کو گھر نہیں بلایا، بچے بہت حساس ہوتے ہیں ضرور رواحہ بھی سوچتا ہوگا کہ اگر میری ماں ہوتیں تو دھوم دھام سے یہ دن مناتیں...... میرے دوستوں کو بلاتیں......

''تم بھی عظمی کی طرح سوچتے ہوگے۔'' دل ہی دل میں تھوڑا سا نادم ہوتے ہوئے انہوں نے رواحہ کی طرف دیکھا...... ''ایسی چھوٹی چھوٹی باتوں کا خیال تو ماں ہی رکھ سکتی ہے۔''

''ارے نہیں بابا...... میں نے تو ایسا کبھی نہیں سوچا...... آپ کا گفٹ اور خدا بخش چاچا...... کی دعائیں ہی مجھے سرشار کر دیتی تھیں۔'' وہ جیسے ان کی سوچ کو سمجھ گیا تھا۔

''پھر بھی چندا ہوتی تو......'' وہ جیسے اندر سے اب بھی نادم تھے۔

''چھوڑیں بابا یہ بتائیں کون سی جگہ مناسب رہے گی؟'' رواحہ نے ان کی بات کاٹی تھی۔

''کتنے لوگ ہوں گے؟'' انہوں نے پوچھا تھا۔

''بس میں آپ خدا بخش چاچا، جواد اور عظام......'' اس نے بتایا تھا۔

''اور دوستوں کو بھی بلالو۔''

''نہیں بابا...... بس ہم خود ہی کافی ہیں۔'' وہ مسکرایا تھا۔

''دھیان رکھیے گا عظام کو پہلے سے پتا نہیں چلے اور خدا بخش چاچا کو بھی مت بتائیے گا۔ ہوسکتا ہے...... وہ جوش میں سارے سرپرائز کا بیڑا ہی غرق کر دیں۔''

وہ سر ہلا کر رہ گئے تھے، اللہ نے ان کے رواحہ کے دل میں کتنی نرمیاں اور محبتیں اتار دی تھیں، سچ میں اس کا دل محبتوں سے گندھا ہوا تھا اور پھر جب وہ عظام کے لیے گفٹ پسند کر رہے تھے تو انہیں سائڈ سے گزرتی خاتون پر چندا کا گمان ہوا تھا...... وہ تیزی سے مڑے تھے۔ خاتون شاپنگ بیگ اٹھائے گیٹ کی طرف جا رہی تھی...... اب اس کی پیٹھ ان کی طرف تھی لیکن hugo boss کی دھیمی، دھیمی سی خوشبو جیسے وہ وہاں ہی چھوڑ گئی تھی۔ چندا کو بھی hugo boss بہت پسند تھا۔ رواحہ جو کسی دوسرے کاؤنٹر پر کھڑا ٹائی پسند کر رہا تھا عین اسی وقت ٹائی لیے ان کے قریب آیا تھا۔

''بابا یہ ٹائی کیسی ہے؟''

''ہاں......'' وہ چونکے تھے، خاتون گلاس ڈور کھولتی ہوئی باہر نکل گئی تھی۔ اگر رواحہ اس وقت نہ آجاتا تو یقیناً وہ اپنے وہم کی تصدیق کے لیے اس کے پیچھے باہر تک چلے جاتے...... دل مسلسل کہہ رہا تھا یہ وہی تھی اور دماغ اس کی نفی کر رہا تھا


WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

کہ نہیں بھلا وہ کیسے......؟''

''کیا ہوا بابا؟'' رواحہ نے پوچھا تھا تو وہ بے بسی سے اس کی طرف دیکھ کر رہ گئے تھے۔ کیا بتاتے کہ وہ کس الیوژن کا شکار ہو گئے تھے۔ بچھڑ جانے والوں کے ہجر اور جدائی میں شاید ایسی ہی حالت ہو جاتی ہے اور بچھڑنے والے بھی وہ جو رگِ جاں ہوں...... زندگی سے زیادہ پیارے ہوں۔

ایک گہری سانس لے کر انہوں نے صوفے کی پشت سے ٹیک لگا لی اور کئی مناظر آنکھوں کے سامنے آنے لگے۔ ان دنوں زندگی یک دم کتنی خوب صورت ہو گئی تھی۔

''کیا دنیا واقعی اتنی خوب صورت ہے جتنی مجھے لگتی ہے چندا......!'' اس روز وہ یونیورسٹی کے لان میں نیچے گھاس پر بیٹھے تھے۔

''لگتا ہے جیسے ہر شے رقص میں ہو...... پودے، درخت، پتے، پھول سب رقصاں ہوں...... مست ہوں۔''

''ہم دنیا کو اپنے اندر کے غم اور خوشیوں کے تناظر میں دیکھتے ہیں۔ ہم خوش ہوں تو ہمیں لگتا ہے کہ دنیا بہت خوب صورت ہے...... مجھے بھی ان دنوں دنیا بہت خوب صورت لگتی ہے اس لیے کہ خوشی کی تتلیاں میرے اندر رقص کرتی ہیں۔ جب میں اداس تھی تو مجھے ہر سو تاریکی نظر آتی تھی۔'' چندا نے تجزیہ کیا تھا۔

''ہاں تم ٹھیک کہتی ہو چندا......'' انہوں نے تائید کی تھی۔

''جب بابا جان نے مجھے بتایا تھا کہ تمہارے ڈیڈی نے انکار کر دیا ہے تو میرے لیے دنیا کی ساری خوب صورتیاں بے معنی ہو گئی تھیں۔ میں سوچتا تھا میں اس رنگوں سے خالی دنیا میں جی کر کیا کروں گا...... اور زندگی میرے اندر دھیرے، دھیرے مرنے لگی تھی اور پھر جب بابا جان نے بتایا کہ تمہارے ڈیڈی مان گئے ہیں تو کتنی ہی دیر تک مجھے یقین ہی نہیں آیا اور جب یقین آیا تو ارد گرد جیسے رنگ سے بکھر گئے تھے۔

''وہ جو تیرگی تھی چہار سو وہ سمٹ گئی
وہ جو برف ٹھہری تھی روبرو
وہ جو بے دلی تھی صدف صدف
وہ جو خاک اڑتی تھی ہر طرف''

انہیں جانے کب کی پڑھی ہوئی کسی کی نظم یاد آئی تھی۔

''مگر اک نگاہ سے جل اٹھے
جو چراغ جاں تھے بجھے ہوئے''

''یہ تمہیں شاعری سے کب سے دلچسپی ہو گئی؟'' چندا ہنسی تھی لیکن وہ سنجیدہ سے اسے دیکھ رہے تھے۔

''کبھی کبھی میں اب بھی بے یقین ہونے لگتا ہوں چندا...... جیسے یہ کوئی خواب ہے اور آنکھ کھلی تو سب بکھر جائے گا...... تمہارے ڈیڈی کیسے مان گئے چندا......؟''

''میرے ڈیڈی مجھ سے بہت محبت کرتے ہیں۔'' چندا کی آنکھوں میں اپنے ڈیڈی کے لیے فخر تھا، مان تھا۔ ''ان کے لیے یہ فیصلہ کرنا...... مشکل تھا لیکن انہوں نے میری خاطر کیا کیونکہ وہ میری آنکھوں میں آنسو نہیں دیکھ سکتے تھے۔''

''اور اگر تمہارے ڈیڈی نہ مانتے تو؟'' پتا نہیں کیوں انہوں نے پوچھا تھا۔

''تو شاید زندگی میرے اندر بھی مر جاتی اور دنیا کی خوب صورتیاں میرے لیے بے معنی ہو جاتیں۔'' اس سے انہیں لگا تھا کہ جیسے وہ دنیا کے سب سے خوش نصیب شخص ہیں کہ جسے انہوں نے چاہا جس سے محبت کی وہ بھی انہیں اتنا ہی چاہتی ہے۔ ان دنوں وہ جیسے ہواؤں میں اڑ رہے تھے۔ جسے چاہا تھا اسے پانے والے تھے۔ یہ احساس اتنا خوش کن تھا کہ



WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

وہ گھنٹوں اس احساس میں گھرے بیٹھے رہتے تھے۔
باباجان نے ان کے ایگزام کے فوراً بعد شادی کا پروگرام بنایا تھا۔ چندا کے ڈیڈی کو بھی اعتراض نہیں تھا...... منگنی کا باقاعدہ فنکشن نہیں ہوا تھا کیونکہ چندا کے ڈیڈی منگنی کے قائل نہیں تھے لیکن وہ چندا کے لیے منگنی کی رِنگ خریدنا چاہتے تھے اور جب چندا کے ڈیڈی سے اجازت لے کر وہ چندا کے ساتھ جیولری شاپ سے چندا کی پسند سے رنگ لے کر باہر نکلے تھے تو اس بات سے بالکل بے خبر تھے کہ دو آنکھیں انہیں دیکھ رہی ہیں اور ان دو آنکھوں میں ان کے لیے نفرت ہے...... ایسی نفرت جو جلا کر راکھ کر دیتی ہے۔ رنگ خریدنے کے بعد انہوں نے اکٹھا لنچ کیا تھا اور یہ دن ان کی زندگی کے خوب صورت ترین دنوں میں سے ایک دن تھا...... وہ اپنی زندگی کے ان خوب صورت لمحوں کو انجوائے کر رہے تھے اور باباجان ان کی شادی کی تیاری میں مصروف تھے۔
"باباجان پہلے مجھے کوئی جاب تو مل جائے۔"
"ہو جائے گی جاب بھی...... میں تاخیر نہیں کرنا چاہتا۔" باباجان کو جلدی تھی انہوں نے پلاٹ اور آبائی گھر فروخت کر کے دس مرلے کا ایک گھر لے لیا تھا۔
"میں نہیں چاہتا کہ میری بہو کرائے کے گھر میں آئے۔" چندا کو بھی گھر بہت پسند آیا تھا اور باباجان نے چندا کے مشورے سے ہی گھر کے لیے فرنیچر خریدا تھا...... گھر کی ہر چیز چندا کے مشورے سے لی گئی تھی...... رزلٹ آنے کے بعد انہوں نے باباجان کے مشورے سے پبلک سروس کا امتحان بھی دے دیا تھا اور جس روز ان کا تقرر ایک مقامی کالج میں ہوا تھا اسی روز باباجان نے ان کی شادی کی تاریخ مقرر کر دی تھی۔
ان کی شادی کی ساری شاپنگ مونا اور اس کی امی نے کی تھی۔ باباجان نے دل کھول کر پیسے خرچ کیے تھے اور بہت دھوم دھام سے ان کی شادی کی تھی۔ چندا ان کی زندگی میں شامل ہو گئی تھی۔
چندا جو اُن کی پہلی نظر کی محبت تھی جس کو پانا ایک ایسا خواب لگتا تھا انہیں جو شاید کبھی تعبیر نہ پاتا...... لیکن انہوں نے جو خواب دیکھا تھا چندا اس کی تعبیر کی صورت ان کے سنگ، سنگ تھی۔ زندگی کا ہر لمحہ حسین ہو گیا تھا۔
ایسی ہی زندگی کا تو خواب دیکھا تھا انہوں نے اور چندا کی عمر بھر کی رفاقت کی تمنا کی تھی...اور چندا ان کی تھی کیا اس روئے زمین پر ان سے بھی زیادہ کوئی خوش نصیب شخص ہوگا...؟ وہ ماضی میں سفر کرتے چلے جا رہے تھے کہ باہر رواحہ کی گاڑی کے ہارن کی آواز نے انہیں چونکا دیا اور خدا بخش کچن سے ہاتھ پونچھتا ہوا لاؤنج میں آیا۔
"رواحہ صاحب آ گئے ہیں۔"
انہوں نے چونک کر اس کی طرف دیکھتے ہوئے سر ہلایا۔ خدا بخش لاؤنج کا دروازہ کھول کر باہر نکل گیا...... وہ بے دھیانی سے دروازے کی طرف دیکھ رہے تھے لبوں پر مدھم سی مسکراہٹ تھی اور آنکھوں میں الوہی سی چمک جیسے وہ تصور میں اب بھی چندا کے سنگ ہوں۔
رواحہ کی گاڑی کے ہارن کی آواز سن کر عظام بھی لاؤنج میں آ گیا تھا۔
"کیسے ہو عظمی بیٹا؟" وہ عظام کی طرف متوجہ ہوئے۔
"پہلے سے بہت بہتر ہوں۔" عظام دائیں طرف والے صوفے پر بیٹھ گیا۔
"لیکن مجھے تم ٹھیک نہیں لگ رہے ہو، تمہاری آنکھیں سرخ ہو رہی ہیں۔" وہ تشویش سے اسے دیکھ رہے تھے۔
"رواحہ آ گیا ہے تو اس کے ساتھ ڈاکٹر کی طرف چلے جاؤ۔ ڈاکٹر پراچہ کا کلینک بارہ بجے تک کھلا رہتا ہے۔"
"نہیں بابا معمولی فلو ہے، اس نے بہر حال اپنا سرکل تو پورا کرنا ہے اب بہت بہتر ہوں میں......" عظام نے اپنے دل میں ان کے لیے بے حد محبت محسوس کی...... رواحہ اور اس کے بابا جس طرح اس کا خیال رکھتے تھے۔ وہ اس کے لیے


WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

دل ہی دل میں ان کا ممنون رہتا تھا۔ بہت محبتیں دی تھیں انہوں نے اسے اور اُس روز جس طرح رواحہ نے اس کے لیے برتھ ڈے پارٹی ارینج کی تھی اس کی آنکھوں میں آنسو آ گئے تھے۔

''رواحہ یہ سب کیا ہے...... میں کوئی چھوٹا بچہ ہوں۔''

''زندگی میں کبھی، کبھی چھوٹا بچہ بننا چاہیے۔'' رواحہ نے اس کے کندھے تھپتھپائے تھے۔

بابا اور رواحہ نے الگ، الگ اسے گفٹ دیے تھے۔ پاپا کو اپنی بے پناہ کاروباری مصروفیات کی وجہ سے کبھی اس کے برتھ ڈے پر اسے وش کرنا یاد نہیں رہتا تھا۔

''السلام علیکم...... '' رواحہ لاؤنج میں آیا۔

''بڑی دیر لگادی۔'' عظام نے اس کی طرف دیکھا۔

''سوری...... یار کچھ دیر ہی ہو گئی۔''

''خدا بخش کھانا لگا دو۔'' انہوں نے کچن کی طرف جاتے خدا بخش سے کہا۔

''ٹیبل سیٹ ہے صاحب، بس پانچ منٹوں میں کھانا لگ جاتا ہے۔''

''سوری...... بابا...... '' رواحہ، عظام کے پاس ہی بیٹھ گیا۔

''مجھے آپ کو فون کرنے کا خیال ہی نہیں رہا آپ کو پریشانی ہوئی۔''

''کوئی بات نہیں بیٹا...... '' وہ مسکرائے...... رواحہ کی یہی باتیں تو انہیں اس کا دیوانہ بناتی تھیں۔ وہ بے حد حساس اور ہمدرد تھا۔ انہیں بھی اپنے بابا جان سے بہت محبت تھی لیکن وہ رواحہ کی طرح نہیں تھے۔ کچھ بے پرواسے تھے...... کبھی کبھار بابا جان کو بتائے بغیر ہی دوستوں کے ساتھ چلے جاتے تھے اور پھر بابا جان کو اپنے لیے پریشان دیکھ کر پشیمان ہوتے تھے لیکن رواحہ نے ایسا کبھی نہیں کیا تھا...... ذرا سی بھی دیر ہو جاتی تو فوراً فون کر دیتا تھا۔

وہ محبت پاش نظروں سے اسے دیکھنے لگے۔

رواحہ ان کی تمام عمر کا حاصل

ان کی عمر بھر کی محرومیوں......

ان کے رستے زخموں کا مرہم تھا......

''کیا بات ہے بابا... آج آپ بہت خوش لگ رہے ہیں۔'' رواحہ نے مسکراتی نظروں سے انہیں دیکھا۔

''خوش...... '' انہوں نے اپنے اندر جھانکا...... چندا کی رفاقت کی یاد نے ہی اندر چراغاں کر دیا تھا اور جب وہ ان کے ہمراہ تھی تو کیسے چراغ جلتے ہوں گے ان کے اندر اور کیسی ست رنگ روشنیاں ان سے پھوٹتی ہوں گی ان کی مسکراہٹ گہری ہوئی۔

''جن کے رواحہ اور عظام جیسے بیٹے ہوں ان کے باپ خوش ہی ہوتے ہیں۔ عظام کے پاپا بھی جب عظام کے متعلق سوچتے ہوں گے تو میری طرح خوش ہوتے ہوں گے۔''

''اس کا مطلب ہے آپ میرے متعلق سوچ رہے تھے۔'' رواحہ شوخ ہوا۔

''لیکن بابا آپ کیا سوچ رہے تھے میرے متعلق......؟''

''جب بیٹے جوان ہوں تو باپ، بیٹوں کی شادیوں کے متعلق سوچ کر خوش ہوتے ہیں۔'' خدا بخش ہاتھ میں ہاٹ پاٹ لیے کچن سے نکلا تھا۔

''خدا بخش، اللہ وہ دن جلد لائے۔'' انہوں نے مسکرا کر خدا بخش کی طرف دیکھا۔

''آجائیں صاحب...... '' وہ ہاٹ پاٹ ٹیبل پر رکھ کر مڑا...... اور رواحہ کی طرف دیکھا۔

PAKSOCIETY.COM



WWW.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY
RSPK.PAKSOCIETY.COM FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 f PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

''انشاء اللہ ہمارے رواحہ کے سر پر جلد ہی سہرا بندھے گا۔''

''لاحول ولا، خدا بخش چاچا میں سہرا ہرگز نہیں باندھوں گا۔''

رواحہ کے لبوں سے بے اختیار نکلا۔

''لو بھلا بچ کا سہرا تھوڑا ہی باندھنے کو کہہ رہا ہوں۔ بس ایک گلابوں کا ہار گلے میں ڈال دیں گے کیوں صاحب......؟''اس نے ان کی طرف دیکھا۔

''پتا تو چلے کہ دولہا ہے آخر۔''

''بالکل خدا بخش......''وہ کھڑے ہوگئے۔

''چاچا ہار کے ساتھ ایک رومال بھی ہاتھ میں لے لوں گا منہ پر رکھ لوں گا تو پکا والا دولہا لگوں گا۔''اس نے قہقہہ لگایا۔ عظام نے بغور اسے دیکھا۔ اس کی آنکھوں میں چمک تھی ابھی کچھ دیر پہلے جب وہ گھر سے نکلا تھا تو اس کی آنکھیں بجھی، بجھی سی تھیں اور اب جیسے ان بجھے چراغوں میں یک دم کسی نے امید کی روشنی بھر دی تھی...... جگر، جگر کرتی مسکراتی آنکھیں......

''لو رومال کیوں پکڑیں گے بھلا آج کل تو دیہاتوں میں بھی دولہے رومال نہیں رکھتے منہ پر۔''خدا بخش کے لہجے کی ناراضی محسوس کر کے رواحہ پھر بے اختیار ہنس پڑا تھا۔

''بہت خوش لگ رہے ہو رواحہ کیا بات ہے؟''عظام نے آہستہ سے کہا تو وہ ٹپٹا کر کھڑا ہو گیا۔

''میں ہاتھ دھو کر آتا ہوں آپ لوگ شروع کریں کھانا......''

''او کے بیٹا، تم دونوں کھانا کھاؤ میں اب آرام کروں گا۔''

''آپ کھانا نہیں کھائیں گے کیا بات ہے بابا؟''رواحہ جاتے، جاتے مڑا۔

''کچھ نہیں یار بس بھوک نہیں ہے۔''

''یہ آج کل آپ کی بھوک پیاس کیوں اکثر اڑی رہتی ہے خیریت ہے ناں...... کہیں پھر تو بیگ صاحب کی سسٹر نیک اختر......''وہ پھر شوخ ہوا تھا۔

''رواحہ......''انہوں نے اسے گھورا۔

''یہ اپنے خدا بخش چاچا سے پوچھو جنہوں نے شام کی چائے کے ساتھ زبردستی مجھے کیک کھلایا۔''

یہ الگ بات تھی کہ انہوں نے خدا بخش کے اصرار پر ذرا سا پیس ہی لیا تھا۔

''ہاں تو...... خالی سادی چائے تو سیدھی دل کو جا کے لگتی ہے......اور پھر اس روز سے کیک یونہی پڑا تھا۔ آخر کو ماسی کا پیٹ ہی بھرنا تھا اس کیک سے...... اتنی محبت اور پیار سے تو لائی تھیں وہ اور یہاں کسی نے چکھا تک نہیں......''وہ بڑبڑایا...... اسے کھانے پینے کے متعلق ایسے شکوے رہتے ہی تھے۔

''خدا بخش کھانا کھا کر مجھے ایک کپ چائے بنا دینا۔''انہوں نے خدا بخش سے کہا تو کچن کی طرف جاتے ہوئے اس نے مڑ کر ناراضی سے انہیں دیکھا۔

''بس چائے پی، پی کر جگر ساڑتے (جلاتے) رہیں۔''

''چائے کے ساتھ پھر کیک مت لے جانا چاچا صبح ماسی کو دے دینا۔ اس کے بچے کھا کر خوش ہوں گے۔''وہ ہنسا...... انہوں نے رواحہ کی طرف دیکھا اس کی ہنسی میں بے ساختگی تھی اور آنکھوں میں وہی پرانی چمک تو وہ اس غم سے باہر نکل آیا تھا جس میں وہ پچھلے کئی دنوں سے گھرا ہوا تھا۔ انہوں نے پھر اس روز کے بعد رواحہ سے اس موضوع پر کوئی بات نہیں کی تھی وہ چاہتے تھے کہ وہ خود ہی دکھ کے اس فیز سے باہر نکل آئے اور وہ نکل آیا تھا۔ اس کی طرف سے مطمئن ہو کر اور دل ہی دل میں اس کی دائمی خوشیوں کی دعا کرتے ہوئے وہ اپنے کمرے میں آ گئے...... اندر اب بھی چراغ ٹمٹماتے تھے



WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

اور وہ چندا کے ساتھ گزرے ایک، ایک لمحے کو یاد کر کے ایک بار پھر وہی خوشی محسوس کرنا چاہتے تھے...... آج ایک رات اور ماضی کی نذر ہونے والی تھی۔

رواحہ بھی مسکراتا ہوا چلا گیا تھا اور عظام کی آنکھوں کے سامنے بار، بار وہ منظر آ رہا تھا جب وہ اپنے کمرے سے نکل کر نیچے لاؤنج میں آیا تھا...... نجل ان کے گھر کے لاؤنج میں بیٹھی تھی اس کا چہرہ ویسا ہی تھا سپاٹ اور آنکھوں سے بیزاری جھلکتی تھی۔ وہ سیڑھیوں کے پاس مبہوت سا کھڑا اسے دیکھ رہا تھا۔

پتا نہیں وہ کون تھی۔ شاید رواحہ کی کوئی عزیزہ لیکن اس نے تو کبھی کسی عزیز، رشتے دار کا ذکر تو نہیں کیا تھا...... شاید کوئی ملنے والے ہوں۔ وہ جیسے سحر زدہ سا ہو گیا تھا۔

''ارے یار تم ابھی تک یہاں ہی بیٹھے ہو۔''

رواحہ ہاتھ دھو کر آ گیا تھا۔

وہ چونک کر کھڑا ہو گیا۔ فلو کی وجہ سے اس کا بھی کچھ کھانے کو جی نہیں چاہ رہا تھا لیکن خدا بخش کی ناراضی کے خیال سے اٹھ کھڑا ہوا۔

''ہاں تو خدا بخش چاچا وہ خاتون پھر تشریف نہیں لائیں۔ افسوس میری ملاقات نہیں ہو سکی۔'' رواحہ کرسی کھینچ کر بیٹھا۔

''ارے کیوں آنا تھا بھلا' یہاں سب چھڑے چھانٹ ان کا کیا کام اِدھر...... اس روز تو غلط فہمی میں چلی آئی تھیں۔'' خدا بخش نے پانی کی بوتل ٹیبل پر رکھی۔

''سچ پوچھیں تو مجھے کچھ اچھی نہیں لگی تھیں وہ، بڑی بناوٹی سی تھیں۔''

''یہ بناوٹی کیا ہوتا ہے چاچا؟'' رواحہ کے لبوں پر شرارتی سی مسکراہٹ نمودار ہوئی۔

''ایسے ہی بن، بن کر بول رہی تھیں۔''

''اس روز تو ان کی صاحبزادی کی آپ خود ہی بڑی تعریف کیے جا رہے تھے۔''

''ہاں تو صاحبزادی تو ٹھیک ہی تھیں۔ خاموش طبع سی۔''

''تو ایسا کریں چاچا کسی روز آپ بھی کچھ فروٹ کیک وغیرہ لے جائیں ان کے گھر۔''

''کاہے کو لے جائیں، ہم نے کوئی نائی بھیجا تھا کہ اِدھر کیک لے کر آ جائیں...... اور پھر اتنی خاطر تواضع کر دی تھی...... ہو گیا کیک کا بدلا...... خدا جھوٹ نہ بلوائے تو بیگم صاحبہ نے نگٹس کی پوری پلیٹ خالی کر دی تھی۔ آٹھ دس تو تھے ہی...... اور باقی چیزیں علاوہ...... دو تین سموسیاں اور......''

''توبہ، توبہ خدا بخش چاچا آپ مہمانوں کے کھانے پینے پر نظر رکھتے ہیں!''

''میں کیوں نظر رکھنے لگا۔'' اس نے برا سا منہ بنایا۔ ''وہ تو ٹرالی کچن میں لایا تو برتن سنبھالتے ہوئے دیکھا...... نگٹس کی ڈش خالی تھی۔''

''آپ بھی آ جائیں چاچا...... ساتھ ہی کھا لیں۔'' خدا بخش واپس جانے لگا تو رواحہ نے کہا۔

''نہیں بچوں آپ کھاؤ......'' خدا بخش کی آنکھیں ہمیشہ ہی اس عزت افزائی پر نم ہو جاتی تھیں۔ کبھی خاص موقعوں پر ان کے اصرار پر ساتھ بیٹھ جاتا لیکن زیادہ تر وہ کچن میں ہی کھاتا تھا۔ وہاں وہ زیادہ ایزی محسوس کرتا تھا۔ انہیں کھاتے دیکھ کر وہ مطمئن سا کچن میں چلا گیا تو عظام نے کھوجتی نظروں سے اسے دیکھا۔

''آج بہت چہک رہے ہو روی' بہت دنوں بعد میں نے تمہیں اس موڈ میں دیکھا ہے۔''

''ہاں شاید یہ اس کا اعجاز ہے۔''

''کس کا......؟'' عظام کی سوالیہ نظریں اس پر ٹکی تھیں۔



WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY
FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1
PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

متعلق صرف اتنا ہی جان سکا ہے کہ وہ اس خاتون کی سب سے چھوٹی بیٹی ہے اور اس کے والد کا انتقال ہو چکا ہے۔

''کیا محبت اتنی ہی سحر انگیز ہوتی ہے روحی کہ محبوب کو محض ایک نظر دیکھ کر ہی اندر پھول کھل اٹھتے ہیں۔'' اس نے رواحہ کی مسکراتی جگر جگر کرتی آنکھوں کو دیکھا۔

رواحہ اس کی بات سمجھ کر مسکرایا۔

''ہاں یار عظمی، یہ محبت اتنی ہی سحر انگیز ہوتی ہے۔ میں نے صرف اسے دیکھا۔ اس کے لہجے کی نرمی...... اس کی ممنون نظریں...... میں نہیں جانتا کہ میں اسے پاسکوں گا یا نہیں...... پھر بھی اندر امید کی ایک لو سی جل اٹھی ہے۔ ننھی سی لو...... لیکن اندھیرے کو ختم کرتی اور مارتی ہوئی......''

''لیکن امید کی یہ لو جلانے کے لیے بھی تو کوئی بیرونی عوامل ہوتے ہوں گے۔'' اس کے پاس تو ایسا کچھ نہیں تھا وہ کتنا بھی اس لو کو جلانے کی کوشش کرتا وہ جلتی بھڑکتی اور بجھ جاتی تھی۔

یک دم رواحہ کی نظر عظام کی پلیٹ پر پڑی۔ اس نے جو ذرا سا سالن ڈالا تھا وہ ایسے ہی تھا اور روٹی بھی یوں ہی پلیٹ میں رکھی ہوئی تھی۔ صرف ایک نوالہ توڑا گیا تھا۔

''عظمی تم کچھ کھا نہیں رہے۔''

''ہاں......'' وہ چونک کر پلیٹ کی طرف متوجہ ہو گیا۔

رواحہ اسے کھوجتی نظروں سے دیکھ رہا تھا۔

وہ بہت دنوں سے کھویا کھویا سا تھا۔

''خیر کبھی تو کھلے گا میرا دوست......'' وہ مسکرا کر اپنی پلیٹ پر جھک گیا۔

☆☆☆

وہ سیل فون ہاتھ میں لیے اسکرین پر چمکتے نبیل احمد کے نام کو دیکھ رہا تھا۔ بیل ایک بار بند ہو کر پھر دوبارہ ہونے لگی تھی۔ یوں ہی وقفے وقفے سے دو تین بار بیل ہوئی لیکن اس نے فون اٹینڈ نہیں کیا تھا۔ کچھ دیر بعد بیل ہونا بند ہو گئی تو اس نے اِک گہری سانس لے کر اپنے فون سے وہ سم نکال دی جس کا نمبر نبیل احمد کے پاس تھا۔ اسے اب نبیل احمد سے رابطہ نہیں رکھنا تھا۔ پچھلے ایک ہفتے سے اس کے مسلسل فون اور میسجز آ رہے تھے کہ اس کے ابو اور اس کے دادا جان اس سے بات کرنا چاہتے ہیں...... پلیز فون پک کر لیں ابو آپ کا شکریہ ادا کرنا چاہتے ہیں...... لیکن نہ تو اس نے اس کی کوئی کال اٹینڈ کی تھی اور نہ ہی اس کے کسی میسج کا جواب دیا تھا۔ حالانکہ کئی بار اس کا جی چاہا تھا کہ وہ بڑے ماموں منصور احمد کے مزید حالات دریافت کر لے...... نبیل احمد نے بتایا تو تھا کہ اس کے والد کے تایا کی ذہنی حالت ٹھیک نہیں ہے۔ پتا نہیں ان کے بیٹے شادی شدہ تھے یا نہیں...... اگر شادی شدہ تھے تو ان کی اولاد ہے بھی یا بڑے ماموں اکیلے رہ گئے ہیں لیکن وہ نبیل احمد سے بات نہیں کرنا چاہتا تھا۔ نبیل احمد سے بات کرنے کا مطلب تھا کہ اسے اس کے والد اور دادا سے بھی بات کرنی پڑتی اور وہ نہیں کرنا چاہتا تھا۔

''کیا یہ مکافاتِ عمل ہے......؟ ماموؤں نے جو کچھ میرے ساتھ کیا تھا یہ اس کی وجہ سے ہے؟'' ایک لمحے کے لیے اس کے دل میں خیال آیا لیکن دوسرے ہی لمحے اس نے اس خیال کو جھٹک دیا۔

''میں بھلا کہاں کا ایسا برگزیدہ بندہ ہوں جو میری وجہ سے۔'' اس نے ایک جھرجھری سی لی۔

وہ جو کچھ بھی تھا لیکن بااختیار ہونے کے باوجود وہ ماموؤں کے پاس اپنا حق لینے نہیں گیا تھا۔ جلیل خان کے کہنے کے باوجود اس نے اپنا معاملہ اللہ پر چھوڑ دیا تھا اور اللہ نے کیسے...... ہاں اپنے دوسرے معاملات میں اس نے اللہ پر بھروسا نہیں کیا تھا بلکہ جلیل خان کو ہی سب کچھ سمجھ لیا تھا۔ اپنا مسیحا، اپنا مددگار...... اور اسی کے بتائے راستے پر چلنے لگا تھا۔



PAKSOCIETY.COM
WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

فرحی نے اس سے بحث کرنا چھوڑ دی تھی۔ لیکن کبھی، کبھی شاکی نظروں سے اسے دیکھتی تھی اور وہ اس کی شاکی نظروں سے نگاہیں چرا لیتا تھا۔ فرحی کچھ کہتی نہیں تھی لیکن وہ جانتا تھا وہ اس کی اس زندگی سے خوش نہیں ہے۔ اسے اس کا جلیل خان کے ساتھ کام کرنا پسند نہیں ہے۔ اسے یہ بھی برا لگتا ہے جب جلیل خان کے ساتھی اسے دادا کہہ کر بلاتے ہیں لیکن اسے خود برا نہیں لگتا تھا۔ جب سے اس کے نام کے ساتھ دادا کا اضافہ ہوا تھا وہ اپنے اندر بڑی تقویت محسوس کرتا تھا جیسے وہ بہت مضبوط ہو گیا ہو اور اب کوئی اس کا کچھ نہیں بگاڑ سکتا ہے...... وہ جلیل خان کے ساتھ اپنی اس زندگی سے مطمئن تھا جو اس کی من چاہی نہیں تھی لیکن فرح اکثر بہت بے چین اور مضطرب ہو جاتی...... وہ جب جلیل خان کے ساتھ لاہور ہوتا تب بھی ہفتے میں ایک چکر ضرور لگاتا اور کبھی کبھی، کئی ہفتے وہ خانیوال میں ہی رہتا...... اور کبھی پندرہ، پندرہ دن خانیوال آنہ پاتا...... ایسے میں اس کے آنے پر فرحی بہت مضطرب اور بے چین نظر آتی تھی اور اس کے آنے کے بعد بھی کئی دن تک بے چین رہتی...... وہ بہت کم سوال کرتی تھی لیکن وہ اس کی آنکھوں میں مچلتے سوال پڑھ سکتا تھا۔ جانتا تھا کہ وہ اس کے زیادہ دن نہ آنے پر کیوں پریشان ہو جاتی ہے...... وہ خوف زدہ رہتی تھی کہ کہیں اسے کچھ ہو نہ جائے اور ایک بار اس کا یہ خوف اور خدشہ سچ ہو گیا...... سرحد پار کرتے ہوئے رینجرز کی گولی سے اس کا دایاں کندھا زخمی ہو گیا تھا۔ گو ہڈی بچ گئی تھی اور گولی گوشت پھاڑتی ہوئی نکل گئی تھی پھر بھی خون کافی بہہ گیا تھا اور جلیل خان کے اصرار پر وہ آرام کرنے کے لیے خانیوال چلا آیا تھا۔

"اب مہینہ بھر ریسٹ کرو ثمر حیات...... سو اور باتیں ہیں ناں یہاں اور میری بیٹی بھی خوش ہو جائے گی۔ اکیلے رہتے رہتے گھبرا جاتی ہے۔" ہمیشہ کی طرح فرحی نے اس کے اتنے دن بعد آنے پر اس پر ایک شاکی نظر ڈالی تھی اور پھر کندھے کے زخم کا سن کر لمحہ بھر کو تو وہ شاکڈ سی بیٹھی رہ گئی تھی اور پھر دلگرفتگی سے بولی تھی۔

"کبھی تم نے سوچا ہے ثمر اس طرح کے لوگوں کا انجام کیا ہوتا ہے؟"

"جانتا ہوں، شہباز کی طرح کسی روز زخمی ہو کر آنے کے بجائے شاید لاش کی صورت میں تم تک آؤں تو مرنا تو ہے ہی ایک دن۔" اس نے بے پروائی سے کہا تھا اور اپنے کندھے کی ڈریسنگ دیکھنے لگا تھا۔

"ثمر......" بہت سارے دنوں کے بعد فرحی کے لبوں پر شکوہ آیا تھا۔ "تم ایسے تو نہیں تھے اتنے سخت دل، اتنے پتھر، تم تو بہت نرم تھے، ریشم کی طرح نرم......"

"حالات آدمی کو ریشم سے پتھر میں تبدیل کر دیتے ہیں فرحی...... میں بھول گیا ہوں کہ میں کبھی ریشم تھا، مجھے لگتا ہے جیسے میں تو صدیوں سے ایسا ہی تھا پتھر...... مجھے اسی کام کے لیے تخلیق کیا گیا ہے، جو میں کر رہا ہوں۔"

"نہیں ثمر تم پتھر نہیں ہو...... تمہارے دل میں آج بھی وہی نرمیاں ہیں...... اور تم اسمگلر بننے کے لیے تخلیق نہیں کیے گئے تھے ثمر، تم نے ماسٹر کیا تھا...... یہ کام تمہیں زیب نہیں دیتا...... ثمر چھوڑ دو یہ سب کچھ، آؤ ہم مل کر پھر سے زندگی کو شروع کریں۔ یہاں سے دور کہیں کسی اور جگہ...... کسی چھوٹے سے شہر یا کسی گاؤں میں ہم روکھی سوکھی کھا لیں گے۔ اچھی نوکری نہ ملی تو مزدوری کر لیں گے لیکن یہ ہر وقت سر پر لٹکتی تلوار والی یہ زندگی...... ثمر پلیز اس زندگی کو خیر باد کہہ دو...... تم کیا جانو تمہارے جانے کے بعد کیسے ایک، ایک پل مشکل گزرتا ہے میرا ڈر، وسوسے، خوف...... یہ سب مجھے مار ڈالیں گے ثمر......" اس کی آنکھیں نم ہو گئی تھیں۔ وہ بارہ سال بعد آج پھر اسے یہ زندگی چھوڑنے کو کہہ رہی تھی۔ وہ چپ چاپ اس کی نم آنکھوں کو دیکھتا رہا اور پھر نرمی سے اس کے بازو پر ہاتھ رکھا۔

"اس زندگی کا انتخاب ہم نے خود نہیں کیا...... ہمیں اس زندگی کی طرف دھکیلا گیا ہے۔"

"نہیں ثمر...... انتخاب کا حق بہرحال ہمارے پاس تھا۔ لیکن ہم نے اللہ پر بھروسا نہیں کیا...... بلکہ اللہ کے بجائے جلیل خان پر بھروسا کیا...... ہم صبر کرنے والوں میں سے نہیں تھے ثمر...... ہم نے جلیل خان کو اپنا مسیحا سمجھا۔" فرحی نے نم


WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

آنکھوں سے اسے دیکھا۔

"تو اور کیا کرتے؟ ہم کہاں جاتے؟ کون تھا ہمارا...... ہمیں بے قصور سزا ملی فرحی...... ہمارے ساتھ جو ہوا ہم کیا اس کے مستحق تھے؟ ہم نے ایسا کیا، کیا تھا جس کی اتنی بڑی سزا ملی ہمیں۔ ابا، اماں، گھر سب چھن گئے۔"

ان دنوں وہ یوں ہی خفا، خفا اور ناراض رہتا تھا اپنے آپ سے اپنے اللہ سے۔

"تم بے قصور تھے ثمر حیات لیکن میں نے تو قصور کیا تھا ناں...... اپنے ممی، ڈیڈی کا مان اور بھروسا توڑا اور گھر کی دہلیز پار کرلی...... بغیر سوچے سمجھے......"

"لیکن تمہیں اپنی غلطی کا احساس بھی تو ہوگیا تھا پھر...... پھر کیوں کیا اللہ نے ہمارے ساتھ ایسا؟ کیوں ہمیں سزا دی۔"

"اللہ نے ہمیں آزمایا تھا ثمر...... یہ ہماری آزمائش تھی لیکن ہم اس آزمائش پر پورے نہیں اترے...... فیل ہوگئے...... اللہ ہمیں تکلیف دے کر آزماتا ہے ثمر کہ ہم اس تکلیف پر صبر کرتے ہیں یا نہیں اور پھر صبر کرنے والوں کے لیے وہ بہترین اجر کا بھی کہتا ہے لیکن ہم نے صبر کرنے کے بجائے اس کے بندے کو اپنا سب کچھ جان لیا...... اپنا محافظ، رازق بندوں کو سمجھ لیا۔ ہمیں اللہ پر یقین رکھنا چاہیے تھا۔ وہ تو جانتا تھا ناں سب...... وہ ضرور ہمیں اس مشکل سے نکالتا لیکن ہم نے اللہ پر یقین نہیں کیا اور شیطان کے بہکاوے میں آگئے اور اللہ کو ناراض کردیا۔" وہ رونے لگی۔

"ہم اس پر بھروسا تو کرتے...... وہ ہماری زندگی میں ضرور آسانیاں پیدا کرتا...... بارہ سال ہوگئے ثمر اللہ نے ہمیں اولاد کی نعمت نہیں دی۔"

"بہت سارے لوگوں کی اولاد نہیں ہوتی فرحی...... تو کیا اللہ ان سب سے ناراض ہوتا ہے اس لیے وہ محروم رہتے ہیں؟" اسے فرحی کا رونا بے چین کررہا تھا۔

"مجھے دوسروں کا نہیں پتا ثمر لیکن ہم نے اللہ کو ناراض کیا ہے...... صبر نہ کرکے اس پر بھروسا نہ کرکے اور میں نے تو ممی، ڈیڈی کا دل بھی دکھایا ہے۔ پتا نہیں وہ مجھے کتنا یاد کرتی ہوں گی۔ وہ مجھ سے بہت محبت کرتی تھیں۔ آپی سے بھی زیادہ...... اور ڈیڈی...... کی میں کتنی لاڈلی تھی۔ جان تھی ان کی مجھ میں، وہ ہمیشہ مجھے نٹ کھٹ کہا کرتے تھے اور جب انہوں نے آخری سانسیں لی ہوں گی تو کیا انہوں نے مجھے دیکھنے کی چاہ نہیں کی ہوگی اور میں کتنی بدنصیب ہوں کہ ان سے معافی بھی نہ مانگ سکی اور وہ مجھ سے ناراض ہی دنیا سے چلے گئے۔" وہ زاروقطار رونے لگی۔

"کیا مطلب......؟" وہ حیران ہوا تھا۔

"ممی، ڈیڈی دونوں ہی اس دنیا میں نہیں رہے ثمر...... میں نے ایک روز گھر فون کیا تھا کسی ملازم نے اٹھایا تھا۔ اس نے بتایا کہ ممی دو سال پہلے اور ڈیڈی چار ماہ پہلے......" وہ اونچا، اونچا رونے لگی۔

"میں نے تب کسی کا نہیں سوچا تھا ثمر...... ممی، ڈیڈی، آپی، بھائی کسی کا بھی نہیں اور دیکھو اللہ نے مجھے اولاد نہیں دی۔"

"ایسا نہیں ہے فرحی......" اس نے اسے گلے لگا کر تسلی دی تھی لیکن وہ روئے چلی جارہی تھی۔

"ان بیتے دنوں میں، میں نے ہر روز اللہ سے معافی مانگی ہے۔ رو، رو کر گڑگڑا کر لیکن اللہ میری نہیں سنتا...... میری توبہ قبول نہیں کرتا ثمر...... ہم بے صبرے تھے۔ ہم نے سوچا تھا ناں کہ ہم خود ہی سب کچھ ٹھیک کرلیں گے لیکن ہم خود کیسے سب ٹھیک کرسکتے ہیں...... تم اب بھی چھوڑ دو یہ زندگی ثمر اللہ پر بھروسا کرو، توبہ کرلو...... معافی مانگ لو۔"

"کرلوں گا توبہ...... مانگ لوں گا معافی......" وہ ہولے، ہولے اسے تھپکنے لگا تھا۔ اس کا رونا اس سے دیکھا نہیں جارہا تھا۔

PAKSOCIETY.COM



WWW.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
RSPK.PAKSOCIETY.COM PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

بڑی دیر بعد وہ سنبھلی تھی۔
''وعدہ کرو ثمر اگر اللہ نے ہمیں اولاد دی تو تم جلیل خان کا ساتھ چھوڑ دو گے۔'' اس نے وعدہ کر لیا تھا۔
''ہاں اگر اللہ نے ہمیں اولاد دی تو میں یہ زندگی چھوڑ دوں گا۔''
''ہم اپنے بچوں کو یہ زندگی نہیں دیں گے ثمر خوف والی زندگی...... میں نہیں چاہتی کہ ہمارے بچے کسی اسمگلر کی اولاد کہلائیں۔'' وہ چپ چاپ اس کی باتیں سنتا رہا۔ بڑے دنوں بعد اس کے خوابوں نے اس کی آنکھوں میں رنگ بکھیرے تھے اور ان رنگوں سے امید کی جو روشنی پھوٹی تھی اس نے اس سے نظریں چرا لیں۔ وہ اس کے خوابوں کا شریک بن گیا۔ وہ یہ کہہ کر اس کا دل نہیں توڑنا چاہتا تھا کہ اگر بارہ سال اولاد نہیں ہوئی تو بھلا اب کہاں...... لیکن وہ پُر امید تھی۔
''تم سچے دل سے اللہ سے معافی مانگو گے تو اللہ ضرور معاف کر دے گا۔'' اسے اللہ پر یقین تھا اور اللہ نے اس کا یقین نہیں توڑا...... ان کی توبہ قبول ہوگئی اور اللہ نے انہیں اولاد کی خوشخبری سے نوازا۔

وہ اس روز ہانگ کانگ میں جلیل خان کے ساتھ اس کے فلیٹ میں بیٹھا ہوا تھا جب فرحی کا فون آیا تھا اس کی آواز میں چہکار تھی۔
''تمہیں اپنا وعدہ یاد ہے ناں ثمر......؟''
''کون سا وعدہ؟'' اس وقت اس کے ذہن میں دو سال پہلے کیے گئے وعدے کا خیال تک نہیں تھا۔
''تم نے وعدہ کیا تھا ثمر کہ اگر اللہ نے ہمیں اولاد دی تو تم یہ زندگی چھوڑ دو گے؟'' اس نے یاد دلایا ہے۔
''ہاں...... تو......؟'' اس نے یاد کرنے کی کوشش کی۔
''تو اللہ نے ہماری توبہ قبول کر لی، ہمیں معاف کر دیا ثمر......''
وہ اتنی دور بیٹھا بھی اس کے لہجے سے جھلکتی خوشی کو محسوس کر سکتا تھا۔
''کیا مطلب...... کیا......؟'' اس کی آواز قدرے بلند ہوئی تھی۔ فاصلے پر بیٹھا جلیل خان اسے چونک کر دیکھنے لگا تھا۔
''ہاں ثمر اللہ نے ہمیں......'' اس کی آواز بھرا گئی تھی اور اس نے بات ادھوری چھوڑ دی تھی اور اسے بات مکمل کرنے کی ضرورت بھی نہیں تھی۔ وہ سمجھ گیا تھا۔
''سچ...... فرحی...... ایک بار پھر کہو...... کہیں میرے کانوں نے غلط تو نہیں سنا۔''
''نہیں......'' فرحی کی آواز بوجھل تھی۔
''میں چاہتی تھی یہ خوشخبری تمہیں فون پر نہ سناؤں ثمر بلکہ جب تم آؤ تو تب لیکن تم نے اتنے دن لگا دیے۔'' اب اس کی آواز میں ناز بھرا شکوہ تھا۔
''سوری...... فرحی بس یہاں کوئی کام اٹک گیا ہے، اس لیے واپسی میں دیر ہو رہی ہے لیکن میں جلد آنے کی کوشش کروں گا تم اپنا بہت خیال رکھنا اور باقاعدگی سے ڈاکٹر سے چیک اپ کرواتی رہنا۔''
''اور تمہارا وعدہ...... تم......''
''ایسا ہی ہوگا فرحی جیسا تم چاہو گی بے فکر رہو۔'' اس نے اسے بہت ساری ہدایات دے کر فون بند کیا تھا لیکن خود کتنی ہی دیر بے یقین سا بیٹھا رہا...... اسے یقین نہیں آ رہا تھا کہ چودہ سال بعد...... اللہ ان پر مہربان ہو گیا تھا...... فرحی سچ ہی کہتی تھی کہ انہوں نے صبر نہیں کیا تھا اور اللہ نے انہیں چھوڑ دیا تھا۔ وہ جب آ رہا تھا تو فرحی کی طبیعت خراب تھی، چکر آ رہے تھے اسے اور وہ اسے ڈاکٹر کی طرف جانے کی تاکید کر کے آیا تھا۔ جلیل خان ...... سوالیہ نظروں سے اسے دیکھ رہا تھا لیکن اس کی آنکھیں نم ہو رہی تھیں۔ وہ اللہ کا شکر ادا کرنا چاہتا تھا لیکن جلیل خان کی نظروں میں اب تشویش بھی شامل

PAKSOCIETY.COM



WWW.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY
RSPK.PAKSOCIETY.COM

WWW.PAKSOCIETY.COM

ہو گئی تھی۔

''کیا بات ہے ثمر حیات...... فرحی بیٹی تو ٹھیک ہے ناں......؟''

''ہاں......'' اس نے سر ہلایا تھا اور پھر اپنی نم آنکھیں پونچھتے ہوئے جلیل خان سے سب کچھ کہہ دیا۔ فرحی کی خواہش، اپنا وعدہ......اور جلیل خان لمحہ بھر سوچنے کے بعد مسکرایا تھا۔

''ٹھیک ہے ثمر حیات، فرحی مجھے بھی کچھ کم عزیز نہیں ہے۔ بیٹی ہے میری۔'' جلیل خان نے روکا نہیں تھا منع نہیں کیا تھا بلکہ فراخدلی سے اجازت دے دی تھی کہ بچے کی پیدائش کے بعد جیسے چاہے زندگی گزارے۔ اس نے فرحی کی خواہش کا احترام کیا تھا۔ ان کے لیے جلیل خان کے دل میں بہرحال ایک نرم گوشہ تھا اگر اس کے اختیار میں ہوتا تو وہ اڑ کر فرحی کے پاس پہنچ جاتا لیکن یہاں جلیل خان کا ایک کام پھنسا ہوا تھا اور وہ اتنا احسان فراموش ہرگز نہیں تھا کہ جلیل خان کو اکیلا چھوڑ کر چلا جاتا گو جلیل خان نے اسے رکنے کے لیے نہیں کہا تھا۔ دراصل جلیل خان نے کچھ گولڈ کا سودا کیا تھا اور خاصی بڑی رقم پھنسا بیٹھا تھا۔ اب نہ وہ پارٹی رقم دے رہی تھی نہ مال...... اس سودے میں جلیل خان کے ساتھ وہ بھی شامل تھا۔ اس لیے اسے مناسب نہیں لگا تھا کہ وہ جلیل خان کو معاملہ سنبھالنے کے لیے اکیلا چھوڑ جائے تاہم وہ تقریباً ہر روز فرحی کو فون کرتا...... اسے تسلی دیتا اور اپنا بہت خیال رکھنے کو کہتا...... معاملہ سیٹ ہوتے ہوتے وقت لگ گیا......اور یوں خلافِ توقع ہانگ کانگ میں اسے کئی مہینے لگ گئے اور جب وہ واپس آیا تو لاہور میں رکے بغیر سیدھا خانیوال چلا آیا تھا...... فرحی بہت خوش تھی...... اس کی صحت پہلے کے مقابلے میں بہت اچھی ہو گئی تھی اور چہرے سے ممتا کا جو نور جھلکتا تھا اس نے اسے مبہوت کر دیا تھا۔ کتنے سالوں بعد وہ دل سے ہنسا تھا، اس کے لبوں پر سچی مسکراہٹ نمودار ہوئی تھی اور وہ خوشی سے لبریز دل لیے فرحی کو والہانہ نظروں سے دیکھتا رہا اور اس خوشی میں اس وقت اور اضافہ ہو گیا تھا جب فرحی نے بتایا تھا کہ وہ جڑواں بچوں کی ماں بننے والی ہے۔

''کیا واقعی......؟'' اسے یقین نہیں آیا تھا۔

''میں جب پہلی بار ڈاکٹر کے پاس گئی تھی تو اس نے پوچھا تھا کہ کیا ہمارے خاندان میں کسی کے جڑواں بچے بھی ہیں اور جب میں نے بتایا کہ میرا بھائی اور بہن دونوں جڑواں ہیں تب ڈاکٹر نے کہا تھا۔ ہوسکتا ہے کہ آپ بھی اپنی والدہ کی طرح جڑواں بچوں کی ماں بنیں۔'' اور اس رات دونوں گھنٹوں بیٹھے باتیں کرتے رہے تھے۔ دونوں ایک دوسرے کو آرام کرنے کے لیے کہتے اور پھر کوئی نہ کوئی بات شروع کر دیتے تھے۔

''اگر اماں زندہ ہوتیں تو وہ بہت خوش ہوتیں۔ انہیں بہت شوق تھا کہ میری شادی ہو، بچے ہوں، میں اکلوتا تھا ناں اور اماں کو بہت چاہ تھی کہ میرے کم از کم تین چار بچے ہوں۔'' وہ افسردگی سے ہنسا تھا۔

نہ فرحی کے والدین زندہ رہے تھے اور نہ اس کے اور اماں کا...تو پھر پتا ہی نہیں چلا تھا۔ اس رات وہ دونوں روئے بھی تھے اور ہنسے بھی تھے۔ زندگی یک دم بہت خوب صورت ہو گئی تھی۔ خانیوال کے اس چھوٹے سے گھر میں جیسے خوشیوں کی پریاں اتر آئی ہوں، ہر دم رقص کرتی، گاتی ہوئی اور وہ جو ہر وقت اینگری ینگ مین بنا رہتا تھا۔ اب مسکراہٹ اس کے لبوں سے ہٹتی ہی نہیں تھی۔

اس نے فرحی کے ساتھ مل کر آنے والے بچوں کے لیے ڈھیر ساری شاپنگ کی تھی...... وہ گھنٹوں بیٹھے پروگرام بناتے رہتے کہ انہیں اب کیا کرنا ہے...... کہاں رہنا ہے، جلیل خان بھی ڈھیروں تحائف اور مٹھائی لے کر آیا تھا......اور ان کی خوشی میں برابر کا شریک تھا۔ وہ چاہتا تھا کہ ثمر حیات کوئی بزنس کرلے جبکہ فرحی کی خواہش تھی کہ وہ کوئی جاب کرلے...... آخر ماسٹر کر رکھا تھا اس نے...... بالآخر فیصلہ یہی ہوا کہ وہ کوئی بزنس ہی کرے گا۔

''ٹرن...... ٹرن......'' اس کا فون بج رہا تھا۔ وہ ماضی میں سفر کرتا حال میں پہنچ گیا۔ اس نے چونک کر فون اٹھایا اور

PAKSOCIETY.COM



WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY
FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

دیکھا اسکرین پر بگ با کا نام جگمگا رہا تھا لمحہ بھر وہ خالی، خالی نظروں سے یونہی اسکرین کو دیکھتا رہا جیسے ابھی تک وہ وہاں ہی ہو' خانیوال کے اس چھوٹے سے گھر میں...... فون کی بیل مسلسل ہو رہی تھی۔ اس نے ایک جھرجھری سی لے کر فون آن کیا۔

''ثمر حیات کہاں ہو؟'' بگ با کا لہجہ سنجیدہ تھا۔

''یہاں ہی ہوں بگ با ڈی ون میں۔''

''تمہاری ولسن سے ملاقات نہیں ہوئی؟''

''سوری...... بگ با...... ولسن نے مجھے عثمانیہ میں بلایا تھا۔ میں وہاں ولسن کا انتظار کر رہا تھا لیکن مجھے وہاں سے آنا پڑا کیونکہ وہاں عظام بھی تھا اور میں نہیں چاہتا تھا کہ وہ مجھے دیکھ لے اور اسے دکھ ہو کہ میں پاکستان میں ہوں اور اسے خبر تک نہیں دی۔''

''آج کل تم عظام کے متعلق کچھ زیادہ ہی حساس ہو رہے ہو۔'' بگ با کے لہجے میں ہلکا سا طنز تھا۔ اس نے بگ با کے لہجے کے طنز کو نظر انداز کیا۔

''عظام میرے لیے دنیا کی ہر شے سے زیادہ قیمتی ہے بگ با......''

''ایرک بہت ناراض ہو رہا تھا...... یہ ملاقات بہت ضروری تھی ثمر حیات......'' بگ با کا لہجہ قدرے نرم ہوا۔

''میں نے ولسن سے کہا تھا کہ وہ کلفٹن والے کیفے میں آجائے اور میں وہاں دو گھنٹے انتظار کرتا رہا لیکن وہ وہاں نہیں آیا...... دو تین بار میں نے فون بھی کیا...... لیکن دوبارہ اس نے فون ہی اٹینڈ نہیں کیا۔''

''ہاں اس کا مزاج کچھ ایسا ہی ہے۔ وہ غالباً اس وقت عثمانیہ کے پاس پہنچ چکا تھا۔ تمہارے فون کی وجہ سے اس کا موڈ خراب ہو گیا خیر تم ایسا کرو کہ آج رات آٹھ بجے بالی کے ساتھ ایرک کے بنگلے پر چلے جانا۔'' بگ با کا لہجہ بدستور نرم تھا۔ ''وہ تمہیں ایک بریف کیس دے گا وہ لے کر ڈی ون کے لاکر میں رکھ دینا۔''

''بگ با میں نے آپ سے ایک ریکوئسٹ کی تھی کہ میں اب اس دلدل سے نکلنا چاہتا ہوں۔''

''تم نے کبھی دلدل کو دیکھا ہے ثمر حیات؟ شاید نہیں...... لیکن اتنا ضرور جانتے ہو گے کہ جو ایک بار دلدل میں دھنس جاتا ہے تو وہ پھر دھنستا ہی چلا جاتا ہے۔''

ثمر حیات کا دل لمحہ بھر کے لیے ڈوب سا گیا وہ بگ با کی بات کا مطلب سمجھنے کی کوشش کرنے لگا...... ''تو کیا اب وہ کبھی......'' وہ ایک بار پھر آزمائش پر پورا نہیں اترا تھا فرحی نے کتنا سچ کہا تھا...... وہ صابروں کے قبیلے سے نہیں تھا۔ اس نے صبر نہیں کیا تھا۔ وہ اللہ کی رضا پر راضی نہیں ہوا تھا اور اس نے جلیل خان کو ہی سب کچھ سمجھ لیا تھا...... اس نے اپنا آپ اللہ کے حوالے کرنے کے بجائے جلیل خان کے سپرد کر دیا تھا۔

اس کی خاموشی پر لمحہ بھر کے توقف کے بعد بگ با نے کہا۔

''ثمر حیات میں نے تم سے کہا تھا کہ اس پر سوچیں گے۔ فی الحال تو میں یہاں دبئی میں پھنسا ہوں جس بندے سے ملنا تھا وہ ابھی تک مل نہیں رہا...... لیکن میں جلد واپس آجاؤں گا۔''

''یس بگ با......'' اس کی آواز بجھی، بجھی سی تھی۔

''ثمر......'' بگ با نے جیسے اس کی اداسی محسوس کر لی تھی۔

''عظام کو اپنی مجبوری مت بناؤ، زیادہ مت سوچا کرو اس کے متعلق۔''

''کیسے نہ سوچوں اس کے متعلق بگ با...... میرا اس کے سوا ہے ہی کون...... اور اس کا بھی میرے سوا کوئی نہیں ہے۔'' اس کے لہجے میں شکستگی تھی۔

''ثمر حیات......'' بگ با کچھ کہتے، کہتے خاموش ہو گیا۔

PAKSOCIETY.COM



WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

''اوکے آٹھ بجے یاد سے ایرک سے ملنے جانا......'' اس نے فون آف کر دیا تو وہ کچھ دیر یونہی فون ہاتھ میں لیے بیٹھا رہا۔ اگر بگ باس نے اسے ڈی ون میں ٹھہرنے کا حکم نہ دیا ہوتا تو وہ کب کا اپنے گھر جا چکا ہوتا۔ جب سے اس نے عظام کو عثمانیہ میں دیکھا تھا تب سے وہ اس سے ملنے کو بے چین ہو رہا تھا۔ وہ ولسن کے انتظار میں کونے والی ٹیبل پر بیٹھا تھا جب ایک ویٹر ٹرالی پر بڑا سا بلیک فوریسٹ کیک سجائے اس کے پاس سے گزرا تھا۔

''شاید کسی کی برتھ ڈے پارٹی ہے یہاں۔'' اس نے بالکل غیر ارادی طور پر پاس سے گزرتے ویٹر سے کہا تھا جو اس کا صورت آشنا تھا۔ وہ جب بھی یہاں آتا تھا اکثر یہی ویٹر اس کی ٹیبل پر سرو کرتا تھا۔

''جی صاحب......''

ویٹر ہلکے سے مسکرایا تھا۔

''کوئی عظام حیات صاحب ہیں۔ ان کا برتھ ڈے ہے آج...... پارٹی نہیں ہے بس گھر کے ہی چند افراد ہیں۔''

اس نے بے اختیار مڑ کر اُدھر دیکھا جدھر ویٹر ٹرالی لے کر گیا تھا اور پھر فوراً ہی رخ موڑ لیا۔ سامنے ہی رواحہ اور اس کے ساتھ غالباً اس کے بابا تھے اور رواحہ کے دائیں طرف عظام تھا...... اس کا آدھا چہرہ نظر آیا تھا اسے...... اس کا دل دھڑ، دھڑ کرنے لگا تھا۔ شکر ہے کہ رواحہ یا عظام نے اسے نہیں دیکھا تھا۔ تب ہی کچھ لوگ ہوٹل میں داخل ہوئے تھے اور اب درمیان میں کھڑے ٹیبل کی تلاش میں اِدھر اُدھر نظر دوڑا رہے تھے وہ فوراً اٹھا تھا اور ان کی آڑ میں باہر نکل آیا تھا۔ اور باہر آکر ولسن کو فون کر دیا تھا کہ وہ فلاں کیفے میں آجائے...... ولسن نہیں آیا تھا اور وہ ساری رات بے چین رہا تھا...... کئی بار اس نے عظام کا نمبر ملایا تھا اور پھر دو تین digit ملا کر بند کر دیا۔ اس نے تو کبھی عظام کی سالگرہ کا اہتمام نہیں کیا تھا کبھی اسے وِش نہیں کیا تھا...... شاید وہ اچھا باپ نہیں بن سکا تھا۔ یکا یک اسے پشیمانی نے آلیا تھا اس نے فون اٹھایا اور نمبر ملانے لگا تب ہی دروازے پر دستک دے کر بالی گھبرایا ہوا سا اندر آیا...... اس نے فون آف کر دیا اور سوالیہ نظروں سے اسے دیکھا۔

''وہ باس، سیمو کو دمے کا اٹیک ہوا ہے...... بہت اوکھی اوکھی سانس لے رہا ہے۔'' اس نے بتایا۔

''اِن ہیلر کا استعمال نہیں کیا اس نے؟'' وہ اٹھ کر کھڑا ہوا۔

''کیا تھا باس کوئی فائدہ نہیں ہوا...... اور اب تو اکھڑی، اکھڑی سانسیں آرہی ہیں۔'' سیمو کو پچھلے دو تین سال سے دمے کی تکلیف تھی اور کبھی، کبھی تو اٹیک اتنا شدید ہوتا کہ اسپتال لے جانا پڑتا۔

''تم سیمو کو لے کر آؤ میں گاڑی نکالتا ہوں۔'' اس نے کلائی موڑ کر وقت دیکھا ابھی صرف چھ بجے تھے۔ وہ میز سے گاڑی کی چابی اٹھا کر کمرے سے باہر نکل آیا...... وہ اسے ایک پرائیویٹ کلینک میں جو نزدیک ہی تھا لے گئے تھے۔ ڈاکٹر نے فوراً ہی ٹریٹ منٹ شروع کر دیا تھا تقریباً ایک گھنٹے بعد اس کی حالت سنبھل گئی تھی...... آٹھ بجے...... اسے ایرک سے بھی ملنا تھا سو وہ وہاں مزید نہیں رکے تھے۔ اگرچہ ڈاکٹر کا خیال تھا کہ وہ کچھ دیر اور رک جائیں تاکہ طبیعت کچھ اور بہتر ہو جائے...... لیکن مجبوری تھی...... وہ کلینک سے باہر آنے لگا تھا کہ ممتاز خان کا فون آگیا اور وہ اس سے باتیں کرتا ہوا گیٹ کی طرف بڑھا...... بالی، سیمو کو سہارا دیتا ہوا اس کے ساتھ ہی چل رہا تھا۔

''ٹھیک ہے ممتاز خان ابھی مجھے کہیں جانا ہے، رات میں تفصیل سے بات کروں گا۔'' اس نے فون بند کر کے پاکٹ میں ڈال کر جوں ہی گیٹ سے باہر قدم رکھا ٹھٹک کر رک گیا۔ مقابل بھی اسے دیکھ کر ٹھٹکا تھا اور پھر اس کے لبوں پر بڑی طنزیہ سی مسکراہٹ نمودار ہوئی تھی...... اس کے سامنے وہ شخص کھڑا تھا جسے وہ کبھی زندگی میں دوبارہ دیکھنا نہیں چاہتا تھا لیکن دنیا واقعی گول ہے...... وہ دونوں ایک دوسرے کی آنکھوں میں آنکھیں ڈالے دیکھ رہے تھے۔

''تم......؟'' چند لمحوں بعد ثمر حیات کے ہونٹوں سے سرسراتی ہوئی آواز نکلی۔

PAKSOCIETY.COM

**جاری ہے**



WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 f PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

# میرے یار جولاہے

فرحین اظفر

گھر کے کسی کونے سے بیگم اسما جہانگیر کے چلانے کی آوازیں کافی دیر سے آرہی تھیں۔ وہ جانتے تھے وہ اتنی جلدی تھکنے والی نہیں البتہ خود ان کو اپنے روم، روم میں اترتی تھکن کا بخوبی اندازہ ہورہا تھا۔ ساتھ ہی کسی افسوس بھرے پچھتاوے کی دھند میں لپٹا ایک بہت مانوس، بہت پرانا اور جانا پہچانا احساس انہیں گھیرے میں لے رہا تھا۔

سامنے ٹیبل پر رکھی چائے میں سے بھاپ اٹھنا



PAKSOCIETY.COM
WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY
FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1
PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

بند ہو چکی تھی۔ انہوں نے کپ کی طرف ایک نظر اٹھا کر بھی نہیں دیکھا۔ اس کے برعکس اس کپ کے علاوہ لاؤنج میں موجود ہر چیز پر اُن کی نظریں ایک عجیب سے خالی پن کے ساتھ بھٹک رہی تھیں۔ ان بے چین پُتلیوں کے پیچھے بتیس سال پرانے منظروں کی اڑتی دھول تھی۔ لحظہ بہ لحظہ منظر دھندلا رہا تھا اور چنگھاڑتی ہوئی اسما جہانگیر کی آواز اس منظر کو بار، بار صاف کر دیتی تھی۔

''اماں......اماں بہت اچھی ہے وہ۔ بہت خوش اخلاق، ملنسار۔'' ایک بار پھر پیش منظر دھندلا اور پس منظر زندہ ہونے لگا۔

''اچھا مجھے تو وہ اچھی اور ملنسار کے بجائے کچھ اور لگ رہی ہے۔'' اماں کی کاٹ دار اور طنزیہ باتوں سے تو ایک زمانہ عاجز تھا۔ وہ تو پھر عجز و انکسار کا مثالی نمونہ تھے۔

''اماں! کیوں کرتی ہیں ایسی باتیں۔'' بہت بے ساختہ ان کے منہ سے نکلا۔

''لو بس......جو گھر میں آئی نہیں اس کے قصیدے زبان پر پہلے چڑھ گئے اور اماں کی باتیں ابھی سے ایسی ویسی لگنے لگیں۔'' اماں کی پاٹ دار آواز ان کے لب کھلتے ہی آس پاس کے گھروں تک گونج جاتی تھی۔

''صاحب جی!'' ان کی ادھ کھلی آنکھوں میں مُردہ ہوتی بصارت ایک دم زندہ ہوگئی۔

''چائے ٹھنڈی ہوگئی دوسری لا دوں؟'' سامنے کُل وقتی ملازمہ کھڑی تھی، وہ چند لمحے اسے دیکھتے اس کی بات سمجھنے کی کوشش کرتے رہے۔ شعور کی سطح کو کسی نے بتیس سال پہلے کی گرہوں سے باندھ رکھا تھا۔ مکمل حواس جاگنے میں ذرا دیر لگی۔

اسما جہانگیر کی آواز بند ہو چکی تھی۔ گھر میں بولتا سناٹا بڑا غیر معمولی اور تکلیف دہ حد تک چبھن آمیز تھا۔ انہوں نے ایک گہری سانس لے کر خود پر پڑی ماضی کی گرد جھاڑی۔ عابدہ ابھی تک انتظار میں کھڑی تھی۔

''نہیں بس رہنے دو، تم جا کر سو جاؤ اب۔''

انہوں نے ہاتھ میں پکڑی عینک سامنے گلاس ٹاپ ٹیبل پر رکھ دی اور وہیں پیر پھیلا کر نیم دراز ہوتے ہوئے ماضی کی بھول بھلیوں میں اتر گئے۔ اب جانے کب تک انہیں بھٹکنا تھا۔

☆☆☆

اسما کو شکایت تھی کہ گھر میں ان کا اس طرح استقبال نہیں کیا گیا جس طرح ایک نئی نویلی دلہن کا کیا جانا چاہیے تھا۔ خاص طور پر اس صورت میں کہ وہ اس گھر کی پہلی اور بڑی بہو تھی۔ جہانگیر سمجھتے تھے لیکن کچھ بول نہیں سکے۔

''تم جانتی ہو، اماں اور نگین اس رشتے کے لیے راضی نہیں تھیں۔ اب اتنی ناراضی تو دکھائیں گی ناں۔ چھوٹی بہنیں بھی ان کے کہنے میں ہیں تو......''

''تو آپ پہلے انہیں منا لیتے پھر شادی ہو جاتی۔'' اسما دل ہی دل میں سوچ کر رہ گئیں کہ نئی نویلی دلہن کا حجاب مانع تھا۔ آنے والے دن ان کی زندگی میں تلخیوں کے کون سے نئے باب رقم کروانے والے تھے اس حقیقت سے بے خبر فی الحال انہیں جہانگیر کی محبت اور زندگی بھر کا ساتھ کسی نعمتِ خداوندی سے کم نہیں لگ رہا تھا۔

جہانگیر......سے شادی سے پہلے تین سال وہ اپنے ایک کزن سے منسوب اور اس کی محبت میں بری طرف گرفتار رہی تھیں خاندان میں چپقلش کی بنا پر منگنی ٹوٹی اور ساتھ ان کا دل بھی۔

جہانگیر اسے نوکری کے پہلے دن سے پسند کرتے تھے۔ منگنی ختم ہونے کی خبر کے ساتھ ہی انہوں نے اسما کو اپنانے کی پُرخلوص کوششیں شروع کر دیں اور بالآخر کامیاب بھی ہوئے۔ اسما بھی شروع، شروع میں راضی نہیں تھیں مگر پھر جہانگیر کی محبت اور اصرار کے آگے مانتے ہی بنی۔

☆☆☆

PAKSOCIETY.COM



WWW.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
RSPK.PAKSOCIETY.COM PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM



اسما کی سسرال وہی روایتی سسرال تھی۔ تین بہنوں اور تین بھائیوں میں جہانگیر سب سے بڑے تھے سو خود بخود بھائیوں کی تعلیم اور بہنوں کی شادی کی ذمے داری بھی انہی کے سر پر آ گئی تھی۔ کچھ وہ زمانہ اتنا مہنگا بھی نہیں تھا اور کچھ تنخواہ اور نوکری معقول تھی اس لیے گزارہ چلتا رہا۔

گھر میں اماں اور ان کے بعد نگین کی حکومت چلتی تھی۔ اسما کے آنے کے بعد انہوں نے سب کام کاج پر سے ہاتھ اٹھا لیا۔ اسما نے سب کا دل جیتنے کے لیے کچن کی ذمے داری اپنے سر لے لی۔

اماں کو اس کی نوکری پر سخت اعتراض تھا۔ وہ صبح اس کے نکلتے وقت گھر سے بن ٹھن کر نکلنے والی عورتوں کے متعلق اخلاق سے گری ہوئی باتیں بہت جلدی کرنے لگیں۔ انہوں نے چند دن بھی اس کے دلہناپے کا بھرم نہیں رکھا تھا۔

اسما سے شروع میں سب سننا اور برداشت کرنا بہت مشکل ہوا۔ ایک دو بار اس نے کچھ بولنے کی کوشش بھی کی۔ اماں نے صبح صبح وہ طوفان اٹھایا کہ اللہ کی پناہ۔

''دیکھا، دیکھا...... کھل گئے خوش اخلاقی کے تالے۔ میں تو پہلے ہی کہتی تھی کہ ان نوکری پیشہ عورتوں کی زبانیں دو دھاری تلواریں ہوتی ہیں۔''

''اماں......!'' وہ حیرت سے انہیں تکنے لگی۔

''میں نے ایسا کیا کہہ دیا؟''

''اسما!'' جہانگیر نے بڑھ کر اس کا ہاتھ دبایا۔ ''چلو دیر ہو رہی ہے۔'' نہ چاہتے ہوئے بھی وہ گھسٹتی چلی گئی۔

''میں نے تو صرف اتنا کہا تھا کہ سب عورتیں برابر نہیں ہوتیں۔'' بائیک پر اس کے پیچھے وہ دلگرفتہ سی بیٹھی تھی۔ جہانگیر جانتا تھا۔ وہ زبان دراز ہے نہ بدتمیز مگر اپنی اماں کے آگے اس کی حمایت کر کے مزید طوفان کھڑا نہیں کر سکتا تھا۔

☆☆☆

زندگی نے کسی تیز رفتار ٹرین کی طرح معمول کی رفتار پکڑی تھی۔ صبح سے شام آفس میں ہوتی پھر واپسی پر دن بھر کے گندے برتنوں کا ڈھیر اور اپنا پھیلا ہوا گھر اس کا منتظر ہوتا۔

اس کی تھکن کئی گنا بڑھ جاتی۔ گھر آتے ہی کھانے کی تیاری میں لگنا پڑتا۔ دو ٹائم کا کھانا ایک ہی وقت تیار کر کے وہ صبح ناشتے کے لیے انڈوں کا آمیزہ تک ریڈی کر دیتی۔ رات کو سب گھر والوں کو چائے اور اماں کو نیم گرم دودھ دے کر کمرے میں جاتی تو جسم کا جوڑ، جوڑ فریاد کرتا۔ ایسے میں جہانگیر کی قربت کی خواہش اس کی اپنی ہوتی یا جہانگیر کی...... نیند سے بوجھل جڑتی پلکوں اور تھکے ماندے دماغ کے آگے بھاپ بن کر ہوا میں تحلیل ہو جاتی۔

جہانگیر کبھی تو خود بھی جلدی نیند کی آغوش میں چلے جاتے کبھی بے بسی سے اس کا مرجھایا ہوا چہرہ تکتے اس کے مدہوش وجود میں اپنی محبت کی باقیات تلاش کرتے اور اکثر ناکام رہے۔

☆☆☆

''تم لوگ بچوں کے بارے میں کیوں نہیں سوچتے اسما؟'' قدرے سکون کے دن تھے۔ نگین کی شادی کے فرض سے سبکدوش ہوئے ابھی چند دن گزرے تھے۔

''کیا کریں گے سوچ کر بھی۔ اپنی تھکن میں اضافہ۔'' اس نے مایوسی سے کہتے ہوئے اپنی ہمدرد دوست کو دیکھا۔

''یہ کیا بات ہوئی، بچوں کی خواہش کس کو نہیں ہوتی اور بچے ہوں گے تو لائف میں بڑا چینج آئے گا یار۔''

''میری لائف میں کوئی بھی چینج منفی تو ہو سکتا ہے مثبت نہیں۔'' سوچیں بہت تیزی سے مایوسی کے رنگ میں رنگ رہی تھیں۔

''یہ تم کیسے کہہ سکتی ہو اور کیوں کہہ رہی ہو؟'' نازش شاید اس سے بحث کے موڈ میں تھی۔ اس نے بیزاری سے آنکھیں موند لیں۔

PAKSOCIETY.COM



WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

بند ہو چکی تھی۔ انہوں نے کپ کی طرف ایک نظر اٹھا کر بھی نہیں دیکھا۔ اس کے برعکس اس کپ کے علاوہ لاؤنج میں موجود ہر چیز پر اُن کی نظریں ایک عجیب سے خالی پن کے ساتھ بھٹک رہی تھیں۔ ان بے چین پُتلیوں کے پیچھے بتیس سال پرانے منظروں کی اڑتی دھول تھی۔ لحظہ بہ لحظہ منظر دھندلا رہا تھا اور چنگھاڑتی ہوئی اسما جہانگیر کی آواز اس منظر کو بار، بار صاف کر دیتی تھی۔

''اماں......اماں بہت اچھی ہے وہ۔ بہت خوش اخلاق، ملنسار۔'' ایک بار پھر پیش منظر دھندلا اور پس منظر زندہ ہونے لگا۔

''اچھا مجھے تو وہ اچھی اور ملنسار کے بجائے کچھ اور لگ رہی ہے۔'' اماں کی کاٹ دار اور طنزیہ باتوں سے تو ایک زمانہ عاجز تھا۔ وہ تو پھر عجز و انکسار کا مثالی نمونہ تھے۔

''اماں! کیوں کرتی ہیں ایسی باتیں۔'' بہت بے ساختہ ان کے منہ سے نکلا۔

''لو بس......جو گھر میں آئی نہیں اس کے قصیدے زبان پر پہلے چڑھ گئے اور اماں کی باتیں ابھی سے ایسی ویسی لگنے لگیں۔'' اماں کی پاٹ دار آواز ان کے لب کھلتے ہی آس پاس کے گھروں تک گونج جاتی تھی۔

''صاحب جی!'' ان کی ادھ کھلی آنکھوں میں مُردہ ہوتی بصارت ایک دم زندہ ہوگئی۔

''چائے ٹھنڈی ہوگئی دوسری لا دوں؟'' سامنے کُل وقتی ملازمہ کھڑی تھی، وہ چند لمحے اسے دیکھتے اس کی بات سمجھنے کی کوشش کرتے رہے۔ شعور کی سطح کو کسی نے بتیس سال پہلے کی گرہوں سے باندھ رکھا تھا۔ مکمل حواس جاگنے میں ذرا دیر لگی۔

اسما جہانگیر کی آواز بند ہو چکی تھی۔ گھر میں بولتا سناٹا بڑا غیر معمولی اور تکلیف دہ حد تک چبھن آمیز تھا۔ انہوں نے ایک گہری سانس لے کر خود پر پڑی ماضی کی گرد جھاڑی۔ عابدہ ابھی تک انتظار میں کھڑی تھی۔

''نہیں بس رہنے دو، تم جا کر سو جاؤ اب۔'' انہوں نے ہاتھ میں پکڑی عینک سامنے گلاس ٹاپ ٹیبل پر رکھ دی اور وہیں پیر پھیلا کر نیم دراز ہوتے ہوئے ماضی کی بھول بھلیوں میں اتر گئے۔ اب جانے کب تک انہیں بھٹکنا تھا۔

☆☆☆

اسما کو شکایت تھی کہ گھر میں ان کا اس طرح استقبال نہیں کیا گیا جس طرح ایک نئی نویلی دلہن کا کیا جانا چاہیے تھا۔ خاص طور پر اس صورت میں کہ وہ اس گھر کی پہلی اور بڑی بہو تھی۔ جہانگیر سمجھتے تھے لیکن کچھ بول نہیں سکے۔

''تم جانتی ہو، اماں اور نگین اس رشتے کے لیے راضی نہیں تھیں۔ اب اتنی ناراضی تو دکھائیں گی ناں۔ چھوٹی بہنیں بھی ان کے کہنے میں ہیں تو......''

''تو آپ پہلے انہیں منا لیتے پھر شادی ہو جاتی۔'' اسما دل ہی دل میں سوچ کر رہ گئیں کہ نئی نویلی دلہن کا حجاب مانع تھا۔ آنے والے دن ان کی زندگی میں تلخیوں کے کون سے نئے باب رقم کروانے والے تھے اس حقیقت سے بے خبر فی الحال انہیں جہانگیر کی محبت اور زندگی بھر کا ساتھ کسی نعمتِ خداوندی سے کم نہیں لگ رہا تھا۔

جہانگیر......سے شادی سے پہلے تین سال وہ اپنے ایک کزن سے منسوب اور اس کی محبت میں بری طرف گرفتار رہی تھیں خاندان میں چپقلش کی بنا پر منگنی ٹوٹی اور ساتھ ان کا دل بھی۔

جہانگیر اسے نوکری کے پہلے دن سے پسند کرتے تھے۔ منگنی ختم ہونے کی خبر کے ساتھ ہی انہوں نے اسما کو اپنانے کی پُرخلوص کوششیں شروع کر دیں اور بالآخر کامیاب بھی ہوئے۔ اسما بھی شروع، شروع میں راضی نہیں تھیں مگر پھر جہانگیر کی محبت اور اصرار کے آگے مانتے ہی بنی۔

☆☆☆



PAKSOCIETY.COM
WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

اسما کی سسرال وہی روایتی سسرال تھی۔ تین بہنوں اور تین بھائیوں میں جہانگیر سب سے بڑے تھے سو خود بخود بھائیوں کی تعلیم اور بہنوں کی شادی کی ذمے داری بھی انہی کے سر پر آ گئی تھی۔ کچھ وہ زمانہ اتنا مہنگا بھی نہیں تھا اور کچھ تنخواہ اور نوکری معقول تھی اس لیے گزارہ چلتا رہا۔

گھر میں اماں اور ان کے بعد نگین کی حکومت چلتی تھی۔ اسما کے آنے کے بعد انہوں نے سب کام کاج پر سے ہاتھ اٹھا لیا۔ اسما نے سب کا دل جیتنے کے لیے کچن کی ذمے داری اپنے سر لے لی۔

اماں کو اس کی نوکری پر سخت اعتراض تھا۔ وہ صبح اس کے نکلتے وقت گھر سے بن ٹھن کر نکلنے والی عورتوں کے متعلق اخلاق سے گری ہوئی باتیں بہت جلدی کرنے لگیں۔ انہوں نے چند دن بھی اس کے دلہناپے کا بھرم نہیں رکھا تھا۔

اسما سے شروع میں سب سننا اور برداشت کرنا بہت مشکل ہوا۔ ایک دو بار اس نے کچھ بولنے کی کوشش بھی کی۔ اماں نے صبح صبح وہ طوفان اٹھایا کہ اللہ کی پناہ۔

''دیکھا، دیکھا......کھل گئے خوش اخلاقی کے تالے۔ میں تو پہلے ہی کہتی تھی کہ ان نوکری پیشہ عورتوں کی زبانیں دو دھاری تلواریں ہوتی ہیں۔''

''اماں......!'' وہ حیرت سے انہیں تکنے لگی۔

''میں نے ایسا کیا کہہ دیا؟''

''اسما!'' جہانگیر نے بڑھ کر اس کا ہاتھ دبایا۔ ''چلو دیر ہو رہی ہے۔'' نہ چاہتے ہوئے بھی وہ گھسٹتی چلی گئی۔

''میں نے تو صرف اتنا کہا تھا کہ سب عورتیں برابر نہیں ہوتیں۔'' بائیک پر اس کے پیچھے وہ دلگرفتہ سی بیٹھی تھی۔ جہانگیر جانتا تھا۔ وہ زبان دراز ہے نہ بدتمیز مگر اپنی اماں کے آگے اس کی حمایت کر کے مزید طوفان کھڑا نہیں کر سکتا تھا۔

☆☆☆

زندگی نے کسی تیز رفتار ٹرین کی طرح معمول کی رفتار پکڑی تھی۔ صبح سے شام آفس میں ہوتی پھر واپسی پر دن بھر کے گندے برتنوں کا ڈھیر اور اپنا پھیلا ہوا کمرا اس کا منتظر ہوتا۔

اس کی تھکن کئی گنا بڑھ جاتی۔ گھر آتے ہی کھانے کی تیاری میں لگنا پڑتا۔ دو ٹائم کا کھانا ایک ہی وقت تیار کر کے وہ صبح ناشتے کے لیے انڈوں کا آمیزہ تک ریڈی کر دیتی۔ رات کو سب گھر والوں کو چائے اور اماں کو نیم گرم دودھ دے کر کمرے میں جاتی تو جسم کا جوڑ، جوڑ فریاد کرتا۔ ایسے میں جہانگیر کی قربت کی خواہش اس کی اپنی ہوتی یا جہانگیر کی......نیند سے بوجھل جڑتی پلکوں اور تھکے ماندے دماغ کے آگے بھاپ بن کر ہوا میں تحلیل ہو جاتی۔

جہانگیر کبھی تو خود بھی جلدی نیند کی آغوش میں چلے جاتے کبھی بے بسی سے اس کا مرجھایا ہوا چہرہ تکتے اس کے مدہوش وجود میں اپنی محبت کی باقیات تلاش کرتے اور اکثر ناکام رہے۔

☆☆☆

''تم لوگ بچوں کے بارے میں کیوں نہیں سوچتے اسما؟'' قدرے سکون کے دن تھے۔ نگین کی شادی کے فرض سے سبکدوش ہوئے ابھی چند دن گزرے تھے۔

''کیا کریں گے سوچ کر بھی۔ اپنی تھکن میں اضافہ۔'' اس نے مایوسی سے کہتے ہوئے اپنی ہمدرد دوست کو دیکھا۔

''یہ کیا بات ہوئی، بچوں کی خواہش کس کو نہیں ہوتی اور بچے ہوں گے تو لائف میں بڑا چینج آئے گا یار۔''

''میری لائف میں کوئی بھی چینج منفی تو ہو سکتا ہے مثبت نہیں۔'' سوچیں بہت تیزی سے مایوسی کے رنگ میں رنگ رہی تھیں۔

''یہ تم کیسے کہہ سکتی ہو اور کیوں کہہ رہی ہو؟'' نازش شاید اس سے بحث کے موڈ میں تھی۔ اس نے بیزاری سے آنکھیں موند لیں۔

PAKSOCIETY.COM



WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

اب وہ نازش کو کیا بتاتی۔ اس کی ساس نوکری کرنے پر جتنی مرضی تنقید کریں' اس کا نوکری چھوڑنا ہرگز برداشت نہیں کریں گی۔ ابھی انہیں دو بیٹیاں اور بیاہنی تھیں اور دو بیٹوں کو اپنے پیروں پر کھڑا کرنا تھا۔ جو دنیا میں پہلے سے موجود ہیں ان کے جھمیلوں سے نمٹنے کے لیے اسما کی جان کم پڑ رہی ہے۔ مزید کسی اور کو دنیا میں لانے کی ہمت وہ کہاں سے لائے۔

کبھی کبھی اسے لگتا قسمت نے اسے کسی کولہو سے جوڑ دیا ہے۔ اپنی آنکھوں پر اندھی پٹی چڑھائے اسے اس کے گرد گھومنا ہے زندگی بھر۔ صبح سے رات تک کی انتھک قیدِ بامشقت میں اولاد جیسی نرم و نازک احساسات سے جڑی خواہش کا وقت ہی کہاں نکلتا تھا لیکن قسمت کو شاید کچھ اور منظور تھا۔

☆☆☆

جہانگیر چند لمحے اس کی آنکھوں میں دیکھتا رہا اور وہ اس کے چہرے کے پل، پل بدلتے رنگ دیکھتی رہی۔ ان رنگوں میں کوئی رنگ خوشی کا نہ تھا۔

''کیا ہوا؟''

''تمہیں احتیاط کرنی چاہیے تھی۔'' بالآخر امیدوں پر جلتا پانی پڑا۔

''اب تو ...... ہو گیا ناں۔'' دل میں خوشی کا احساس کسی ڈرے سہمے بچے کی طرح کسی کونے میں منہ چھپائے بیٹھا تھا۔

''کیا مطلب ہے تمہارا اب تو......؟'' انہیں سخت اعتراض تھا۔ ''ایسے کہہ رہی ہو جیسے اب کچھ نہیں ہو سکتا۔''

''تو......آپ کیا کرنے کا سوچ رہے ہیں؟''

اس کی سرسراتی آواز میں آگہی کا کرب تھا۔ وہ جانتی تھی جہانگیر مجبور ہے مگر بعد میں اسے وہم گزرا شاید وہ بے حس بھی ہے۔

تین دن دو راتیں اسپتال کے خنک کمرے میں وہ اکیلی رہی بہن کے گلے لگ کر سسکیاں لیتی رہی۔ اماں صرف اسے لے جانے کے لیے آئیں اور راستے میں کئی بار سر سے بلاٹل جانے پر شکر ادا کیا۔ بہ آواز بلند یوں آہیں بھرتی رہیں جیسے نادانستگی میں سب کچھ سرزد ہو گیا۔

''شکر تھا کہ میں نے جہانگیر کو بتانے میں دیر نہ کی ورنہ شاید جان سے جاتی۔'' دن رات کے سلگتے پہروں میں اس نے سنگدلی کی انتہا کرتے ہوئے یہاں تک سوچ ڈالا اور کرتی بھی کیا۔

☆☆☆

نگین کے بیٹے کی ولادت اور مہرین کی شادی...... دو خرچے ایک ساتھ نکلے اور اس کی تین سال سے ڈالی گئی کمیٹی کی رقم پھر ہو گئی۔

''کب تک چلے گا اس طرح؟'' وہ زندگی میں پہلی بار جہانگیر سے لڑ پڑی۔

''خرچ تو زندگی کے ساتھ ہی چلتے ہیں اسمی۔'' جہانگیر کی آواز پست تھی۔

''تو میری بھی کوئی زندگی ہے۔ کوئی خواب، خواہش، ارمان ہے کہ نہیں۔ کیا، کیا نہیں سوچا تھا میں نے۔ میری بہن بن بیاہی کنواری بیٹھی ہے۔ اس کے لیے بھی مجھے ہی کرنا ہے۔ میرا تو کوئی بھائی بھی نہیں۔ آخر آپ کو نظر کیوں نہیں آتا اور اگر نظر آتا ہے تو بولتے کیوں نہیں؟'' اس نے پلٹ کر دیکھا جہانگیر نیند کے عالم میں جھوم رہے تھے۔ بے بسی سی بے بسی تھی۔ اس نے سخت جھلا کر کانچ کے گلاس پر ہاتھ مارا چھناکے کی زوردار آواز پر وہ ہڑبڑا کر اٹھے پھر معاملہ سمجھ کر اسے گھورا۔

''آپے سے باہر ہونے کی ضرورت نہیں ہے۔'' وہ اور بھی بہت کچھ کہتے رہے وہ دیکھتی، سنتی رہی پھر ان کے کروٹ بدلنے پر پھوٹ، پھوٹ کر رو پڑی۔

☆☆☆

''زندگی سمجھوتوں سے عبارت ہے۔'' اس نے پوری زندگی میں، زندگی کا جتنا بھی فلسفہ سنا تھا صرف



PAKSOCIETY.COM
WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM


اسی پر اعتبار آ سکا یا پھر......

''زندگی ایک سفرِ مسلسل ہے۔ جس کی منزل یا تو موت ہے یا لا حاصل تھکن۔'' اس نے اعصاب کو پُرسکون کرنے کے لیے جسم کو ڈھیلا چھوڑ دیا۔

''ہر مہینے پابندی سے مساج لیا کریں۔ آپ کی اسکن بہت رف اور ڈل ہو رہی ہے۔''

''یہاں تو پوری حیاتی رف اور ڈل ہو گئی...... صرف اسکن ہی؟''

اعصاب پُرسکون کرنا اور ذہن کو سوچوں سے آزاد کرنا اتنا بھی آسان نہ تھا۔ باہر بائیک پر جہانگیر اس کے منتظر تھے۔ اس نے بیوٹی سیلون کے دروازے پر رک کر دور سے اسے دیکھا۔ سر جھکائے سوچوں میں گم ایک پژمردہ وجود، یہ وہ شخص نہیں تھا جس نے شادی سے پہلے اعتبار، اعتماد اور تحفظ بخشنے کے بلند و بانگ دعوے کیے تھے۔ یہ تو کوئی اور ہی وجود تھا۔ جس کی آنکھوں میں محبت کے نہیں بیزاری کے رنگ تھے اور جس کے اندر اپنے وعدے پورے کرنے کی سکت نہیں بچی تھی۔ جس کے دعوے منہ کے بل گر پڑے تھے۔

وہ چپ چاپ جا کر بائیک پر بیٹھ گئی۔ دائیں پہلو میں درد کی لہر اٹھی اور ذہن میں ایک دل دُکھاتا واقعہ پورے سیاق و سباق کے ساتھ تازہ ہو گیا۔

''یہ روٹیاں ہیں تمہاری شکل کی طرح کالی۔ یہ...... یہ سالن بنایا ہے پھیکا سیٹھا نہ روغن نہ ذائقہ۔'' انہوں نے چینی کی بھاری رکابی اٹھا کر دور پھینکی اور باورچی خانے سے نکلتی اسما بچتے، بچتے بھی اس کی زد میں آ گئی۔

''سی......ی۔'' صرف تصور سے ہی اس کی سسکاری نکل گئی۔

بائیک ایک جھٹکے سے رک گئی۔ اس نے سر اٹھا کر دیکھا گھر آ چکا تھا۔ ایک ایسا گھر جو خوشی، سکون اور تحفظ کے بجائے بے چینی، گھٹن اور دکھ کا مسکن تھا۔

ہاں اس دن اماں کے طعنے کا اثر ہوا تو صرف اتنا جہانگیر آفس سے اٹھا کر اسے فیشل کروانے اس پارلر لے آئے تھے۔ ماں کے کہنے پر ہی سہی شاید اسے احساس ہوا تھا کہ اسما کی کھلتی گندمی رنگت سنولا گئی ہے۔ مرے، مرے قدموں سے صحن پار کرتی اسما کی سمجھ میں نہیں آیا کہ وہ اس احساس کے اچانک جاگ پڑنے پر روئے یا ہنسے۔

☆☆☆

ہمایوں کو نوکری ملی تو اس نے بھی اپنی پسند کی لڑکی سے شادی کرنے کا شور مچا دیا۔

''میرا خیال تھا ہمایوں کی شادی میں اپنی عظمٰی سے کروا دیتی۔'' اماں کے سامنے تو زبان کھولنے کی جرأت نہ تھی اور دکھ سکھ کہنے سننے والی اس کی مخلص دوست بیاہ کر دوسرے شہر جا چکی تھی۔ لے دے کر ایک جہانگیر بچے تھے حیران نظروں سے اسے تک رہے تھے۔

''دس سال اس گھر میں جھونک کر بھی تم اپنی بہن کو یہاں کھپانا چاہتی ہو؟''

''ہاں تو میں نے اس گھر کی اتنی خدمت کی ہے۔ آپ کے بہن بھائیوں کی، آپ کی ماں کی کتنی باتیں سنی ہیں۔ کڑوی کسیلی برداشت کی ہے اسی کے بدلے کی آس میں کہہ رہی ہوں اور میری بہن شکل صورت، تعلیم سگھڑاپا کسی چیز میں کسی سے کم تو نہیں۔''

مگر سب بیکار ہی گیا۔ جہانگیر جانتے تھے سمجھتے تھے۔ ہمایوں سے کچھ بھی کہنا بیکار ہوگا۔ اس کی زبان پر جہانگیر کی مثال تھی۔

''بھیا نے بھی تو کی تھی اپنی پسند کی شادی تو میں کیوں نہیں؟'' اسما سن کر چپ کر گئی۔ بول کر بات گنوانے سے خاموش رہنا بہتر ہوتا ہے۔ اس نے بھی ایک چپ والے مقولے پر عمل کیا۔

جہانگیر نے عظمٰی کے لیے خود رشتہ ڈھونڈ کر اس کی شادی کروائی اور پوری زندگی میں یہ واحد چیز تھی جس کے لیے وہ صحیح معنوں میں ان کی شکر گزار تھی۔

PAKSOCIETY.COM

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY
FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 f PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

تینوں نندیں اپنے گھر بار کی ہوئیں اور دیور ہاتھ بٹانے کے قابل ہوئے تب تک وقت بہت آگے نکل چکا تھا۔

''آئی ایم سوری۔'' اس کی آنکھوں کی جوت بجھ گئی۔

ڈاکٹر کے لبوں سے نکلنے والا جملہ تیر کی طرح اس کے دل میں پیوست ہوگیا۔ اسے یوں لگا بھری دنیا میں وہ تن تنہا کھڑی رہ گئی۔ کسی نے اسے سر سے چادر کھینچ کر دھوپ بھری تپتی دوپہر میں دھکیل دیا ہے۔

رپورٹس اٹھاتے ہوئے جہانگیر کے ہاتھ کانپ گئے اور زندگی میں پہلی بار ایسا ہوا کہ جب وہ ہمیشہ کی طرح کھوکھلی تسلی کے چند سکے اس کے خالی دامن میں ڈال رہے تھے تو اس نے اپنا دامن سمیٹ لیا۔

''یہ سب تمہارا اور تمہارے گھر والوں کا قصور ہے۔'' وہ اتنی زور سے چلائی کہ حلق میں خراشیں سی پڑ گئیں۔

''کیوں کی تھی تم نے مجھ سے شادی؟ اس لیے...... اس لیے مجھے برباد کرنے کے لیے...... بولو کیا ملا تمہیں میری زندگی سے کھیل کر...... بولو؟'' اس نے جہانگیر کا گریبان تھام لیا اور جہانگیر نے دھندلائی آنکھوں سے اس کا وحشت بھرا چہرہ دیکھا۔

وہ چہرہ کیسا تھا۔ کسی لٹے پٹے مسافر کا چہرہ۔ کسی رہزن کو رہنما سمجھ کر دھوکے میں آجانے والے کا چہرہ۔ خوش قسمتی کی دیوی کے گمان میں چھل پیری کے تعاقب میں چل پڑنے والے کا چہرہ۔ جھلتے ریگستان میں سراب کے پیچھے بھاگنے والے کا چہرہ جو تھک کر تپتی ریت پر گرا آخری سانسیں گن رہا تھا۔

''ارے برباد تو میرا بیٹا ہوا ہے اولاد کو ترس گیا۔'' اماں نے ہر بار کی طرح بات کے درمیان میں آنے کی کوشش کی۔ وہ ہمیشہ یونہی کسی قسم کی جواب طلبی پر جہانگیر کی ڈھال بننے کے لیے گولہ باری کر کے اسما کو چپ کروا دیا کرتی تھیں لیکن آج شاید یہ سورج کہیں اور سے طلوع ہوا تھا۔

''آپ ہمارے ذاتی معاملے میں مت بولیں۔''

''ارے واہ...... کیوں نہ بولوں؟'' وہ تنک گئیں۔

''کیونکہ آپ کو کوئی حق نہیں ہے ہمارے کسی بھی معاملے میں بولنے کا اور اگر آپ کو بولنا ہی تھا تو اس وقت آپ کیوں چپ رہیں جب آپ کا بیٹا اپنے ہاتھوں سے اپنی اولاد ختم کر رہا تھا۔ تب آپ کو اپنی اولاد کی فکر تھی تب آپ کو اس بات کا احساس نہیں تھا کہ دنیا میں آنے والا وجود بھی آپ کی اولاد، آپ کا خون ہوگا اور اب بھی...... آج بھی آپ کو اپنے بیٹے کی بے اولادی کا غم ہے اور ایک عورت کے درد کا کوئی احساس نہیں۔ جس کا وجود آپ کے گھر کے مسائل نمٹاتے، نمٹاتے ادھورا رہ گیا۔ آپ کو اب بھی میرا نہیں اپنے بیٹے کا احساس ہے...... اور آپ کا بیٹا...... وہ بے حس ہے...... ہاں وہ بے حس اپنی بیوی کا دکھ کیا بانٹے گا جو اسے سمجھنے والا دل ہی نہیں رکھتا۔'' وہ بری طرح ہانپ گئی۔ اماں کان دبا کر کمرے میں گھس گئیں۔

اس کی دیورانی نے ٹھنڈے پانی کا گلاس لا کر اس کے لبوں سے لگایا اور اس کا سر سینے سے لگا کر تھپکنے لگی۔ اس عورت کو گھر میں آئے زیادہ عرصہ نہیں ہوا تھا مگر وہ اپنی جیٹھانی کی بے قدری کو اچھی طرح دیکھنے کے بعد شوہر کو لے کر الگ ہونے کے منصوبے بنا رہی تھی۔

اسما کو فی الحال وہی کندھا میسر تھا سو وہ رشتوں کی ساری نزاکتوں کو بالائے طاق رکھ کر دیر تک سسکتی رہی۔ یوں لگتا تھا اگر آج بھی نہ روئی تو شدتِ ضبط سے پتھرا جائے گی۔

☆☆☆

چھوٹے دیور کو شادی کے بعد ساتھ رکھنے کے لیے اوپری منزل تعمیر کروائی گئی۔ جہانگیر کو آفس سے لون لینا پڑا مگر اس نے بھی ساتھ رہنا گوارا نہ کیا۔

''آپ کرایے دار رکھ لیں جہانگیر بھائی اماں کا آپ کو پتا ہے زبان کی کتنی کڑوی ہیں اور ماہا کا



PAKSOCIETY.COM
WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

مزاج ایسا نہیں کہ وہ ان کو زیادہ برداشت کرے۔''بڑے بھائیوں کے نقشِ قدم پر چلتے ہوئے اس نے بھی اپنے جیون ساتھی کا انتخاب خود کیا تھا۔ بہنوں کو کبھی کبھی بڑا قلق ہوتا کہ پسند کی شادی کے لطف سے وہ لوگ کیوں بہرہ مند نہ ہوسکیں اور بھائیوں نے گھر، گھر جا کر لڑکیاں دیکھنے اور مسترد کرنے کا کھیل بھی انہیں نہ کھیلنے دیا۔

ہر ہفتے وہ لوگ گھر میں جمع ہوتیں۔ بھاوجوں کی ہنسی اڑائی جاتی۔ بیٹیاں بالکل اماں کا پرتو تھیں۔ اتنے برس کی اسما کی خدمتوں کا یہ صلہ تھا کہ آج بھی اس گھر میں اس کی حیثیت ایک چلتی مشین سے زیادہ نہ تھی۔ جس کو توجہ صرف اسی وقت عنایت کی جاتی جب کام چلنا بند ہو جاتا۔

اب بھی وہ دو دن سے بخار میں تپتی آفس جا رہی تھی لیکن کسی کو خیال تک نہ آیا تھا لیکن آج آفس سے واپسی پر دیر ہوگئی تو سب کی زبانیں چل پڑیں۔

ہفتہ واری تعطیل پر نندیں جمع تھیں۔ کھانا پکانے کے لیے آج بھی اس کی محتاجی تھی۔ سو جی جان سے انتظار ہو رہا تھا لیکن دو گھنٹے گزر گئے اس کی آمد کے آثار نہ تھے۔ جہانگیر بھی ساتھ ہی آتے تھے آج وہ بھی غائب تھے۔ چاروناچار نگین اور مہرین کو کچن میں لگنا پڑا۔

جس وقت انہوں نے گھر میں قدم رکھا۔ کھانا کھانے کے بعد دسترخوان سمیٹا جا رہا تھا جس گھر میں کبھی اس کے ہاتھ کے علاوہ کسی اور نے چولھا تک نہ جلایا تھا آج اسی گھر میں اس کا انتظار تو دور کی بات کسی نے فون کر کے خیریت تک نہ پوچھی۔ جہانگیر کو گھر کی چہل پہل چبھ سی گئی۔ جو خبر وہ ساتھ لائے تھے کسی کو بھلا یہاں اس کا انتظار بھی تھا؟

سب کو سلام کرتے وہ اسما کا ہاتھ پکڑ کر سیدھا کمرے میں لے گئے۔

''کسی کو کچھ بتانے کی ضرورت نہیں۔ نہ کل سے آفس جانے کی۔'' برسوں بعد اس کے لہجے میں وہی توجہ اور محبت بول رہی تھی جب اس کی منتظر سماعتیں بہری اور بصارتیں اندھی ہو چکی تھیں۔

☆☆☆

جہانگیر نے خود شہر کی معروف اور جانی پہچانی گائناکولوجسٹ سے اس کا علاج کروایا تھا۔ اس کی چاہت اور خدا سے دعاؤں کا نتیجہ سامنے آگیا تھا۔

ماں بننے کا عمل کتنا بھی تکلیف دہ سہی مگر وہ اکملیت عورت ذات کو عطا کر دیتا ہے۔ جس کی برابری اس جہان میں شاید دوسرا کوئی عمل نہ کر سکے۔ اس کے وجود میں بھی شانتی سی بھر گئی۔

جہانگیر اس کی نوکری کے خلاف تھے اور وہ جہانگیر کے اس فیصلے کے خلاف۔ وہ جان گئی تھی ریل کی پٹریاں اور سمندر کے کنارے کبھی نہ ملنے کے باوجود ساتھ چلتے ہیں اور اسی طرح اسے بھی چلنا تھا۔ ساری زندگی دوسروں کے لیے جان ماری تو اپنی اولاد کے لیے نہ کرتی؟

اس کے خواب زندہ ہوگئے تھے۔ خواہشیں جاگ گئیں۔ طنز و طعنے، تشنیع، حیرت زدہ رویے اور اٹھی ہوئی انگلیاں ساس کی زبان اور نندوں کے رویے۔ بالکل کسی معجزے کے مانند اس کی زندگی میں آنے والے اس عطیۂ خداوندی نے پردہ تان دیا۔ ہر تکلیف دہ چیز اور ہر برا رویہ پس منظر میں چلا گیا یہاں تک کہ خود جہانگیر بھی۔

وہ اپنی دنیا میں مگن اپنے آنے والے بچے کو خوش آمدید کہنے کے لیے پوری طرح تیار تھی۔ خدا تعالیٰ سے اس ادھورے پن اور اس مشکل زندگی پر کیے گئے شکوؤں کو پسِ پشت ڈال کر سجدۂ شکر ادا کرتے نہ تھکتی تھی۔

اس نے آفس سے چھ مہینے کی چھٹی لی اور جب دوبارہ سے آفس جانا شروع کیا تو ایک کل وقتی آیا کو بچے کی نگہداشت کے لیے رکھ لیا۔

اماں تو جیسے اعتراض کا سگنل تھیں۔ اس بات

PAKSOCIETY.COM



WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY
FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1
PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

پر بھی کافی لے دے ہوئی لیکن اسماء کسی کی کوئی بات سننے کے لیے تیار نہ تھی۔

☆☆☆

''کم بخت ماری...... منحوس...... چل دفع ہو یہاں سے۔'' اماں نے دو سالہ ننھی صبوحی کے دو ہنٹر کمر پر جمائے اور بازو پکڑ کر کمرے سے باہر دھکیلا' دہلیز سے اندر آتی اسما کا دل یہ منظر دیکھ کر کٹ کر رہ گیا۔

''کتنی بار کہا ہے صبوحی کو ہر وقت نظروں کے سامنے رکھا کرو۔'' وہ ملازمہ پر برس پڑی۔ ملازمہ اب اس کے آگے منمنارہی تھی مگر وہ اس سے بے خبر حال سے بے حال اپنی بیٹی کا جائزہ لے رہی تھی۔

مٹی دھول اور گرد میں اٹے رات والے کپڑے، چیپچپاتا ہوا منہ اور گندے سندے ہاتھ اسے اپنی بیٹی اور کسی لاوارث یتیم بچی میں کوئی فرق محسوس نہ ہوا۔

''کن کاموں میں لگی تھیں تم جو صبح سے اسے اس حال میں چھوڑ رکھا ہے؟''

''جی وہ بڑی اماں جی نے......'' عابدہ کو آج گلوخلاصی بہت مشکل لگ رہی تھی۔

''بھاڑ میں ڈال دو بڑی اماں جی کو۔'' اماں تک آواز بخوبی پہنچ چکی تھی۔ وہ اور اپنے کمرے سے کپڑے بدل کر جہانگیر ایک ساتھ باہر آئے۔

''یہ میرا گھر ہے کسی کی ہمت ہے جو مجھے نکالے۔'' اماں کی عمر نہیں تھی اب پہلے کی طرح ڈنکے کی چوٹ پر فساد کرنے کی مگر طرہ اور طنطنہ آج بھی ویسا ہی تھا۔

''میری...... میری ہمت ہے آپ کو یہاں سے نکالنے کی۔'' اسما پر ایک جنون سا طاری ہو گیا۔ وہ بالکل اسی طرح اپنی ساس کو بازو سے گھسیٹ کر کمرے سے باہر لے گئی جیسے ابھی کچھ دیر پہلے انہوں نے اس کی بیٹی کو نکالا تھا۔ جہانگیر یہ منظر دیکھ کر ان کی طرف لپکے۔

''ہائیں، ارے چھوڑ مجھے۔'' اماں کہتی رہ گئیں اور جب تک جہانگیر اس کے سر پر پہنچے اس نے اماں کو صحن کے وسط میں لے جا کر تقریباً جھٹک دیا۔ اماں کا سارا جسم جھٹکا کھا کر رہ گیا۔

جہانگیر نے یہ منظر دیکھ کر ہاتھ اٹھایا اور زوردار آواز کے ساتھ اسما کے رخسار پر نشان چھوڑ گیا۔ وہ پتھرا کر رہ گئی اور جہانگیر، اماں کو سنبھالتے اندر لے گئے۔

''ارے میرے اللہ! لے دیکھ لے جہانگیر تیری موجودگی میں تیری ماں کو گھر سے نکالنے کی دھمکیاں...... ارے میرے مولا! میں یہ وقت دیکھنے سے پہلے مر کیوں نہ گئی۔'' اماں کے واویلے جاری تھے۔

جہانگیر ان کی کیفیت کو خوب سمجھتے تھے۔ افسوس یہ تھا کہ انہیں آج بھی ماں سے ہمدردی تھی۔ بیوی سے اگر تھی بھی تو اتنی ہمت نہ تھی کہ جتا سکتے۔ بیوی کی دلی و دماغی کیفیت کا اندازہ تھا بھی تو اس کا اظہار کرنے کی جرأت نہ تھی۔ وہ دیر تک ماں کو تسلی دے کر باہر نکلے تو باہر اسما تھی نہ صبوحی۔

☆☆☆

پوری رات جیسے سلگتے انگاروں پر چلتے گزری۔ صبوحی اور اسما کا کہیں پتا نہ تھا۔ انہوں نے تمام دوستوں اور جاننے والوں سے آنے بہانے معلوم کرلیا۔ رات کے گیارہ بج چکے تھے۔ وہ بوکھلا کر اماں کو بتانے آئے تو پتا چلا وہ تو کب کی کھانے سے فارغ ہو کر نیند کی گولیاں کھا کر سو چکی ہیں۔

چند گھنٹے پہلے ان سے ہمدردی جتاتے بیٹے کو اب ان کی بے رخی اور اپنی بیوی کی بے بسی کا احساس ہو رہا تھا پھر ہر گزرتے پل کے ساتھ یہ احساس دوچند ہوتا گیا۔ جلتی آنکھوں اور ستے ہوئے چہرے کے ساتھ وہ دوسرے دن صبح آفس پہنچا مگر اسما نہیں آئی تھی۔ ہاں اس کی طرف سے چھٹی کی درخواست ضرور آ گئی تھی۔

وہ چور نگاہوں سے ایک، ایک کا چہرہ کھوجتا رہا مگر سخت ناکامی کا سامنا کرنا پڑا۔ بات ایسی تھی کہ



PAKSOCIETY.COM
WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 f PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

مہکتا رہتا...... خود بھی بہت قیمتی اور نفیس کپڑے پہنتی اور بہترین طرز کے پرفیوم استعمال کرتیں اور اب ان کے کمرے کا حشر دیکھ کر وہ لرز گئی۔ بیڈ پر ڈارک براؤن کلر کا بیڈ کور تھا۔ سائڈ ٹیبل پر دواؤں کا انبار تھا۔ ہر چیز گرد سے اٹی ہوئی تھی۔ سوئچ بورڈ میل سے کالے ہو رہے تھے۔ اسے یاد آیا۔ وہ اس سے ہر روز سوئچ بورڈ صاف کرواتی تھیں۔ ان پر ذرا سا میل آ جائے تو انہیں سخت الجھن ہوتی تھی۔ اس نے شازیہ کی طرف دیکھا اسے ان باتوں کا احساس ہی نہیں تھا۔ اسے کبھی کام کرنے کی عادت نہیں تھی۔ وہ جب ان لوگوں کے ساتھ رہتی تھی۔ تب بھی شازیہ نے اپنے کمرے کی صفائی کے لیے ایک لڑکی رکھی تھی جو سارا دن اس کے کمرے کی چیزیں سمیٹتی رہتی تھی۔ اگر کبھی اس کے پاس ملازمہ نہ ہوتی تو اس کا کمرا گودام بن جاتا تھا۔ وہ اور کاشان اماں کے قریب جا کر بیٹھ گئے۔ وہ واقعی بہت کمزور ہو گئی تھیں۔ انہوں نے کاشان کو گلے سے لگایا اور بہت دیر تک روتی رہیں۔ اس سے بچیوں کے بارے میں پوچھا۔ اس کے سر پر ہاتھ رکھ کر اسے بہت دعائیں دیں۔ اس دوران شازیہ نے نمکو اور جوس لا کر ان دونوں کے سامنے رکھ دیے۔

"حسان کیا کر رہا ہے؟" اسے گھر کی حالت دیکھ کر اندازہ ہو رہا تھا کہ اس گھر کی معاشی حالت کچھ زیادہ اچھی نہیں ہے۔

"اسی نے تو اس گھر کی لٹیا ڈبودی ہے، پتا نہیں کن لوگوں میں اٹھتا بیٹھتا ہے۔ عجیب ہونق سے لڑکوں کو دوست بنالیا ہے...... سارا دن گانے بجانے میں لگا رہتا ہے۔" رسی جل گئی تھی پر بل نہیں گیا۔ اماں فوراً شروع ہو گئیں۔ شازیہ نے غصے سے اماں کی طرف دیکھا اور پھر بہانہ بنا کر کمرے سے نکلی تو اماں نے پھر کہنا شروع کیا۔

"یہ سب ماں کا کیا دھرا ہے، تم نے دیکھا تھا۔ سوائے فلمیں دیکھنے کے کوئی کام نہیں تھا اسے۔ اسی کا یہ انجام ہوا...... لڑکیوں کو کوئی کام کاج نہیں سکھایا۔ اسریٰ کی شادی ہوئی، سال بھر بعد لڑ جھگڑ کر گھر آ گئی۔ بجائے اس کے کہ ماں، باپ سمجھا، بجھا کر گھر بھیجتے گھر میں بٹھالیا۔ اس کے میاں نے بھی چند ماہ بعد طلاق بھجوادی۔ دونوں چھوٹی بھی ماں کے نقشِ قدم پر چل رہی ہیں۔ ہر وقت گانا، بجانا، فیشن اور کوئی کام نہیں ...... میری حالت دیکھو...... کوئی پوچھنے والا نہیں ہے، دونوں وقت کھانا ایسے دیا جاتا ہے جیسے کوئی نوکر کو کھانا دیتا ہے۔ اللہ رحم کرے اس گھر پر......"

شازیہ جب دوبارہ کمرے میں آئی تو اماں کے دل کا غبار نکل چکا تھا۔ اب وہ ٹھنڈی سانسیں بھر رہی تھیں۔ اتنا بولنے کے بعد وہ خاصی تھک گئی تھیں۔ وہ دونوں جب جانے کے لیے اٹھے تو خدا حافظ کہتے ہوئے ان کی نگاہوں میں کچھ ایسا ضرور تھا کہ وہ بے اختیار نظریں چرانے پر مجبور ہو گئی۔

فلیٹ سے باہر نکلتے ہی اس نے کاشان کی طرف دیکھا۔ اس کے چہرے پر عجیب سی کیفیت رقم تھی۔

"ظلم کی حکومت کبھی باقی نہیں رہتی...... چاہے وہ گھر میں ہو یا ملک میں......" اس نے ماں کی طرف دیکھ کر یہ جملہ کہا اور پھر قدرے رکا۔ "اور...... ظلم سہنے والا بھی ظالم کا ساتھی ہوتا ہے۔ کیونکہ وہ ظلم سہہ کر ظالم کو طاقتور بناتا ہے...... اگر ہم اسی گھر میں رہ رہے ہوتے...... تو......" اس نے جملہ ادھورا چھوڑ دیا۔

"واقعی اگر کاشان اس گھر سے نہ نکلتا تو......"

اس کی نظروں میں کاشان کی تصویر پھرنے لگی۔ سر جھکائے سب کی لعن طعن سنتا ہوا...... اور اس کا چہرہ ذلت اور شرم سے عرق آلود ہو رہا تھا۔ اس نے کانپ کر جھرجھری لی اور فخر سے اپنے بیٹے کی طرف دیکھا جس نے اسے دنیا میں سر اٹھا کر زندہ رہنے کا ہنر سکھا دیا تھا۔

PAKSOCIETY.COM



WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY
FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1
PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

سنڈے مارننگ تھی، کیتھی صبح صبح تیار ہو کر اور اسکارف سر پر باندھ کر ٹراؤزر کے ساتھ لانگ شرٹ پہن کر ایلن کے کمرے میں آئی جو بیڈ پر قدرے بے ہنگم انداز میں لیٹی سو رہی تھی۔ رات کو بہت زیادہ ڈرنک کرنے کے باعث اس کی آنکھیں نہیں کھل رہی تھیں۔

''مام، پلیز جلدی اٹھیں، کیا آپ بھول گئیں کہ آج سنڈے ہے اور ہمیں چرچ جانا ہے۔'' کیتھی نے ایلن کو ہلاتے ہوئے کہا۔

''ڈونٹ ڈسٹرب می، مجھے کہیں نہیں جانا اور تم کیوں ہر سنڈے کو چرچ جانے کے لیے تیار ہو جاتی ہو؟'' ایلن نے انتہائی غصے سے کیتھی کو دیکھتے ہوئے کہا۔

''مام، سنڈے کو تو ہمیں گاڈ کی prayer کرنی چاہیے۔'' کیتھی نے گہری سانس لے کر سنجیدگی سے کہا تو ایلن غصے میں اٹھ کر بیٹھ گئی۔

"there's no God in church.....understand!" ایلن انتہائی غصے میں آنکھیں نکالتے ہوئے بولی تو کیتھی انتہائی حیرت سے اس کی طرف دیکھنے لگی۔

''مام، یہ آپ کیا کہہ رہی ہیں۔ آئی تھنک آپ نے پارٹی میں رات کو بہت زیادہ ڈرنک کر لی تھی۔ اسی لیے آپ ایسی باتیں کر رہی ہو۔'' کیتھی نے آہ بھر کر کہا۔

''میں اپنے سینس میں ہوں اور کیا میں آج تک تمہارے ساتھ کبھی چرچ گئی ہوں جو تم مجھے ہر بار کہتی ہو اور میں اب تمہیں بھی اکیلے چرچ جانے کی اجازت نہیں دوں گی۔ جاؤ اپنے کمرے میں۔ اگر تمہارا prayer کو زیادہ دل کر رہا ہے تو جا کر بائبل پڑھ لو اور میرے پاس دوبارہ مت آنا۔'' ایلن نے اسے غصے سے ڈانٹتے ہوئے کہا تو کیتھی نے نم آنکھوں سے اس کی طرف دیکھا اور پاؤں پٹختی ہوئی اپنے کمرے میں چلی گئی۔

غصے سے اپنے کمرے کا دروازہ کھول کر بیڈ پر گرتے ہوئے وہ پھوٹ پھوٹ کر رونے لگی۔ ایلن بچپن سے اس کے ساتھ یہی کرتی آئی تھی۔ وہ جب بھی چرچ جانے کا نام لیتی تو ایلن کبھی کوئی بہانہ بنا دیتی کبھی کوئی اور وہ بہت کم اس کے ساتھ چرچ گئی تھی۔ وہ بھی کبھی کرسمس یا ایسٹر پر...... ورنہ کبھی نہیں، کیتھی کو جیسز کرائسٹ سے بہت زیادہ محبت تھی اور وہ ان کی بھرپور عبادت کرنا چاہتی تھی مگر ایلن کو اس کی ان باتوں سے سخت الجھن ہوتی تھی۔ ایلن بہت کیئر فری اور لبرل لائف گزار رہی تھی گو کہ اس کی عمر پینتالیس سال تھی مگر وہ اب بھی بہت ینگ اور اسمارٹ لگتی تھی۔ اس کے بہت زیادہ بوائے فرینڈز بھی تھے۔ وہ دن بھر ایک اسٹور میں کام کرتی اور شام کو بلکہ رات گئے تک وہ اپنے بوائے فرینڈز کے ساتھ بزی رہتی۔ سارا ویک اینڈ وہ ان کے ساتھ پارٹیز میں گزارتی۔ رات کو بہت دیر سے جب نشے میں دھت وہ گھر لوٹتی تو اکثر اس کی حالت ایسی ہوتی کہ اسے دیکھ کر کیتھی کو بہت رونا آتا۔ وہ کئی بار ماں سے اس بارے میں جھگڑ بھی چکی تھی مگر ایلن ہمیشہ اس کے ساتھ سختی سے پیش آتی۔ کیتھی کو ماں کی ان حرکتوں کی وجہ سے اس سے سخت نفرت ہونے لگی تھی اور جب بھی وہ کبھی اسے چھوڑ کر جانے کا ارادہ کرتی تو ایلن بری طرح رونے لگتی اور اس کے آنسو دیکھ کر کیتھی پھر اپنا ارادہ ترک کر دیتی۔ دونوں ایسے رشتے میں بندھی تھیں جس میں محبت بھی شدید تھی اور نفرت بھی۔ دونوں نہ ایک دوسرے کو چھوڑ سکتی تھیں مگر ساتھ رہتے ہوئے خوش بھی نہیں تھیں۔

کیتھی بچپن سے ہی بہت چپ اور خاموش طبع تھی اور ایلن بھی زیادہ تر مصروف رہتی کبھی کبھار اس پر پیار آتا تو اسے خوب پیار کرتی ورنہ اکثر ہی اسے نظر انداز کرتی۔ کیتھی نے جب سے آنکھ کھولی باپ کو نہیں دیکھا تھا اور جب کبھی وہ ماں سے باپ کے بارے میں پوچھتی تو وہ اسے ڈانٹ کر رکھ دیتی۔ باپ کی کمی سے اس کے اندر ہر وقت ایک اضطراب سا رہتا جب بھی وہ چھوٹے، چھوٹے بچوں کو اپنے ماں، باپ کے ساتھ پیار کرتے دیکھتی تو اس کی



PAKSOCIETY.COM
WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

آنکھوں میں آنسو آنے لگتے۔ اس نے ماں سے باپ کے بارے میں پوچھنا ہی چھوڑ دیا تھا لیکن اس کے اندر باپ کی جگہ جیسز کی محبت نے لے لی تھی۔ اس نے اپنے کمرے میں جیسز کے کتنے زیادہ مجسمے رکھے تھے اور وہ اپنی تنہائی میں ان سے باتیں کرتی تھیں۔ ایلن جب اس سے ناراض ہوتی تو وہ اس کی شکایتیں جیسز کو لگاتی اور جب کسی بات پر بہت خوش ہوتی تو سب سے پہلے جیسز کو بتاتی۔ وہ اپنا ہر دکھ سکھ جیسز کے ساتھ شیئر کرتی اور اسے یوں لگتا کہ اس کی زندگی میں جیسز سب سے اہم ہوتے جا رہے ہیں۔ وہ ان سے انتہائی شدت سے ٹوٹ کر محبت کرنے لگی تھی۔ ان کے لیے prayer کرنا چاہتی تھی مگر ایلن اس پر بہت پابندیاں لگاتی اور اسے اس بات کی سمجھ نہیں آتی تھی کہ اس کی ماں کرسچئن ہونے کے باوجود بھی کرائسٹ سے ویسی محبت کیوں نہیں کرتی جیسی وہ کرتی ہے۔

اس کی عمر تیرہ سال ہوگئی تھی مگر اس کی ماں کے رویے میں ذرا سا بھی فرق نہیں آیا تھا۔ کیتھی جب بھی فارغ ہوتی تو مدر میری اور جیسز کو آپس میں پیار کرتے ہوئے ان کی ڈرائنگو بناتی اور ان سے اپنی محبت کا اظہار کرتی۔ کیتھی کو ڈرائنگو اور اسکیچ بنانے کا بہت شوق تھا۔ اکثر فارغ وقت میں وہ چھوٹی، چھوٹی شارٹ اسٹوریز بھی لکھتی۔ جس میں وہ اپنے اندر کا اضطراب اور ڈپریشن کہانی کی صورت میں بیان کرتی اس کی تحریر میں دکھ کا عنصر بہت نمایاں ہوتا تھا۔ دس سال کی عمر میں اس کی ایک شارٹ اسٹوری بچوں کے ایک میگزین میں شائع ہوئی تو وہ بہت زیادہ خوش تھی اور سارا دن ماں کا انتظار کرتی رہی۔ جب شام کو تھکی ہوئی ایلن گھر لوٹی تو کیتھی بھاگتی ہوئی اس کے پاس آگئی اور اسے میگزین دکھایا۔ ایلن نے ایک نظر اسے دیکھا اور منہ بنا کر سائڈ پر رکھ دیا اور جمائی لیتے ہوئے اٹھ کر وہاں سے چلی گئی۔ اس کے بعد کیتھی نے اسے نہ کبھی اپنی کوئی ڈرائنگ دکھائی اور نہ ہی شارٹ اسٹوری پڑھنے کو دی۔ کیتھی کے اندر بے چینی کا خلا روز بروز بہت زیادہ بڑھنے لگا تھا۔

☆☆☆

مقبول انگریزی اخبار کی ایڈیٹر پیرن اپنے آفس میں بیٹھی ایک آرٹیکل پڑھنے میں مصروف تھی اور اس کی آنکھوں سے آنسو بہہ رہے تھے۔ وہ بار، بار ٹشو سے اپنی آنکھیں صاف کر رہی تھی۔ اچانک اس کا کولیگ جم دروازہ کھول کر آفس میں داخل ہوا اور پیرن کو یوں روتے دیکھ کر ایک دم پریشان ہو گیا۔

”آر یو اوکے...... اتنا کیوں رو رہی ہو؟“ جم نے حیرت سے پوچھا جواب میں پیرن نے وہ آرٹیکل اس کی طرف بڑھا دیا۔ جم آرٹیکل ہاتھ میں پکڑ کر بڑبڑانے لگا۔

"to be without a Dad....by Kethy chri--st"

جم کی آنکھیں حیرت سے پھیلنے لگیں اور پڑھتے ہوئے اس کی بھی آنکھیں نم ہونے لگیں اور چہرے پر دکھ کے تاثرات نمایاں ہونے لگے۔ آرٹیکل پڑھ کر اس نے پیرن کی طرف بڑھایا۔

"so pathetic & touchy" جم آہ بھر کر بولا۔

”جب سے مجھے یہ آرٹیکل ملا ہے میں اس کو پڑھ، پڑھ کر رو رہی ہوں۔ بچی نے کتنے دکھی انداز میں باپ کا کیریکٹر پورٹرے کیا ہے کہ اسے باپ کا کچھ پتا ہی نہیں اور خود وہ جیسز کرائسٹ کو ہی اپنا باپ سمجھتی ہے اور ان کا نام ہی اپنے نام کے ساتھ لکھتی ہے۔ اس آرٹیکل کو پڑھ کر نہ جانے کیوں مجھے بہت احساس ہونے لگا ہے کہ شاید میرا بیٹا جوائے بھی ایسا ہی فیل کرتا ہوگا۔ اس نے بھی تو کبھی اپنے باپ کو نہیں دیکھا مگر یقیناً اس کے دل میں بھی کچھ ایسی ہی فیلنگز ہوں گی۔“ اچانک پیرن کے منہ سے نکلا تو جم نے چونک کر اس کی طرف دیکھا۔

”کیا جوائے نے تم سے کبھی اپنے باپ کے بارے میں نہیں پوچھا؟“ جم نے اس کی طرف دیکھتے ہوئے سوال کیا۔

PAKSOCIETY.COM



WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY
FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 f PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

''ہاں، بچپن میں ایک دو بار اس نے پوچھا تو میں نے روتے ہوئے اس کو یہی بتایا کہ اس کے باپ کا مرڈر ہو چکا ہے پھر اس کے بعد اس نے مجھ سے کبھی سوال نہیں کیا۔'' پیرن نے آہ بھر کر بتایا۔

''اور کیا تم اس کے نام کے ساتھ اس کے فادر کا نام نہیں لکھتیں؟'' جم نے پھر پوچھا۔

''نہیں، سرنیم آئی مین میں اپنے فادر کا نام لکھتی ہوں۔'' پیرن نے اسے بتایا۔

''تو کیا اس نے تم سے کبھی اپنے religion کے بارے میں بھی نہیں پوچھا؟'' جم نے سوال کیا۔

''جوائے کو religion میں کوئی انٹرسٹ نہیں، میں نے ایک دو بار اسے اپنے religion کے بارے میں بتانے کی کوشش کی مگر اس نے کوئی زیادہ انٹرسٹ شو نہیں کیا۔ شاید ابھی اس کی عمر ایسی نہیں کہ وہ religion کو سمجھ سکے اسے تو بس آرٹ اور میوزک میں جنون کی حد تک شوق ہے۔ پینٹنگ کرتے ہوئے وہ کھانا، کھانا بھی بھول جاتا ہے اور اکثر ساری، ساری رات پینٹنگ کرنے میں مصروف رہتا ہے تو اس کے لیے religion کیا میٹر کرے گا اور ویسے بھی ہمیں گاڈ کی ضرورت تب محسوس ہوتی ہے جب ہم زیادہ دکھی اور ڈپریسڈ ہوتے ہیں اور جوائے کی ہر ضرورت ٹائم پر پوری ہو جاتی ہے تو شاید اسے گاڈ کی ضرورت ابھی اتنی محسوس نہیں ہوتی۔'' پیرن نے سانس لیتے ہوئے کہا۔

''یس یو آر رائٹ۔'' جم نے آہ بھر کر جواب دیا۔

''اور یہ لڑکی کیتھی...... کیتھی کرائسٹ اسی لیے خداوند کے بارے میں زیادہ کونشس ہو رہی ہے کیونکہ وہ ڈپریسڈ بھی ہے اور دکھی بھی۔''

''نہ جانے کیوں میرا اس لڑکی سے ملنے کو دل چاہ رہا ہے۔'' پیرن نے آہ بھر کر کہا۔

''ہاں تو تم اس سے رابطہ کرنے کی کوشش کرو۔'' جم نے کہا۔

''یہی تو پرابلم ہے کہ اس نے اپنا کوئی ایڈریس اور فون نمبر نہیں لکھا۔'' پیرن نے افسردگی سے کہا تو جم سوچ میں پڑ گیا۔

''تو تم ایسا کرو کہ جب اس کا آرٹیکل شائع کرو گی تو اس کے ساتھ لکھ دینا کہ وہ تم سے کانٹیکٹ کرے۔'' جم نے رائے دی۔

''ہاں...... تم ٹھیک کہہ رہے ہو میں جلد ہی اس آرٹیکل کو میگزین میں لگاتی ہوں۔'' پیرن نے اسے فائل میں رکھتے ہوئے کہا اور دونوں باتیں کرنے لگے۔

☆☆☆

کیتھی بہت افسردہ اپنے کمرے میں لیٹی ہوئی چھت کو گھور رہی تھی۔ رات بہت گہری ہو چکی تھی اور باہر شدید برف باری اور ٹھنڈ تھی۔ آج ویک اینڈ تھا اور اس کی ماں ابھی تک گھر نہیں لوٹی تھی۔

کیتھی نے آج دن بھر کچھ نہیں کھایا تھا اور اسے بھوک سے نیند بھی نہیں آ رہی تھی۔ وہ اٹھ کر کمرے میں چکر لگانے لگی اور کھڑکی کا پردہ سرکا کر باہر دیکھنے لگی۔ اندھیرے میں اسے باہر، ہر طرف برف ہی برف دکھائی دی تو اسے عجیب سا خوف آنے لگا۔ وہ جلدی سے پردے کھڑکی کے آگے کر کے قدرے خوف زدہ ہو کر بیڈ پر بیٹھ گئی اور سائڈ پر رکھے کرائسٹ کے مجسمے کو ہاتھ میں پکڑ کر بری طرح سسکنے لگی۔

''فادر...... آئی ایم آل آلون hungry and scared۔'' وہ مجسمے کو اپنے ساتھ لگا کر پھوٹ، پھوٹ کر رونے لگی۔

''مام بھی ابھی تک نہیں آئی۔ اسے میرا کوئی خیال نہیں اور آپ کو بھی مجھ سے کوئی محبت نہیں۔ میں آپ سے کتنی



WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

محبت کرتی ہوں مگر آپ نے مجھے کبھی ڈیڈی کی طرح پیار نہیں کیا۔ فادر میں اپنی فیلنگز کس کو بتاؤں...... کوئی بھی میری بات سننے والا نہیں۔" پھر وہ ایک دم قدرے ہائپر ہو کر رونے چلانے لگی اس کی آواز اتنے سناٹے میں ہر طرف زور، زور سے گونجنے لگی اور وہ وہیں روتے چلاتے اور شکوے کرتے ہوئے سو گئی۔

اس نے خواب میں دیکھا کہ کرائسٹ اس کے سر پر محبت سے ہاتھ رکھ رہے ہیں اور اس نے روتے ہوئے ان کی طرف دیکھا تو کرائسٹ نے اس کی آنکھوں سے آنسو صاف کیے اور محبت سے اسے اپنے ساتھ لگاتے ہوئے بولے۔

"I am your father and I am always with you" کرائسٹ نے محبت سے اس کی پیشانی چومتے ہوئے کہا تو ایک دم کیتھی کی آنکھ کھل گئی وہ حیرت سے اِدھر اُدھر دیکھنے لگی۔ کرائسٹ اس کے پاس نہیں تھے مگر اس کے چہرے پر انتہائی خوشی کے تاثرات تھے اور وہ خوشی سے پھولی نہیں سما رہی تھی کہ جیسز خود اس کے خواب میں آئے تھے اور اسے یہ یقین دلایا تھا کہ وہی اس کے فادر ہیں۔ اس کا دل انتہائی خوشی سے جھومنے لگا اور اس کا دل چاہا کہ کوئی اس کے پاس ہو تو وہ اسے اپنے اس خواب کے بارے میں بتائے۔ باہر دروازہ زور، زور سے بجنے لگا۔

"شاید مام آگئی ہے۔" وہ قدرے بھاگتی ہوئی دروازہ کھولنے گئی۔ ایلن نشے میں دھت اندر داخل ہوئی اس کے بال بکھرے ہوئے تھے۔ لپ اسٹک پھیلی ہوئی تھی اور چہرے پر عجیب وغریب نشانات تھے وہ لڑکھڑاتی ہوئی اپنے کمرے کی طرف جانے لگی تو کیتھی نے اس کا ہاتھ پکڑ کر انتہائی خوشی سے بتانا چاہا۔

"مام، آج مجھے جیسز کرائسٹ خواب میں ملے ہیں اور......" ایلن نے بہ مشکل آنکھیں کھولتے ہوئے انتہائی غصے سے اس کی طرف دیکھا۔

"اوہ...... شٹ اپ۔" ایلن نے اسے زور سے دھکا دیا تو وہ فرش پر گر گئی۔ ایلن منہ بناتی ہوئی اور جیسز، جیسز بڑبڑاتی ہوئی اپنے کمرے کی طرف چلی گئی۔ کیتھی بری طرح رونے اور سسکنے لگی اور اٹھ کر اپنے کمرے میں آگئی۔

صبح جب وہ بیدار ہوئی تو ایلن ابھی تک اپنے کمرے میں سو رہی تھی۔ آج پھر سنڈے مارننگ تھی اور کیتھی کا دل پہلے سے بھی زیادہ شدت سے چاہنے لگا کہ وہ چرچ جائے اور جیسز کرائسٹ سے بہت باتیں کرے اور ان کی عبادت کرے لیکن اسے ایلن کے غصے سے خوف آتا تھا۔ جو اسے اکیلے چرچ جانے نہیں دیتی تھی۔ اگر وہ چلی گئی تو ایلن پھر ناراض ہوگی۔

"مام، اگر چرچ نہیں جاتی تو کیا میں بھی نہیں جاؤں گی...... نہیں، مجھے ضرور جانا چاہیے۔" کیتھی نے سوچا اور اچھا ڈریس پہن کر اور اسکارف سر پر باندھ کر ایلن کے کمرے میں آئی تو وہ گہری نیند سو رہی تھی۔ اس نے ایک ٹک ایلن کی طرف دیکھا اور کمرے سے باہر نکل گئی۔

چرچ میں سروسز کے دوران وہ بہت محو ہو کر آنکھیں بند کیے ہاتھ جوڑے جیسز کرائسٹ کے بہت بڑے مجسمے کے سامنے کھڑی ہو کر فادر کے ساتھ Prayer میں مصروف تھی۔ وہ ایک عجیب سی خوشی اور سرشاری اپنے اندر محسوس کر رہی تھی۔ کرسمس کے بعد وہ اب چرچ میں آئی تھی۔ اس نے اچانک آنکھیں کھول کر مجسمے کی طرف دیکھا تو اسے یوں لگا جیسے جیسز اسے مسکرا کر دیکھ رہے ہیں۔

"چرچ میں آنا کتنی اچھی بات ہے۔ گاڈ سے تعلق کتنا مضبوط محسوس ہوتا ہے۔ آئی ڈونٹ نو، مام مجھے یہاں آنے سے کیوں روکتی ہیں اور خود بھی نہیں آتی۔" سب سے آگے کھڑی وہ سب سے نمایاں لگ رہی تھی۔ بھرا بھرا گول چہرہ، پتلی ناک اور بڑی، بڑی بھوری آنکھیں اس نے اسکارف کو اپنے چہرے کے گرد یوں باندھ رکھا تھا کہ اس میں صرف اس کا گول چہرہ دکھائی دے رہا تھا۔ اس کے چہرے پر انتہا کی معصومیت پر آنکھوں میں گہرا دکھ دکھائی دے

PAKSOCIETY.COM



WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

رہا تھا۔ سروسز کے بعد جب سب لوگ چلے گئے تو وہ آہ بھر کر اِدھر اُدھر دیکھنے لگی۔ اس کا دل چرچ سے جانے کو بالکل نہیں چاہ رہا تھا۔ ایک درمیانی عمر کے فادر نے اس کی طرف دیکھا اور اس کے قریب آ کر حیرت سے پوچھنے لگا۔

''آر یو اوکے...... کیا کوئی پرابلم ہے؟ تم ابھی تک یہاں کیوں کھڑی ہو؟'' فادر نے پوچھا تو وہ ایک دم ہڑبڑا گئی۔

''کچھ نہیں۔'' وہ جلدی سے بولی اور گھبرا کر واپس جانے کے لیے مڑی تو فادر نے انتہائی حیرت سے اس کی طرف دیکھا اور اسے پیچھے سے آواز دی۔

''سنو۔'' کیتھی نے مڑ کر فادر کی طرف دیکھا اور ان کے قریب آئی تو وہ اس کے چہرے کی طرف بغور دیکھنے لگے۔

''تم کچھ اپ سیٹ لگ رہی ہو۔ کیا پرابلم ہے، تم مجھے اپنی بات بتا سکتی ہو۔ آئی ایم لائک یور فادر۔'' فادر نے نرمی سے کہا تو اس کی آنکھیں آنسوؤں سے بھرنے لگیں۔

''فادر۔'' وہ سسکی بھر کر بڑبڑائی۔

''ہاں...... کہو۔'' فادر نے متجسس ہو کر پوچھا۔ کیتھی کو سمجھ میں نہیں آ رہا تھا کہ وہ فادر کو کیا کچھ بتائے۔

''فادر میں نے رات کو جیسز کرائسٹ کو اپنے خواب میں دیکھا ہے اور انہوں نے مجھے بہت پیار کیا۔'' وہ آہستہ سے بولی۔

''اوہ...... رئیلی۔ دیٹس ویری گڈ کہ تم نے کرائسٹ کو خواب میں دیکھا ہے۔ یو آر ویری لکی اینڈ وِل بی بلیسڈ۔'' فادر نے اس کے سر پر محبت سے ہاتھ رکھا تو اسی وقت کلاک بجنے لگا تو اس نے گھبرا کر کلاک کی طرف دیکھا اور جلدی سے واپس جانے کے لیے مڑی۔ اس نے جلدی سے کہا۔

''اوہ، مجھے واپس جانا ہے مام انتظار کر رہی ہوں گی۔'' اور قدرے بھاگتے ہوئے وہاں سے چلی گئی فادر حیرت سے اس کی طرف دیکھتے رہے۔ جب وہ گھر پہنچی تو ایلین لاؤنج میں بیٹھی ناشتا کرنے میں مصروف تھی۔ کیتھی نے گھبرا کر ماں کی طرف دیکھا۔

''کیا تم چرچ گئی تھیں؟'' ایلین اس کے قریب آ کر غصے سے پوچھنے لگی تو کیتھی نے خاموشی سے سر جھکا دیا اور ہونٹ کاٹنے لگی۔

''کیا میں نے تمہیں چرچ اکیلے جانے سے منع نہیں کیا تھا۔ تمہیں میری بات سمجھ کیوں نہیں آتی؟'' ایلین نے غصے سے اس کا بازو جھنجوڑتے ہوئے پوچھا۔

اس نے نم آنکھوں سے ماں کی طرف دیکھا۔

''بتاؤ، تم مجھے بتائے بغیر کیوں گئی تھیں؟'' ایلین نے پھر غصے سے پوچھا۔

''مام، آپ سو رہی تھیں اور میں چرچ ضرور جانا چاہتی تھی۔'' کیتھی نے آہ بھر کر آہستہ آواز میں کہا۔

''کیوں؟'' ایلین نے خفگی سے پوچھا۔

''جیسز مجھے رات کو خواب میں ملے تھے۔'' کیتھی نے کچھ بتانا چاہا تو ایلین نے اسے سختی سے ڈانٹ دیا۔

''شٹ اپ، وہاٹ نان سینس۔ تمہیں تو کوئی خبط ہو گیا ہے۔ ہر وقت الٹی سیدھی باتیں سوچتی رہتی ہو۔ جیسز بھلا تمہیں کیوں خواب میں آ کر ملیں گے۔'' ایلین نے غصے سے کہا۔

''مام...... I swear to God۔'' کیتھی نے آہ بھر کر کہا۔

''کیتھی فضول باتیں مت کرو اور آئندہ تم چرچ میری اجازت کے بغیر کبھی نہیں جاؤ گی، سمجھیں تم؟'' ایلین نے آنکھیں نکالتے ہوئے اسے کہا۔

''کیوں مام؟'' کیتھی نے خفگی سے پوچھا۔

PAKSOCIETY.COM



WWW.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY
RSPK.PAKSOCIETY.COM

WWW.PAKSOCIETY.COM

''اس لیے کہ میں کہہ رہی ہوں اور میں تمہاری مدر ہوں۔ تمہارے لیے کچھ برا نہیں سوچ سکتی۔'' ایلن نے ایک دم آہ بھر کر نم آنکھوں سے اسے دیکھتے ہوئے کہا تو کیتھی اسے دیکھ کر چونک گئی اور بغیر کچھ کہے اپنے کمرے میں واپس چلی گئی۔ ایلن کی آنکھیں آنسوؤں سے بھرنے لگیں اور وہ انہیں اپنے ہاتھوں سے صاف کرتے ہوئے کچن میں چلی گئی۔

☆☆☆

سنڈے نائٹ کو پیرن ہمیشہ پُر تکلف کھانا بنایا کرتی تھی۔ تب جم، جوائے اور وہ کھانے کی ٹیبل پر خوب باتیں کرتے اور بہت ہی انجوائے کیا کرتے۔ حسبِ معمول آج بھی پیرن ٹیبل پر کھانا لگا کر جم اور جوائے کا انتظار کر رہی تھی۔ وہ دونوں مارکیٹ کچھ شاپنگ کرنے گئے ہوئے تھے۔ آج سنڈے میگزین میں کیتھی کی اسٹوری شائع ہوئی تھی اس لیے پیرن کو بے شمار ٹیلی فون کالز آ رہی تھیں۔ لوگوں نے اس کی اسٹوری کو بہت پسند کیا تھا اور کئی لوگوں نے تو کیتھی کے بارے میں باقاعدہ روتے ہوئے سوال بھی کیے تھے مگر پیرن اس کے بارے میں خود ہی کچھ نہیں جانتی تھی تو انہیں کیا بتاتی۔ پیرن کو انتظار تھا کہ شاید کیتھی بھی اسے کال کرے گی مگر کیتھی نے اس سے کوئی رابطہ نہیں کیا تھا۔ اس نے ایک کال سن کر موبائل آف کیا اور کافی افسردہ موڈ میں صوفے پر بیٹھی تھی کہ جب جم اور جوائے شاپنگ بیگز اٹھائے اندر داخل ہوئے۔ دونوں نے اس کی طرف چونک کر دیکھا مگر پیرن نے جلدی سے اپنے موڈ کو نارمل کیا کیونکہ وہ جوائے کے سامنے اس آرٹیکل کا ذکر بھی نہیں کرنا چاہتی تھی کہ کہیں جوائے اس سے بھی اپنے باپ کے بارے میں سوالات نہ کرنے لگے۔

اس نے جلدی سے شاپنگ بیگز اٹھائے اور کچن میں چلی گئی لیکن جم اس کے چہرے کے تاثرات سے اس کے اندر کی پریشانی کا اندازہ لگا رہا تھا۔ جوائے اپنا ڈریس اور شوز چینج کرنے اپنے کمرے میں گیا تو جم، پیرن کے پاس کچن میں آ گیا اور اس کی اداسی کی وجہ پوچھنے لگا۔

''آج کیتھی کا آرٹیکل شائع ہوا ہے اور لوگوں نے اس کے بارے میں مختلف سوالات کر کے مجھے بہت اپ سیٹ کر دیا ہے۔'' پیرن نے آہ بھر کر کہا۔

''پلیز پیرن...... بی بریو اینڈ اسٹرانگ۔'' جم نے اسے تسلی دیتے ہوئے کہا۔ جوائے وسلنگ کرتا ہوا کمرے سے نکل کر ڈائننگ ٹیبل پر بیٹھ گیا اور انہیں آوازیں دینے لگا۔ پیرن اور جم جلدی سے کچن سے نکل کر اس کے پاس لاؤنج میں چلے گئے اور تینوں بیٹھ کر کھانا کھانے لگے۔ پیرن بہت چپ، چپ تھی جم چونکہ اس کی خاموشی کی وجہ جانتا تھا اس لیے اس نے کوئی نوٹس نہ لیا اور چپ چاپ کھانا کھانے لگا جبکہ جوائے کھانا کھاتے ہوئے بار، بار ماں کی طرف حیرت سے دیکھ رہا تھا۔ پیرن خاموشی سے آہستہ، آہستہ کھانا کھا رہی تھی اور اپنی ہی سوچوں میں گم تھی۔

''مام، کیا آپ ٹھیک ہیں؟'' جوائے نے بغور اسے دیکھتے ہوئے سوال کیا تو پیرن نے چونک کر اس کی طرف دیکھا۔

''نہیں...... میری طبیعت کچھ ٹھیک نہیں۔'' پیرن نے آہستہ سے جواب دیا اور اٹھ کر وہاں سے جانے لگی۔ ''میں اپنے کمرے میں آرام کرنے جا رہی ہوں۔'' پیرن کہہ کر وہاں سے چلی گئی تو جوائے حیرت سے جم کی طرف دیکھنے لگا۔

''مام، کو کیا ہوا ہے؟ وہ کچھ اپ سیٹ لگ رہی ہیں؟'' جوائے نے پوچھا تو جم نے اس کی طرف بغور دیکھا پر خاموش رہا۔

''جم انکل، کیا کوئی سیریس بات ہے؟ آئی تھنک آپ جانتے ہیں کہ مام کیوں اپ سیٹ ہیں؟'' جوائے نے اس کی طرف دیکھ کر اصرار کرتے ہوئے پوچھا۔

''تھنگ اسپیشل۔'' جم نے آہ بھر کر کہا اور ٹشو پیپر سے اپنا منہ صاف کرنے لگا۔

PAKSOCIETY.COM



WWW.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY
RSPK.PAKSOCIETY.COM

WWW.PAKSOCIETY.COM

''مگر مام پہلے تو کبھی اتنی اپ سیٹ نہیں ہوئیں۔ اب کیوں؟ پلیز جو بھی بات ہے مجھے صاف، صاف بتائیں۔ مجھے بہت ٹینشن ہو رہی ہے۔'' جوائے نے جھنجلا کر کہا تو جم نے اِک نظر اس کی طرف دیکھا۔

''او کے، پر اس کی جو باتیں میں تم سے کہوں گا وہ تم کسی سے بھی.... ڈسکس نہیں کرو گے۔ اپنی مام سے بھی نہیں۔'' جم نے اس کی طرف بغور دیکھتے ہوئے معنی خیز انداز میں اپنا ہاتھ اس.... سامنے پھیلاتے ہوئے کہا تو جوائے نے چونک کر اس کی طرف دیکھا۔

''او کے...... پرامس۔'' جوائے نے اس کے ہاتھ پر اپنا ہاتھ رکھتے ہوئے کہا۔

''تمہاری مام تمہارے ڈیڈ کی وجہ سے پریشان ہے۔'' جم نے آہستہ آواز میں کہا۔

''میرے ڈیڈ کی وجہ سے مگر ان کا تو مرڈر ہو چکا ہے۔ وہ اب کیوں پریشان ہیں؟'' جوائے نے حیرت سے پوچھا۔

''اس وجہ سے نہیں بلکہ تمہارے ڈیڈ نے جو کچھ اس کے ساتھ کیا وہ اس کی وجہ سے آج اپ سیٹ ہے۔ اس کی باتیں آج اسے یاد آ رہی ہیں۔'' جم نے معنی خیز انداز میں آنکھیں گھماتے ہوئے کہا تو جوائے نے حیرت سے اسے دیکھا۔

''ک...... کیا...... مطلب؟ میں سمجھا نہیں؟'' جوائے نے چونک کر پوچھا۔

''کیا تم جانتے ہو کہ تمہارا باپ کون تھا؟'' جم نے پوچھا۔

''نہیں۔'' جوائے نے نفی میں سر ہلاتے ہوئے کہا۔

''he was a muslim اور مسلم پورے ورلڈ میں اپنے دھوکے، ظلم اور بری باتوں کی وجہ سے بدنام ہیں۔ وہ اس دنیا کے سب سے worst لوگ ہیں جبکہ تمہاری ماں پارسی ہے۔ calm & cool people۔'' جم نے انتہائی نفرت اور مکاری سے نتھنے پھیلاتے ہوئے کہا۔

''کیا وہ واقعی اتنے برے لوگ ہیں؟'' جوائے نے انتہائی حیرت سے پوچھا۔

''یس۔'' اور وہ اپنی ہرزہ سرائی کرنے لگا۔

''اگر وہ اتنے برے ہیں تو مما نے اس سے شادی کیوں کی؟'' جوائے نے حیرت سے پوچھا۔

''دھوکے سے he was a treacherous تمہاری مام بہت سمپل تھی اور تمہارا ڈیڈ بہت ظالم انسان تھا۔ اس نے تمہاری مام کو بہت دھوکے دیے۔ اس سے اس کا سب کچھ چھین لیا۔ وہ تمہیں بھی اس سے چھیننا چاہتا تھا مگر اس کی ڈیتھ ہو گئی۔ اگر تمہاری مام تمہیں جرمنی لے کر نہ آتی تو نہ جانے تمہارے گرینڈ پیرینٹس تمہارا کیا حال کرتے۔ تھینکس گاڈ یو آر سیوڈ۔'' جم نے نادیدہ اندیشے سے کہا اور پھر اس کے کندھے پر ہاتھ رکھ دیا یا تو جوائے کے چہرے پر نفرت اور غصے کے تاثرات نمایاں ہونے لگے۔

''جوائے، تم شکر کرو کہ تم مسلم نہیں ہو ورنہ یہاں بھی سب لوگ تم سے بہت نفرت کرتے۔ ساری دنیا میں لوگ مسلمز سے بہت نفرت کرتے ہیں۔'' جم نے نفرت بھرے انداز میں کہا تو جوائے کی آنکھوں میں بھی حیرت اور نفرت کے تاثرات دکھائی دینے لگے۔

''مجھے تو حیرت ہو رہی ہے کہ مام کو اتنے ظالم انسان کا پہلے کیوں نہ پتا چلا۔ مام نے کیوں شادی کی کیا وہ اس سے محبت کرتی تھیں؟'' جوائے نے غصے سے پوچھا۔

''ہاں...... اور محبت کے نام پر اس نے تمہاری مام کو ایکسپلائٹ کیا۔ بہت بڑا دھوکا دیا، اس کی ساری زندگی برباد کر دی۔'' جم نے آنکھوں میں آنسو بھر کر اس قدر افسردگی سے کہا کہ جوائے کو غصہ آنے لگا۔

''کاش...... وہ شخص زندہ ہوتا تو میں اپنے ہاتھوں سے اس کا گلا گھونٹ دیتا۔ اسے اپنے ہاتھوں سے مار دیتا۔'' جوائے نے غصے سے اپنے دونوں ہاتھوں کو پھیلا کر دانت کچکچا کر کہا تو جم کے چہرے پر معنی خیز مسکراہٹ پھیلنے لگی۔

PAKSOCIETY.COM



WWW.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY
RSPK.PAKSOCIETY.COM

WWW.PAKSOCIETY.COM

''اس سے کیا ہوتا، وہ مر جاتا وہ تو پہلے ہی مر چکا ہے۔ گاڈ نے تمہارا انتقام تو اس سے پہلے ہی لے لیا۔ جو لوگ دوسروں کے ساتھ برا کرتے ہیں گاڈ ان سے ایسے ہی بدلے لیتا ہے۔'' جم نے شدید نفرت سے کہا۔

''گاڈ نے میرا بدلہ لیا ہے؟'' جوائے نے حیرت سے پوچھا۔

''ہاں، تمہاری ماما معصوم تھی اور تم بھی چھوٹے بچے تھے۔ تمہارے باپ نے تم دونوں کے ساتھ بہت ظلم کیا۔ اس لیے گاڈ نے اس کا مرڈر کرا دیا۔'' جم نے گہری سانس لیتے ہوئے کہا تو جوائے حیرت سے اس کی طرف دیکھنے لگا مگر اس کی رگوں میں خون بری طرح کھول رہا تھا۔ اس کے چہرے کی سفید رنگت انتہائی سرخ ہو کر اس کے اندر لگی آگ کا پتا دے رہی تھی۔ جم اس کے اندر کی صورتِ حال کا اچھی طرح اندازہ کر رہا تھا۔

''رات بہت گہری ہو رہی ہے۔ صبح مجھے آفس بھی جانا ہے۔ اب میں چلتا ہوں۔ گڈ نائٹ مائی سن۔'' جم نے کھڑے ہو کر اس کی پیشانی کو چومتے ہوئے کہا اور جوائے کو وہیں پریشان چھوڑ کر چلا گیا۔ جوائے انتہائی پریشان پیرن کے کمرے میں گیا اور دروازہ کھول کر اندر جھانکا۔ وہ گہری نیند سو رہی تھی مگر اس کے چہرے پر دکھ کے تاثرات نمایاں تھے۔ اسے دیکھ کر جوائے کی آنکھیں نم ہونے لگیں اور وہ دروازہ بند کر کے اپنے کمرے میں واپس لوٹ آیا۔ اسے نیند نہیں آ رہی تھی وہ بیڈ پر لیٹا مگر کروٹیں بدلتا ہوا اٹھ گیا۔ اس کے کانوں میں جم کے الفاظ بار بار گونج رہے تھے۔

"Muslims are killer, brute and terrorist"۔ اس کے دل میں مسلمانوں کے خلاف نفرت کے جذبات پیدا ہونے لگے۔ اسے افسوس ہونے لگا کہ وہ ایک مسلم کا بیٹا ہے۔ وہ مسلمانوں کے بارے میں کچھ بھی نہیں جانتا تھا۔ کبھی کبھار اسکول میں کسی اسٹوڈنٹ کے بارے میں معلوم ہوتا کہ وہ مسلم ہے تو وہ کوئی خاص توجہ نہ دیتا کیونکہ اسے ان سے کوئی سروکار نہیں تھا اور اب یہ جان کر کہ مسلمز بہت ظالم ہوتے ہیں اور اس کا باپ بھی ایسا ہی تھا تو اسے اپنے آپ پر اور پیرن پر غصہ آنے لگا۔ وہ اٹھ کر کمرے میں چکر لگانے لگا اور پھر کچھ سوچتے ہوئے اس نے نیٹ آن کیا تو پیج پر نیوز میں پوری دنیا میں ہونے والے مظاہروں کے بارے میں خبریں تھیں خاص طور پر پاکستان میں جتنا تشدد ہوا تھا اور ہنگاموں میں کتنے لوگ زخمی اور شہید ہوئے تھے ان کے بارے میں خبریں پڑھ کر اس کے چہرے پر حیرت اور غصے کے تاثرات نمایاں ہونے لگے۔

''اس کا مطلب ہے جم انکل نے جو کچھ کہا ہے وہ بالکل ٹھیک کہا ہے۔ they are violent people۔ میرا بس چلے تو ان سب کو شوٹ کر دوں۔'' جوائے نے غصے سے سوچا اور نیٹ آف کر دیا اور پھر بیڈ پر لیٹ گیا۔

''اب میں سوائے پریشان اور افسردہ ہونے کے اور کیا کر سکتا ہوں۔'' جوائے نے چھت کی طرف گھورتے ہوئے سوچا۔

''کاش...... میں مسلمز کو برباد کرنے کے لیے کچھ کر سکوں تاکہ میں اپنی ماں کا بدلہ ان سے لے سکوں۔'' اس نے انتہائی نفرت سے انتقامی انداز میں سوچا اور آنکھیں بند کر لیں مگر اس کا ذہن پوری طرح متحرک تھا اور پلاننگ کرنے میں مصروف تھا۔

☆☆☆

کیتھی اسکول سے گھر لوٹی تو سارے دروازے کھلے ہوئے تھے۔ وہ حیرت سے اِدھر اُدھر دیکھتے ہوئے لاؤنج میں داخل ہوئی تو اسے ایلن کے کمرے سے اس کے زور، زور سے کھانسنے کی آوازیں آنے لگیں۔ اس نے گھبرا کر حیرت سے اس کے کمرے کی طرف دیکھا اور بیگ وہیں چھوڑ کر جلدی سے اس کے کمرے میں چلی گئی۔ ایلن کی طبیعت بہت زیادہ خراب تھی اور وہ کھانستے ہوئے بیڈ پر لوٹ پوٹ ہو رہی تھی۔

PAKSOCIETY.COM



WWW.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
RSPK.PAKSOCIETY.COM PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM


''مام...... مام آپ کو کیا ہوا ہے؟'' کیتھی نے گھبرا کر ماں کو جھنجوڑتے ہوئے پوچھا۔

''میری طبیعت آج صبح سے بہت خراب ہے بیٹا۔ معلوم نہیں مجھے کیا ہو رہا ہے؟'' ایلین نے آنکھیں بند کر کے کراہتے ہوئے کہا تو کیتھی اس کی حالت دیکھ کر رونے لگی۔

''مام، پلیز اسپتال چلتے ہیں۔'' کیتھی نے اس کا بازو پکڑتے ہوئے کہا۔

''نہیں...... میں کہیں نہیں جا سکتی۔ کیتھی میری الماری میں ایک ڈائری رکھی ہے اس میں تمہیں، تمہارے سب سوالوں کے جواب مل جائیں گے۔ مجھے یوں لگ رہا ہے کہ اب میں زندہ نہیں رہوں گی۔'' ایلین نے اپنے پیٹ کو دونوں ہاتھوں سے پکڑتے ہوئے انتہائی شدید درد سے کراہتے ہوئے کہا تو کیتھی بری طرح رونے لگی۔

''پلیز مام ایسا مت کہیں...... میں آپ کے بغیر کیسے زندہ رہوں گی؟ پلیز مام چلیں اسپتال میرے ساتھ۔'' کیتھی بری طرح رو رہی تھی۔

''نہیں، میری بیماری کا علاج کسی اسپتال میں نہیں۔'' پھر ایک دم اس نے ہچکی بھری اور خون کی الٹی کر دی۔ کیتھی ہکا بکا اسے دیکھنے لگی اور الٹی کرتے ہی ایلین کی حالت مزید بگڑنے لگی، بیڈ پر تڑپتے ہوئے اس نے کیتھی کا ہاتھ اپنے ہاتھوں میں پکڑا اور اسے اپنی آنکھوں کے ساتھ لگا کر روتے ہوئے اسے چومنے لگی۔

''I love you too much مائی ڈیر۔'' ایلین نے انتہائی محبت سے روتے ہوئے کہا اور ایک دم اس کی سانس جیسے رکنے لگی۔ کیتھی گھبرا کر ماں کو دیکھنے لگی اور زور، زور سے اسے ہلاتے ہوئے مام، مام پکارنے لگی مگر ایلین ہمیشہ کے لیے خاموش ہو چکی تھی۔ کیتھی اس کے سینے پر سر رکھ کر پھوٹ، پھوٹ کر رونے لگی اسے سمجھ میں نہیں آ رہا تھا کہ وہ کیا کرے اس نے تو ماں کے علاوہ دنیا میں کوئی اور رشتہ دیکھا ہی نہیں تھا وہ ماں سے جب بھی جھگڑتی تو پھر خود بخود اس کے ساتھ لپٹ کر اسے منا لیتی۔ وہ کبھی ماں کے ساتھ زیادہ دیر تک ناراض نہیں رہ سکتی تھی اور وہ اپنی اس کمزوری سے اچھی طرح واقف تھی۔ اسے ماں سے بہت محرومیاں بھی ملی تھیں اور وہ تنہائی میں اکثر اس کے ساتھ بہت گلے شکوے بھی کرتی مگر جب بھی وہ سامنے آتی تو اس سے ساری ناراضی بھول جاتی۔ ایلن بھی اس سے بہت محبت کرتی تھی مگر جوں، جوں وہ بڑی ہو رہی تھی تو ایلین کے اندر بہت تلخی پیدا ہوتی جا رہی تھی۔ وہ جب بھی کوئی نیا ڈریس پہن کر آتی اور خوب صورت لگتی تو ایلین اس کی تعریف کرنے کے بجائے اس پر غصہ کرنے لگتی۔ کیتھی کو ماں کے اس رویے کی سمجھ نہیں آتی تھی اور وہ دل ہی دل میں سوچتی کہ شاید اس کی خوب صورتی دیکھ کر اس کی ماں اس سے جیلس ہونے لگتی ہے مگر وہ خود بھی تو بہت خوب صورت تھی تو پھر بھلا وہ اس سے کیوں جیلس ہوتی۔ اکثر اسے اپنی ماں کی باتوں اور رویے کی سمجھ نہیں آتی تھی اور اس کے ذہن میں بہت سارے سوالات اٹھتے تھے جن کو وہ ایلین سے پوچھنے کی کوشش کرتی تو ایلین اسے بری طرح جھڑک دیتی اور پھر کیتھی کبھی اس سے کچھ پوچھنے کی کوشش نہ کرتی۔ کیتھی بہت اپنے آپ میں مگن رہنے والی بچی تھی۔ وہ زیادہ تر خاموش رہتی۔ اس نے اپنی دنیا ایسی بنا رکھی تھی جس میں وہ زیادہ تر خوش رہتی تھی اس کی فینٹسی ورلڈ باہر کی دنیا سے میچ نہیں کرتی تھی۔ وہ جو کچھ سوچتی اسے اپنی پینٹنگز اور اسٹوریز کی شکل میں لکھ دیتی۔ وہ بہت نازک اور حساس تھی۔ وہ محبت میں ذرا سی بھی دل آزاری ہونے سے بہت ٹوٹ پھوٹ جاتی تھی۔

☆☆☆

ایلین کی burial (تدفین) کے بعد وہ اس کے کمرے میں الماری کے پاس کھڑی ہو کر اس ڈائری کو تلاش کرنے لگی جس کے بارے میں اس کی ماں نے بتایا تھا بہت تلاش کے بعد اسے کپڑوں کے نیچے ایک ڈبا دکھائی دیا تو اس نے اسے حیرت سے کھولا اس میں ایک ڈائری اور ایک اخبار کی کٹنگ تھی جس میں ایک پادری کی کرسمس کے موقع پر مبہم سی تصویر تھی۔ وہ کٹنگ دیکھ کر حیرت سے چونک گئی اور بار، بار اس تصویر کو دیکھنے لگی اس نے اس پادری کو

PAKSOCIETY.COM



WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 f PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

پہلے کبھی نہیں دیکھا تھا۔

''مام نے یہ پکچر کیوں رکھی ہے؟'' اس نے حیرت سے اپنے آپ سے پوچھا اور پھر ڈائری کھول کر پڑھنے لگی۔ ڈائری میں مختلف ڈیٹس ڈال کر باتیں لکھی گئی تھیں مگر اس نے ڈائری کو سب سے آخر سے پڑھنا شروع کیا۔

''ڈیئر کیتھی!

میرے پاس زندگی کے دن بہت کم رہ گئے ہیں کیونکہ مجھے lungs کینسر ہے اور میں نے تم سے یہ بات چھپانے کی ہر ممکن کوشش کی کیونکہ میں جانتی تھی کہ جب بھی تمہیں یہ بات پتا چلے گی تو تم رونا شروع کر دو گی اور میں تمہیں کبھی روتا ہوا نہیں دیکھ سکتی۔ میں تم سے بہت محبت کرتی ہوں مگر میں نے تمہیں جان بوجھ کر کبھی اپنی شدید محبت کا احساس نہیں دلایا۔ یہ سوچ کر کہ اب ساری زندگی تمہیں میرے بغیر ہی زندہ رہنا ہے۔ میں چاہوں گی کہ تمہاری زندگی میری زندگی سے بہت اچھی گزرے، میں نے جس دلدل میں زندگی گزاری ہے اس نے مجھے کبھی پُرسکون نہیں رہنے دیا اور مجھے اس دلدل میں دھکیلنے والا فادر فریڈرک ہنری ہے، میں اسی لیے تمہیں چرچ جانے سے منع کرتی تھی کیونکہ میں نہیں چاہتی تھی کہ تمہارے ساتھ بھی کوئی ایسا برا حادثہ پیش آئے جو تمہاری زندگی کو برباد کر دے۔ کبھی میں بھی تمہاری طرح بہت religious ہوا کرتی تھی اور جیسز کرائسٹ سے بہت محبت کیا کرتی تھی۔ ہر سنڈے کو چرچ جانا اور گاڈ کی prayer کرنا مجھے بہت اچھا لگتا تھا۔ وہیں میری ملاقات جارج سے ہوئی۔ جارج وہاں clergy man تھا۔ ہم دونوں ایک دوسرے کو پسند کرنے لگے۔ میں اتنی خوب صورت تھی کہ جس کی طرف بھی دیکھتی تھی وہ میری محبت میں گرفتار ہو جاتا تھا۔ وہیں چرچ میں فادر ہنری اور جارج سے میری اکثر ملاقاتیں ہونے لگیں۔ فادر ہنری سے کبھی زیادہ بات چیت نہیں ہوئی تھی۔ میں صرف جارج کے پاس بیٹھ کر بائبل سنا کرتی تھی۔ جارج کا بات کرنے کا انداز بہت اچھا تھا۔ خاص طور پر جب وہ سالمز (psalms) پڑھتا تو وہ مجھے بہت اچھا لگتا اس کے پاس بیٹھ کر مجھے عجیب سی روحانی خوشی محسوس ہوتی تھی۔ فادر ہنری جب بھی گزرتے ہوئے ہم دونوں کو بیٹھے دیکھتے تو ان کے چہرے پر عجیب سے تاثرات نمایاں ہونے لگتے وہ مجھے معنی خیز انداز میں دیکھتے ہوئے خاموشی سے وہاں سے چلے جاتے۔ میں نے کبھی ان کی ان حرکات کا نوٹس نہیں لیا تھا۔ میں تو بس جارج کے ساتھ بزی رہتی، اس کی کمپنی سے خوش ہوتی، اس کی باتوں کو انجوائے کرتی، رفتہ رفتہ مجھے اس سے شدید محبت ہونے لگی۔ میں ہر روز چرچ صرف اس سے ملنے جایا کرتی۔ ایک روز جب بہت زیادہ سردی تھی اور باہر برف باری ہو رہی تھی تو میں چرچ چلی گئی۔ جس جگہ مجھے جارج ملا کرتا تھا وہ جگہ خالی تھی۔ میں پریشان ہو کر جارج کو تلاش کرتی ہوئی اِدھر اُدھر گھومنے لگی کہ اچانک فادر ہنری میرے سامنے آ گئے میں ایک دم بری طرح گھبرا گئی اور قدرے ہکلا کر جارج کے بارے میں پوچھا تو فادر نے چونک کر معنی خیز انداز میں مجھے دیکھا مگر میں کچھ بھی نہیں۔

''جارج کی طبیعت ٹھیک نہیں ہے، اسے بہت شدید ٹھنڈ لگ گئی ہے اور وہ اپنے روم میں ہے۔'' فادر نے کہا تو میں بری طرح گھبرا گئی اور انتہائی تیزی سے بھاگتی ہوئی چرچ سے ملحقہ اس عمارت میں چلی گئی جہاں فادر ہنری کے علاوہ دوسرے لوگ بھی رہتے تھے۔ مجھے کچھ خاص علم نہیں تھا۔ ساری عمارت سنسان پڑی تھی میں کاریڈور سے ہو کر واپس جانے کے لیے مڑی تو فادر نے اچانک پیچھے سے جھپٹ کر مجھے اپنی گرفت میں لے لیا اور اپنے کمرے میں لے گئے۔ میں رونے اور چلّانے لگی اور سامنے پڑے کرائسٹ کے مجسمے کی طرف دیکھ کر فادر کو پیچھے دھکیلتی رہی مگر فادر اس وقت devil بن چکا تھا۔ اس نے میری ایک نہ سنی اور مجھے برباد کر دیا۔ میں بہت بری طرح ٹوٹ پھوٹ چکی تھی۔ جب گھر واپس لوٹی تو مجھے یوں لگا کہ میری دنیا بالکل ختم ہو چکی ہے۔ فادر میرے ساتھ ایسا کریں گے میں کبھی سوچ بھی نہیں سکتی تھی۔ اس کے بعد پھر میں کبھی فرینکفرٹ چرچ نہیں گئی، میں برلن آ گئی پھر اچانک مجھے پتا چلا



WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

کہ تمہارا وجود میرے اندر پنپ پارہا ہے تو میں نے تمہیں ختم کروانے کی اس لیے کوشش نہ کی کہ میری ٹوٹی پھوٹی زندگی میں تم امید کی کرن بن کر آرہی تھیں۔ جو مجھے زندہ رکھے گی لیکن جب میں اپنے آپ کی طرف دیکھتی تو تمہیں فوراً ختم کرانے کا سوچتی...... میں کبھی تمہیں زندہ رکھنا چاہتی اور کبھی مارنا چاہتی اسی کشمکش میں بہت وقت گزر گیا مگر مجھ میں کبھی یہ حوصلہ نہ پیدا ہو سکا کہ تمہیں ختم کروادوں اور پھر جب تم پیدا ہوئیں تو میں تمہیں اسی چرچ کے فادر کے پاس لے گئی۔ فادر جیسز کے مجسمے کے پاس بیٹھے بائبل پڑھ رہے تھے۔ میں نے تمہیں جیسز کے قدموں میں رکھا اور فادر کی طرف دیکھنے لگی۔ فادر نے مجھے اچھی طرح پہچان لیا تھا مگر یوں نظر انداز کیا جیسے وہ مجھے جانتے ہی نہ ہوں۔

''یہ آپ کی بیٹی ہے۔ جسے میں نے جنم دیا ہے اور اس کے باپ آپ ہیں۔'' میں نے فادر سے کہا تو فادر کے چہرے پر ایک دم شدید غصہ آگیا وہ بائبل بند کر کے مجھ پر بری طرح چلانے لگے۔

''شٹ اپ، کیا تم جانتی ہو کہ تم کس پر اتنا بڑا الزام لگا رہی ہو تم ایک (فحش گالی) ہو نہ جانے کس کا گناہ میرے سر تھوپ رہی ہو، تمہیں یہ بات کرتے ہوئے بھی شرم آنی چاہیے۔'' میں غصے سے رونے اور چلانے لگی تو میری آواز سن کر چرچ کے کچھ اور لوگ جن میں جارج بھی تھا وہاں آگئے، میں جارج کو دیکھ کر ایک دم حیران رہ گئی اور روتے ہوئے جارج کو فادر کے بارے میں بتانے لگی۔

''یہ جھوٹ بول رہی ہے۔ جارج جب سے تم اٹلی گئے تھے میں نے اسے کبھی یہاں نہیں دیکھا۔ یہ مجھ پر الزام لگا رہی ہے اور جارج کیا تم مجھے نہیں جانتے میں اس چرچ میں جوان اور بوڑھا ہوا ہوں۔ آج تک مجھ پر کسی نے ایسا الزام نہیں لگایا جو یہ لگا رہی ہے۔'' فادر نے اپنی آنکھوں کو نم کرتے ہوئے کہا تو جارج نے غصے سے میری طرف دیکھا۔

''ایلین تم اس حد تک بھی گر سکتی ہو مجھے یقین نہیں آرہا۔ تمہیں فادر کے بارے میں ایسا کہتے ہوئے شرم آنی چاہیے۔ اٹھاؤ اپنے اس گناہ کو اور لے جاؤ یہاں سے۔'' جارج نے انتہائی غصے سے آنکھیں نکالتے ہوئے مجھے کہا تو میں رونا شروع ہوگئی۔

''جارج...... کیا تمہیں مجھ پر ٹرسٹ نہیں؟'' میں نے اس سے روتے ہوئے پوچھا۔

''نہیں۔'' جارج نے انتہائی رکھائی سے جواب دیا اور وہاں پر موجود لوگوں نے...... تمہیں میری گود میں دے کر مجھے دھکے دے کر چرچ سے باہر نکال دیا۔ میں وہ شہر چھوڑ کر تمہیں لے کر یہاں آگئی اور اسٹور پر کام کرنے کے ساتھ، ساتھ میں نے ایک بے راہ روی کی زندگی گزاری کیونکہ میرا اب زندگی سے اعتبار اٹھ چکا تھا۔ میری زندگی میں نہ مذہب کی کوئی اہمیت رہی نہ جیسز کی اور نہ ہی چرچ کی۔ فادر نے جیسز کے سامنے یہ سب کیا اور وہ خاموشی سے دیکھتے رہے۔ اس دن میرا ان پر سے ایمان، یقین اور اعتبار اٹھ گیا اور پھر جب میں نے تمہیں ان کے قدموں میں رکھا تو یہی سوچ کر کہ فادر جیسز کے سامنے جھوٹ نہیں بولیں گے اور تمہیں ضرور اپنا لیں گے مگر وہ جھوٹ پر جھوٹ بولتے چلے گئے مگر تب بھی انہیں جیسز نے کچھ نہ کہا اور میں بے گناہ ہوتے ہوئے بھی گناہ گار اور مجرم ٹھہرادی گئی۔

کیتھی، جس گاڈ کی تلاش میں تم چرچ میں جاتی ہو وہ وہاں نہیں۔ جو گاڈ اپنے معصوم بندوں کو نہیں بچا سکتا وہ کیسا گاڈ ہے؟ تم اس پر یقین کر سکتی ہو مگر میں کبھی نہیں۔ میری زندگی سے گاڈ کا لفظ مٹ چکا ہے۔ میں نے ایک بہت گندی زندگی گزاری ہے اور یہ گندگی مجھ پر کہاں سے ملی گئی اب تمہیں اچھی طرح سمجھ آچکی ہوگی۔ میں نے اس ڈائری کے ساتھ فادر ہنری کی پکچر رکھی ہے جو کہ میں نے ایک نیوز پیپر سے کاٹی تھی تا کہ جب کبھی تم بہت اصرار کرو تو میں یہ تمہیں دکھا سکوں کہ یہی ہے تمہارا باپ۔ اتنا نیک اور پاک انسان ہے۔ جو دوسروں کو نیکی اور بھلائی کی ہدایت کرتا ہے، وہ خود اخلاقیات کی کس طرح دھجیاں اڑاتا ہے پھر میں دوبارہ کبھی فرینکفرٹ نہیں گئی اور زندگی کے اتنے سال میں نے انتہائی اذیت میں گزارے ہیں۔''



WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

کیتھی ڈائری پڑھ کر بری طرح سسکنے لگی اور اپنے ساتھ ڈائری لگا کر روتے ہوئے اپنے کمرے میں آئی اور جیسز کرائسٹ کے مجسمے کو دیکھتے ہوئے روتے ہوئے چلّانے لگی۔

''کرائسٹ، آپ نے میری مام کے ساتھ ایسا کیوں ہونے دیا؟ آپ سب کچھ خاموشی سے کیوں دیکھتے رہے پھر آپ میرے خواب میں آکر مجھ سے کیوں پیار کرتے ہیں۔ کیا آپ میری مام کے ساتھ پیار نہیں کرتے تھے؟'' وہ مجسمے کو پکڑ بری طرح جھنجوڑنے لگی اور ایک دم مجسمہ اس کے ہاتھ سے گر کر ٹوٹ گیا، مجسمے کا سر دھڑ سے علیحدہ ہوگیا تو وہ انتہائی حیرت سے مجسمے کو دونوں ہاتھوں میں پکڑ کر دیکھنے لگی۔ اس کی آنکھیں ایک دم پتھرا سی گئیں۔

''کرائسٹ نے اپنے مجسمے کو بھی ٹوٹنے سے نہیں بچایا تو پھر وہ میری مام کو کیسے ٹوٹنے سے بچاتے۔ جو گاڈ اپنے ٹوٹے ہوئے اور روتے ہوئے انسانوں کی مدد نہیں کر سکتا تو وہ کیسے گاڈ ہو سکتا ہے؟'' اس نے ٹوٹے ہوئے مجسمے کے ٹکڑے اٹھائے اور انہیں ٹیبل پر رکھ کر انتہائی بے یقینی سے دیکھنے لگی اس کے ذہن میں جیسز کرائسٹ کا جو امیج تھا وہ بری طرح گڈمڈ ہونے لگا اور وہ انتہائی پریشان ہو کر فرش پر بیٹھ گئی اسے ایک دم دو دھچکے لگے تھے۔ ایک ماں کی موت اور اس کی اذیت بھری زندگی کا اور دوسرا کرائسٹ کے امیج کا...... اس نے جب سے آنکھ کھولی تھی۔ دونوں کو ہی اپنے انتہائی قریب پایا تھا۔ وہ ماں کو دیکھ کر اس سے محبت کرتی تھی اور کرائسٹ کو دیکھ کر وہ گاڈ سے محبت کرتی تھی اور اب نہ ماں زندہ رہی تھی اور نہ ہی گاڈ کا concept۔ وہ بالکل خالی ہاتھ ہوگئی تھی اور اس کا دل اس قدر لہولہان اور کرچی، کرچی ہو رہا تھا کہ اس کے لیے اپنے آپ کو سنبھالنا مشکل ہو رہا تھا۔ وہ ماں کے کمرے میں جاتی تو اس کی چیزوں کو دیکھ کر اور اس کی باتوں کو یاد کر کے شدت سے روتی اور جب اپنے کمرے میں آتی تو کرائسٹ کے ٹوٹے ہوئے مجسمے کو دیکھ کر پھوٹ، پھوٹ کر رونے لگتی۔ کئی روز اسی اذیت اور ڈپریشن میں گزر گئے۔ پڑوس میں مسز جیکسن اور ان کی فیملی تھی جو اس کا بہت خیال رکھنے لگے تھے اور اکثر اسے کھانے پینے کی چیزیں بھیج دیتے۔ مسز جیکسن خود اسے اپنے گھر لے جانے کے لیے آئی تھیں اور اسے دو دن اپنے پاس رکھا۔ کیتھی وہاں بہت خاموش اور چپ چاپ بیٹھی رہتی۔ مسٹر جیکسن کی بک شاپ تھی اور وہ اکثر میگزین اور کتابیں گھر لاتے تھے۔ انہوں نے کچھ میگزین نکال کر کیتھی کے سامنے رکھے کہ وہ اپنے فارغ وقت میں ان کو اسٹڈی کر لے تاکہ اس کا ڈپریشن دور ہو۔ کیتھی کو پہلے ہی لکھنے پڑھنے میں بہت دلچسپی تھی۔ وہ میگزین اٹھا کر دیکھنے لگی تو ایک میگزین میں اسے اپنا آرٹیکل لکھا ہوا دکھائی دیا تو وہ ایک دم حیران ہوگئی۔ آرٹیکل کے نیچے پیرن نے اسے کانٹیکٹ کرنے کو کہا تھا۔ وہ ایک دم چونک گئی اور جلدی سے مسٹر جیکسن کو بتایا۔ وہ بھی خوش ہو کر اس کا آرٹیکل پڑھنے لگے اور اس کی بہت تعریف کی وہ جس قدر افسردہ اور ٹوٹی ہوئی تھی مسٹر جیکسن کی حوصلہ افزائی اور میگزین میں اپنے آرٹیکل کو دیکھ کر وہ ایک دم خوش ہوگئی۔

''تمہیں فوراً ہی اس ایڈیٹر سے ملنا چاہیے، آئی ایم شیور وہ تمہیں appreciate کرنا چاہتی ہیں بلکہ میں تمہیں خود اس کے آفس لے جاؤں گا۔'' مسٹر جیکسن نے کہا تو وہ ایک انتہائی خوش ہوگئی۔

''رئیلی...... مسٹر جیکسن؟'' کیتھی نے خوش ہو کر کہا۔

''یس مائی ڈیر، اینڈ آئی ایم ناٹ مسٹر جیکسن۔ آئی ایم یور انکل جیکسن۔'' جیکسن نے اس کے سر پر پیار دیتے ہوئے کہا تو اس کی آنکھیں ایک دم نم ہونے لگیں۔ اس کی ماں نے بھی اتنا appreciate نہیں کیا تھا جتنا کہ مسٹر جیکسن کر رہے تھے لیکن اب اسے اپنی ماں سے کوئی شکوہ نہیں تھا۔ مسز جیکسن کچن سے اس کے لیے سینڈوچ لے کر آئیں تو جیکسن نے اسے بھی بتایا۔ تو وہ بھی بہت خوش ہوئی اور اسے پیار کرنے لگی۔ کیتھی کو افسوس ہونے لگا کہ وہ اپنی ماں کی زندگی میں بہت کم ان لوگوں سے ملتی تھی کیونکہ اس کی ماں کسی سے بھی اس کا میل جول پسند نہیں کرتی تھی۔ وہ کتنے اچھے لوگ تھے اور اس مشکل وقت میں اس کا کتنا ساتھ دے رہے تھے۔ اسے یہ جان



PAKSOCIETY.COM
WWW.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY
RSPK.PAKSOCIETY.COM

WWW.PAKSOCIETY.COM

''کیوں؟'' پیرن نے پوچھا۔
''مام کی ڈیتھ کے بعد ابھی میں نے لائف کے بارے میں کچھ ڈی سائڈ نہیں کیا۔'' کیتھی نے آہ بھر کر کہا تو پیرن نے چونک کر اسے دیکھا۔
''اوہ نو...... کیا تمہاری مام کی بھی ڈیتھ ہوگئی ہے؟'' پیرن نے افسردگی سے پوچھا۔
''ہاں کچھ روز پہلے...... مام کو لنگز کینسر تھا اینڈ now I am all alone in the world'' کیتھی نے رنجیدہ لہجے میں کہا تو پیرن ایک دم افسردہ ہوگئی اور اس نے اس کے کندھے پر ہاتھ رکھ کر نرمی سے کہا۔
''ڈونٹ وری، یہی زندگی ہے۔ کبھی ہم تنہا رہ جاتے ہیں اور کبھی دوسرے ہمیں تنہا کر جاتے ہیں۔'' پیرن نے قدرے دکھی لہجے میں کہا تو جیکسن اور کیتھی نے چونک کر اس کی طرف دیکھا اس نے جلدی سے اپنی نم آنکھوں کو ٹشو پیپر سے صاف کیا اور زبردستی مسکرا کر اس کی طرف دیکھنے لگی۔
''ہمیں زندگی کی طرف پُرامید ہو کر دیکھنا چاہیے۔ کبھی، کبھی زندگی لمحوں میں بدل جاتی ہے اور کبھی، کبھی انسان کو بھی اتنا بدل دیتی ہے کہ وہ خود حیران رہ جاتا ہے۔ اس لیے زندگی میں ان لمحات کو تلاش کرنے کی کوشش کرو جو یا تو تمہیں بدل دیں یا تمہاری زندگی کو۔'' پیرن نے محبت بھرے انداز میں اس سے کہا تو کیتھی کے مایوس اور افسردہ چہرے پر دھیمی سی مسکراہٹ پھیلنے لگی۔
''اب بتاؤ تم اپنا نیکسٹ آرٹیکل مجھے کب بھیج رہی ہو اینڈ پلیز بی بریو اینڈ اسٹرانگ۔'' پیرن نے آرٹیکل کی فرمائش کرتے ہوئے اسے تسلی بھی دی۔
''ویری سُون۔'' کیتھی نے بھی مسکرا کر جواب دیا۔ مسٹر جیکسن خاموشی سے دونوں کی باتیں سن رہے تھے۔ کیتھی کو موڈ بدل کر مسکراتے دیکھ کر وہ بھی خوش ہوگئے اور پیرن کا شکریہ ادا کرنے لگے۔

☆☆☆

کیتھی کی طبیعت قدرے نارمل ہوئی تو وہ فادر ہنری کی اخبار والی کٹنگ کو نکال کر بغور دیکھنے لگی اور جلدی سے اس کا پنسل اسکیچ بنا ڈالا۔ اسکیچ کو بغور دیکھتے ہوئے اس کے اندر لاوا ابل رہا تھا۔ وہ جلد از جلد اس شخص تک پہنچنا چاہتی تھی۔ اس نے اسکیچ بیگ میں رکھا اور جیسز کے مجسمے کو ہاتھ میں پکڑ کر سوچنے لگی۔ مسٹر جیکسن نے نیا مجسمہ اسے لاکر دے دیا تھا۔
''جیسز...... آپ مجھ سے محبت کرتے ہیں یا نہیں۔ میں یہ آخری بار دیکھنے جارہی ہوں۔ آپ نے میری مام کے ٹرسٹ اور یقین کو شیک کیا اب میرے ٹرسٹ کی باری ہے۔ اگر آج میرا یقین ٹوٹ گیا تو پھر میں کبھی آپ سے محبت نہیں کروں گی۔'' کیتھی نے مجسمے کے سامنے اپنے دونوں ہاتھ باندھ کر روتے ہوئے کہا اور کچھ دیر آنکھیں بند کر کے دعا کرتی رہی اور پھر بیگ کندھے پر ڈال کر وہ گھر سے باہر چلی گئی۔ وہ جس مہم پر جارہی تھی اس کے بارے میں وہ کتنے دنوں سے پلان کرتی رہی تھی۔ بہت سوچنے کے بعد اس نے یہ قدم اٹھایا تھا۔
وہ سیدھی فرینکفرٹ پہنچی اور مختلف چرچز میں جا کر فادر ہنری کو ڈھونڈتی رہی مگر وہ اسے کہیں بھی نہ ملے۔ اس نے ایک چرچ میں ایک بوڑھے پادری کو فادر ہنری کی پکچر دکھا کر ان کے بارے میں پوچھا تو وہ کچھ دیر سوچ میں پڑ گئے۔
''تم ان سے کیوں ملنا چاہتی ہو؟'' بوڑھے پادری نے پوچھا تو وہ بوکھلا سی گئی۔
''کیا...... کسی کنفیشن (اعتراف گناہ) کے لیے؟'' پادری نے خود ہی دوبارہ سوال کیا۔



PAKSOCIETY.COM
WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 f PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

''کیا مطلب؟'' اس نے حیرت سے پوچھا۔
''فادر ہنری ہیمبرگ کے چرچ میں ہیں اور گناہ گاروں سے کنفیشن لیتے ہیں۔'' بوڑھے پادری نے کہا۔
''پلیز..... آپ مجھے اس چرچ کا نام لکھ دیں۔'' کیتھی نے جلدی سے کہا تو پادری نے اسے ایک پیپر پر نام لکھ دیا۔ وہ بہت شکریہ ادا کر کے باہر نکل آئی۔ وہ بہت خوش تھی کہ اسے فادر ہنری کے بارے میں کچھ سراغ تو ملا۔ اس کی اگلی منزل ہیمبرگ تھی۔

جب وہ چرچ پہنچی تو اسے سامنے ہی فادر ہنری دکھائی دیے۔ چرچ سروسز جاری تھیں۔ لوگ کافی تعداد میں ان کے سامنے بیٹھے بہت توجہ سے بائبل سن رہے تھے۔ وہ راستہ تلاش کرتی ہوئی قدرے آگے چلی گئی۔ اس کی آنکھیں فادر ہنری کے چہرے پر تھیں۔ وہ کافی بوڑھے دکھائی دے رہے تھے مگر چہرے پر کافی سختی کے تاثرات تھے۔ ان کو دیکھتے ہی اسے اپنی ماں کی اذیت ناک حالت یاد آنے لگی۔ جب وہ اکثر نائٹس اسپنڈ کر کے شراب کے نشے میں دھت، لڑکھڑاتی ہوئی گھر پہنچتی اور اسے اس حالت میں دیکھ کر کیتھی کے دل میں نفرت کے جذبات پیدا ہوتے تھے مگر آج اسے اپنی ماں کے لیے اتنی نفرت محسوس نہیں ہو رہی تھی جتنی کہ فادر ہنری کے لیے محسوس ہو رہی تھی۔ اسے یوں محسوس ہو رہا تھا کہ اس کی ماں بے گناہ تھی اور اس کی زندگی کو اذیت ناک بنانے والا فادر ہنری تھا۔ اس کی ماں نے ایک گندی زندگی گزاری تھی اور اس کی گندی زندگی کا ذمے دار صرف فادر ہنری تھا۔ اس کی آنکھوں میں ان کے لیے انتہائی شدید نفرت پیدا ہونے لگی۔ چرچ سروسز ختم ہوئیں تو صرف وہی لوگ رہ گئے جنہیں کنفیشن باکس میں جا کر اپنے گناہوں کا اعتراف کرنا تھا اور فادر ہنری ان کے گناہ سن کر ان کو کنفیشن دے رہے تھے۔ کیتھی ایک کونے میں خاموشی سے بیٹھی انہیں دیکھتی رہی۔

''جو شخص خود اتنا بڑا گناہ گار ہو وہ کیسے دوسروں کو کنفیشن دے سکتا ہے۔ کیا فادر کو اپنے اس گناہ کا کوئی احساس نہیں جو انہوں نے میری مام کے ساتھ کیا ہے۔'' وہ اپنی ہی سوچوں میں گم انہیں دیکھ، دیکھ کر اپنے آپ سے سوال کرتی رہی اور اسے وقت گزرنے کا خیال ہی نہیں رہا۔ جب سب لوگ رخصت ہو گئے تو فادر ہنری نے کیتھی کی طرف بغور دیکھا۔

"what do you want?" فادر نے بھویں سکوڑ کر اس سے پوچھا۔
''کنفیشن۔'' اس نے آہ بھر کر کہا اور آہستہ، آہستہ قدم اٹھاتی ہوئی کنفیشن چیئر پر آ کر بیٹھی اور کافی دیر خاموش رہی۔
''بولو تم نے کیا گناہ کیا ہے؟'' فادر نے اپنی بھاری بھرکم آواز میں پوچھا۔
''میں جیسز کرائسٹ سے بہت محبت کرتی تھی مگر اب میرا یقین ان پر کمزور پڑنے لگا ہے۔'' کیتھی نے آہ بھر کر کہا تو فادر اس کی بات سن کر چونکے۔
''کیا مطلب؟ کیا تم نے ایسا کوئی گناہ کیا ہے جس سے تمہارا یقین کمزور ہونے لگا ہے؟'' فادر نے حیرت سے پوچھا۔
''میں جیسز کو اپنا فادر، اپنا باپ سمجھتی تھی اور ان سے یوں محبت کرتی تھی جیسے کوئی بیٹی اپنے باپ سے کرتی ہے لیکن مجھے اب یہ محسوس ہونے لگا ہے کہ جیسز میرے باپ نہیں۔'' کیتھی نے نہایت گلوگیر آواز میں کہا۔
''کیوں؟'' فادر نے چونک کر پوچھا۔
''کیا آپ مجھے بتا سکتے ہیں کہ ایک فادر کو اپنی بیٹی کے لیے کیا کرنا چاہیے؟ کیسی محبت کرنی چاہیے؟'' کیتھی نے گہری سانس لے کر پوچھا۔


PAKSOCIETY.COM
WWW.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY
RSPK.PAKSOCIETY.COM

WWW.PAKSOCIETY.COM

''آف کورس، ایک باپ کو اپنی بیٹی کی اچھی طرح پرورش کرنی چاہیے۔ اس سے محبت اور اس کی کیئر کرنی چاہیے اور اسے تحفظ دینا چاہیے۔'' فادر ہنری نے اپنی ہی لَے میں بتایا۔

''اور جو فادر اپنی بیٹی کو یہ سب نہ دے سکے تو پھر بیٹی کو کیا کرنا چاہیے؟'' کیتھی نے گہری سانس لے کر پوچھا۔

''تو پھر بیٹی کو اسے چھوڑ دینا چاہیے۔'' فادر نے جلدی سے کہا۔

''اسی لیے میں نے جیسز کو چھوڑ دیا ہے کیونکہ وہ میری مام کو پروٹیکٹ نہیں کر سکے۔'' کیتھی نے آہ بھر کر ٹھوس لہجے میں کہا۔

''تم کیا کہہ رہی ہو؟ جیسز کیسے حفاظت نہیں کر سکے، کیا تم اپنے حواسوں میں ہو؟'' فادر نے قدرے خفگی سے پوچھا۔

''ہاں...... جیسز میری مام کو آپ سے نہیں بچا سکے۔ پندرہ سال پہلے آپ نے میری مام کے ساتھ کیا، کیا تھا؟ فرینکفرٹ چرچ میں یاد ہے...... جب وہ جارج سے ملنے آئی تھیں تو آپ نے ان کے ساتھ......'' کیتھی پھوٹ، پھوٹ کر رونے لگی۔

''کیا بکواس کر رہی ہو، میں کسی کو نہیں جانتا۔'' فادر غصے سے چلّائے۔

''فادر آپ تو لوگوں سے کنفیشن لیتے ہیں آج میں آپ سے کنفیشن (اعترافِ گناہ) لینے آئی ہوں۔ آپ جیسز کی قسم کھا کر کہیں کہ آپ نے میری مام کے ساتھ ایسا کچھ نہیں کیا۔'' کیتھی نے قدرے جذباتی انداز میں فادر ہنری کے سامنے کھڑے ہو کر پوچھا تو فادر ہنری نے ایک دم گھبرا کر اسے دیکھا اور اپنی جگہ سے ہٹ کر پیچھے چلے گئے۔

''آپ میرے فادر ہیں اور میں آپ کی بیٹی ہوں۔ یہ دیکھیے میری مام کی پکچر...... ایلن ہکسلے...... اور یہ کئی سال پرانی پیپر کٹنگ جو میری مام نے مجھے دکھانے کے لیے رکھی تھی اور یہ میری مام کی ڈائری...... جس میں انہوں نے آپ کے بارے میں سب کچھ لکھا ہے......'' کیتھی نے اپنے شولڈر بیگ میں سے ساری چیزیں نکال کر اسے دکھاتے ہوئے کہا۔

''سب جھوٹ ہے...... بکواس ہے...... مجھ پر الزام ہے، تمہاری مام ایک بری اور گندی عورت...... جس نے مجھ پر تب بھی کیچڑ اچھالا تھا اور اب پھر تمہیں بھیج دیا ہے۔ نہ جانے تم کس کا گندا خون ہو۔'' فادر نے غصے سے چلّاتے ہوئے کہا۔

''شٹ اپ...... جو میری مام کے بارے میں ایسا کچھ کہا...... ورنہ میں یہ ڈائری نیوز پیپرز میں شائع کروا کے آپ کے تمام اسکینڈلز کو بے نقاب کر دوں گی...... میری مام کو دلدل میں اتارنے والے آپ ہیں اور اگر میرا اور آپ کا ڈی این اے ٹیسٹ ہوا تو پھر ساری دنیا کو پتا چل جائے گا کہ دونوں کا خون کتنا گندا ہے۔'' وہ بھی غصے سے بولی۔

''میں تمہیں برباد کر کے رکھ دوں گا......'' فادر نے غصے سے آنکھیں نکال کر چلّاتے ہوئے کہا۔

''آپ نے پہلے میری مام کو برباد کیا...... اب مجھے کر دیں گے تو کون سی بڑی بات ہو گی لیکن میں آپ کو بتا رہی ہوں کہ میں خاموش نہیں رہوں گی...... میں ساری دنیا کو آپ کے بارے میں بتاؤں گی۔'' کیتھی چلّاتے ہوئے بولی۔

''میرا لائرتم پر اتنے کیسز بنائے گا کہ تمہیں پناہ نہیں مل سکے گی...... میں تم سے نہیں ڈرتا...... بہتر یہی ہے کہ تم یہاں سے چلی جاؤ...... ورنہ...... تمہارا انجام بھی تمہاری ماں کی طرح ہی ہو گا۔'' فادر نے آنکھیں گھماتے ہوئے قدرے مکارانہ انداز میں کہا۔

''تو...... تو کیا...... آپ...... اپنی بیٹی کے ساتھ وہی کچھ کریں گے جو آپ نے میری مام کے ساتھ کیا تھا؟'' کیتھی نے انتہائی حیرت سے پوچھا۔

PAKSOCIETY.COM



WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM



سے کہا۔

”تم...... وہ تمہاری امی...... امی کے کتنے یار دوست ہیں؟“ اتنا واہیات سوال......؟ مگر وہ کہہ چکی تھی۔ لفظ واپس نہیں لیے جا سکتے...... کومل کے تو چودہ طبق روشن ہو گئے...... یکبارگی آنکھیں سرخ ہو گئیں۔

”یہ...... یہ کیا بدتمیزی...... کیا بے ہودگی ہے...... تمہاری ہمت کیسے ہوئی اس طرح کی بات کرنے کی؟“ کومل کا خون کھول اٹھا تھا...... وہ چیخ رہی تھی۔

”تم آرام سے میری بات سنو...... یہاں بیٹھو......“ سنبل اسے بازو سے پکڑ کر بینچ پر بٹھا رہی تھی اور وہ آپے سے باہر ہو رہی تھی۔

”نہیں...... مطلب کیا ہے اس بات کا؟“

”کل کو تمہارے بچے تم سے یہ سوال کریں تو کیا جواب دو گی؟“ سنبل اس کی بات کاٹ کر بولی۔

”کس، کس کا نام بتاؤ گی؟ ثاقب، نعیم، جنید، کیا، کیا بتاؤ گی...... جب تمہیں یہ برداشت نہیں ہو سکتا کہ کوئی تمہاری ماں پر انگلی اٹھائے تو سوچو کل کو تمہارے بچوں کو کیسے برداشت ہو گا...... کوئی کیسے برداشت کر سکتا ہے کہ ماں جیسی عظیم ہستی کے بوائے فرینڈز ہوں...... آج کی لڑکی کل کی ماں ہے...... کئی نسلوں کی امین...... یہ امین کیسے بتائے گی...... نسلیں برباد ہو جائیں گی...... بے شک تمہاری نسلیں سوال نہیں کریں...... بے شک تمہیں جواب دہ نہ ہونا پڑے مگر کوئی اور ہے جو سوال کرے گا۔ جس کے سامنے تم جوابدہ ہو...... جو تمہارے لمحے، لمحے کا حساب رکھتا ہے، وہ تم سے پوچھے گا تمہاری اس سو کالڈ انجوائے منٹ اور فن کے متعلق...... وہ جب سب کچھ پوچھے گا...... کیسے جواب دو گی...... ؟ کیا کہو گی...... کہ یہ سب تمہارے بھائی جیسے ہیں...... ؟ کیا تم اپنی ماں کے بوائے فرینڈز کو ماموں مان سکتی ہو؟ نہیں ناں...... تو پھر تمہارے بچے ان سب کو ماموں مانیں گے کیا؟ نہیں ناں...... پھر یہ عارضی فرینڈ شپ کیوں...... ؟ یہ بھائی والا، بہن والا ریلیشن کیوں...... ؟ تم سمجھ رہی ہو ناں؟“ سنبل نے پیار سے کومل کے شانے پر ہاتھ رکھا مگر وہ کسی ٹرانس میں کھوئی ہوئی تھی۔ سنبل کھڑی ہو گئی تھی۔

”جسٹ تھنک اباؤٹ اٹ......“ اس نے رسانیت سے کہا تو کومل نے بہت غور سے اس کی طرف دیکھا...... سنبل چلی گئی تھی...... مگر کومل میں اتنی ہمت نہ تھی کہ وہ اس بینچ سے اٹھ بھی سکے...... اس کا دل بوجھل ہو رہا تھا۔ ہوا میں آکسیجن کی مقدار کم سے کم تر ہوتی جا رہی تھی۔ اپنے اردگرد گھیرا تنگ ہوتا محسوس ہو رہا تھا۔ لڑکیاں تیز، تیز چلتی اس کے پاس سے گزر رہی تھیں اور وہ شل وجود لیے بیٹھی ہی رہی...... اسے احساس بھی نہیں ہوا کہ آنسو پلکوں سے جدا ہو رہے تھے۔ انکشاف ہونے پر وہ ہاتھوں میں منہ چھپائے رو دی...... ہچکولے لیتی...... پھر دہاڑیں مار کر روتی لڑکی کو سب عجیب نظروں سے دیکھ رہے تھے مگر آج اسے پروا کب تھی...... آج پہلی دفعہ اس نے بند آنکھوں سے اپنے آپ کو دیکھا تھا...... جانا تھا...... پہچانا تھا...... اسے اپنے اردگرد اندھیرا محسوس ہوا...... اور یہ اندھیرا تھا کہ بڑھتا چلا گیا...... وہ آنکھیں پھاڑ، پھاڑ کر روشنی تلاش کر رہی تھی...... مگر اندھیرا...... پھر اللہ کا کرم چاروں طرف پھیل گیا...... کی ایک کرن نے اس کی ساری کائنات روشن کر دی تھی...... اس نے نظر اٹھا کر راستے کی طرف دیکھا ایسے جیسے اسے اب بھی سنبل کا ہیولہ نظر آ رہا ہو...... اس کی نظر سنبل کے ہیولے سے ہٹ کر آسمان کی جانب دعائیہ انداز میں اٹھ گئی۔ جیسے اپنے گناہوں پر معافی کی طلبگار ہو اور معاف کر دینے والا اس کی توبہ کا منتظر......

PAKSOCIETY.COM



WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM




**ناولٹ**

# جو کہے برابر نیکی

سارہ ملک

مارکر کا ڈھکن بند کر کے اس نے سفید چارٹ پر ایک تنقیدی نگاہ ڈالی اور مطمئن ہو کر الماری سے پلاسٹک شیٹ نکال کر ٹیبل پر پھیلائی۔ ہاتھ سے شیٹ کی شکنیں دور کر کے اس نے چارٹ کے سائز کے مطابق کاٹا اور چارٹ کو صفائی سے کور کر کے کمرے کی مرکزی دیوار پر چسپاں کر دیا۔ یہ دیوار اس کے بیڈ کے عین سامنے تھی اور اٹھتے بیٹھتے ہر وقت اس دیوار پر موجود چارٹ پر نظر پڑتے رہنا یقینی امر تھا۔ وہ مڑ کر بیڈ پر بیٹھی

PAKSOCIETY.COM



WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

اور چارٹ پر موجود عبارات کو ناقدانہ نظروں سے دیکھا۔ موٹے مارکر سے اس نے جلی حروف میں ہیڈنگ دی تھی۔

''رمضان المبارک کا مہینہ کیسے گزاریں؟''

☆☆☆

سحری کا الارم بجا تو وہ آہستگی سے بیڈ سے اتری۔ مرتضیٰ گہری نیند میں تھے۔ کمرے میں جلتے نائٹ بلب کی روشنی میں موٹے حروف میں لکھی چارٹ کی عبارات کافی حد تک واضح تھیں۔

''صبح آنکھ کھلتے ہی تین مرتبہ درود شریف پڑھیں اور اپنی ہتھیلیوں پر پھونک مار کر ہتھیلیاں چہرے پر پھیرلیں۔'' یہ عمل کر کے وہ وضو کی نیت سے واش روم میں چلی گئی۔ وضو کر کے نکلی تو اگلا عمل تہجد کی ادائیگی کا تھا۔ اس نے جائے نماز بچھا کر مرتضیٰ کو تہجد... کے لیے جگایا اور نیت باندھ لی۔ آج پہلا روزہ تھا اور رمضان کے آسان اور مختصر اعمال اس نے کسی میگزین میں پڑھے تھے سو وہیں سے چارٹ پر اتار لیے تاکہ... بہ آسانی اور باقاعدگی سے عمل کر سکے۔ کچھ اعمال اور تسبیحات اس نے خود شامل کر لی تھیں۔ وہ چاہتی تھی دن کا کوئی حصہ بھی عبادت سے خالی نہ جائے۔ تہجد ادا کر کے اس نے جانماز بچھی رہنے دی کیونکہ مرتضیٰ وضو کر کے نکل آئے تھے۔ کمرے سے نکل کر اس نے کچن کا رخ کیا۔ اس کی ساس عاصمہ بیگم پراٹھوں کے پیڑے بنا رہی تھیں اور دوسرے برنر پر چائے رکھی تھی۔ سر پر لپٹا دوپٹا بتا رہا تھا کہ وہ بھی تہجد ادا کر چکی ہیں۔ وہ انہیں سلام کر کے ٹرے میں برتن سیٹ کرنے لگی۔

''مرتضیٰ اٹھ گیا؟''

''جی امی، تہجد پڑھ رہے ہیں۔'' عاصمہ بیگم نے دھیرے سے سر ہلایا اور بیٹی کو آواز لگائی۔

''سلوٰی اٹھ جاؤ بیٹا۔''

دیا ٹرے لے کر لاؤنج میں موجود ڈائننگ ٹیبل تک آئی تو دیکھا سلوٰی کے کمرے کی لائٹ آن تھی۔ وہ چائے کے مگ اور پلیٹیں وغیرہ ٹیبل پر سیٹ کر کے خالی ٹرے لیے واپس پلٹی تب سلوٰی ڈھیلی ڈھالی چال چلتی کمرے سے نکلی۔ چہرہ اور اطراف میں بکھری لٹیں نم تھیں۔ دیا اسے دیکھ کر مسکرائی اور کچن میں جا کر چائے تھرماس میں انڈیلنے لگی۔ عاصمہ بیگم اب پراٹھے تلنا شروع ہو چکی تھیں۔ سلوٰی نے تکلفاً کچن میں جھانکا اور واپس لاؤنج میں جا کر کونے میں پڑے صوفہ کم بیڈ پر لڑھک گئی۔ دیا زیرِ لب مسکرائی اور انڈے فرائی کرنے شروع کر دیے۔ اس کے لب مسلسل حرکت میں تھے۔ وہ پہلے عشرۂ رحمت کی دعا کا ورد کر رہی تھی۔ اپنے اور سلوٰی کے لیے انڈے فرائی کر کے اس نے چکن کا سالن برنر پر رکھا اور انڈوں کی پلیٹیں لیے میز تک پہنچی تو مرتضیٰ بھی آ گئے۔ مرتضیٰ سحری میں کوئی سا سالن لیتے تھے، عاصمہ بیگم صرف چائے کے ساتھ پراٹھا لیتی تھیں جبکہ دیا اور سلوٰی دونوں پراٹھے کے ساتھ انڈا لیتی تھیں۔ اس نے پانی کا جگ اور گلاس میز پر رکھے تو عاصمہ بیگم پراٹھے اور سالن لیے چلی آئیں۔ پہلی، پہلی سحری خوشگوار ماحول میں کھائی گئی۔ سحری مکمل کرتے ہی دیا برتن سمیٹنے لگی۔ سلوٰی نے ماں کو دوائیں لا کے دیں۔ وہ بلڈ پریشر کی مریضہ تھیں ساتھ کچھ طاقت کی دوائیں بھی لیا کرتی تھیں۔ مرتضیٰ سے باتیں کرتے وہ دوائیں لینے لگیں۔ عاصمہ بیگم نے گھر کا اصول بنا رکھا تھا کہ سحری مقررہ وقت سے پندرہ منٹ پہلے ختم کر لی جائے تاکہ یہ اندیشہ نہ ہو کہ اِدھر اذانیں شروع اور اُدھر منہ میں پانی کا آخری گھونٹ۔ اس اصول کا فائدہ یہ ہوتا تھا کہ اذانیں ہونے تک دیا برتن دھو کر کچن بھی صاف کر لیا کرتی تھی۔ سو آج بھی یہی ہوا۔ اذان مکمل ہوتے ہی مرتضیٰ مسجد کے لیے نکل گئے اور دیا کچن سمیٹ کر بند کر کے اپنے کمرے کی طرف چل دی۔ عاصمہ بیگم کرسی پر ہی بیٹھی تسبیح کر رہی تھیں جبکہ سلوٰی پھر سے صوفہ کم بیڈ پر ڈھیر ہو چکی تھی۔

''یہ بھابی صاحبہ کیا منہ ہلائے جا رہی تھیں؟'' دیا کے کمرا بند کرتے ہی سلوٰی نے طنزیہ لہجے میں پوچھا تو عاصمہ بیگم استہزائیہ ہنسی ہنس دیں۔

PAKSOCIETY.COM



WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

"ڈھکوسلے۔" انہوں نے صرف سوچا کیونکہ تسبیح پر جو دعا پڑھ رہی تھیں وہ ادھوری تھی۔ مکمل کر کے دانہ گرایا اور ہاتھ روک کر ایک محتاط نظر دیا کے کمرے کے دروازے پر ڈالی پھر آہستگی سے بولیں۔

"رمضان ہے بھئی، اب تو خوب عبادتیں، خوب تسبیحات ہوں گی، لوگ بڑے نیک ہو جائیں گے۔" کہہ کر وہ پھر سے تسبیح کرنے لگیں۔

"ہم سے تو نہیں ہوتے یہ ڈرامے۔ بھائی کو امپریس کرنے کے ناٹک ہیں سارے۔ بڑی توجہ سے جائزہ لے رہے تھے بھائی کہ جی کتنی عبادت گزار بیگم ہیں ان کی۔" سلوی اپنے خوب صورت چہرے پر مزید بیزاری سجا کر بولی۔

"ارے یہ کیا اور ان کی عبادتیں کیا۔ باسی کڑھی کا ابال...... جو صرف رمضان میں چڑھتا ہے باقی کا سال موج مستی، شاپنگ اور آؤٹنگ۔ بس رمضان میں سارا دن ہونٹ ہلا کر سمجھیں کہ سارے سال کے گناہ پیشگی معاف اور سارے سال کی عبادتوں کا حق ادا۔" عاصمہ بیگم دانہ گرا کر پرجوش سے بولیں۔ پھر سے دعا پڑھتے تسبیح کا ایک اور دانہ گراتے وہ سلوی کی طرف مڑیں۔

"اور اب تم بھی اٹھو، وضو کر کے نماز پڑھو، قرآن پاک تلاوت کرو، دیکھو ہم اپنی باتوں میں لگے ہیں اور وہ پاک بی بی نماز ادا کر چکیں اور اب غالباً تلاوت کی آواز آرہی ہے۔" سلوی نے چونک کر دیا کے کمرے کی جانب دیکھا۔ دبے پاؤں اس کے دروازے تک گئی پھر ماں کی طرف دیکھ کر اثبات میں سر ہلایا اور وضو کرنے چل دی۔ عاصمہ بیگم نے بھی تسبیح میں نشانی لگا کر کیل پر ٹانگی اور جائے نماز اٹھالی۔ عبادت وغیبت کا حسین امتزاج اور بھلا کہاں ملے گا۔ جو فرشتوں کو بھی پریشان کر دے کہ تسبیح وعبادت کا اجر لکھیں یا غیبت و بدگمانی کی وعید۔

☆☆☆

روزے کی نیت کر کے دیا نے چارٹ کے مطابق اکیس مرتبہ یا مالک پڑھ کر سینے پر پھونک ماری اور جائے نماز۔ بچھا کر فجر کی نیت کر لی۔ لاؤنج سے باتوں کی ہلکی، ہلکی آوازیں آرہی تھیں اور نوعیت بتاتی تھی کہ موضوع گفتگو اسی کی ذات ہے۔ سلام پھیر کر اس نے دعا مانگی اور جائے نماز لپیٹ کر اٹھ گئی۔ دروازے کے قریب رکھے ریک میں جائے نماز رکھتے ہوئے اس نے واضح سن گن لینے کی کوشش کی لیکن ناکام رہی پھر تاسف سے سر ہلاتی ہوئی پلٹی اور کمرے کے کارنر میں نصب خاص طور پر قرآن پاک کے لیے بنائے گئے اونچے سے تکون شیلف سے قرآن پاک اٹھا کر چوما اور بیڈ پر بیٹھ کر تلاوت کرنے لگی۔ اس اثنا میں باہر خاموشی چھا گئی۔ وہ بھی ایک لمحہ کو تلاوت روک کر خاموش ہوئی پھر سر جھٹک کر دوبارہ توجہ قرآن پاک پر مرکوز کر لی چونکہ وہ یہ آواز بلند تلاوت کرنے کی عادی تھی اس لیے عموماً کمرے میں ہی تلاوت کیا کرتی تھی۔ رمضان میں اس نے خود ایک روٹین بنائی ہوئی تھی کہ فجر کے بعد آدھا پارہ ضرور پڑھا کرتی تھی۔ بقیہ آدھا سو کر اٹھنے کے بعد گھر کی صفائی مکمل کر کے پڑھتی پھر کام کاج کی روٹین اور نوعیت کو مدِنظر رکھتے ہوئے ایک پورا پارہ ظہر اور عصر کے بعد پڑھ لیا کرتی تھی۔ یوں روز دو پارے پڑھنے سے یہ ہوتا کہ کسی دن بوجوہ تلاوت رہ جائے یا کم ہو پائے تب بھی رمضان کے ماہ کا قرآن پاک ادھورا رہنے کا خدشہ نہیں ہوتا تھا۔ وہ آدھا پارہ پڑھ کے نشانی لگا رہی تھی جب مرتضٰی کمرے میں داخل ہوئے۔ وہ ان کے لیے جگہ خالی کرتی اٹھ کھڑی ہوئی تو وہ مسکرا کر تلاوت کرنے بیٹھ گئے۔ دیا نے شیلف کے نچلے خانے سے اوراد و وظائف کا کتابچہ اٹھایا اور بیڈ کے دوسری جانب بیٹھ کے درج اذکار پڑھنے لگی۔

☆☆☆

مرتضٰی اور دیا کی شادی کو دو برس کا عرصہ ہو گیا تھا۔ اولاد کا فی الحال کوئی سلسلہ نہ تھا۔ عاصمہ بیگم اور سلوی پر مشتمل یہ مختصر سی سسرال بہت آئیڈیل نہیں تھی البتہ اتنی ظالم بھی نہ تھی کہ اولاد کے معاملے کو لے کر دیا

PAKSOCIETY.COM

WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

کو تنگ کرتے۔ کم سے کم اس معاملے میں عاصمہ بیگم کے دل میں خوفِ خدا تھا کہ یہ سراسر مالکِ ارض و سما کی مرضی تھی۔ وہ جسے چاہے دے اور جسے چاہے نہ دے۔ البتہ باقی دنیاوی و زمینی معاملات میں عاصمہ بیگم مداخلت کرنا اپنا حق و فرض سمجھتی تھیں۔ بظاہر ان کا گھرانا کافی آئیڈیل تھا۔ ساس، بہو، نند، بھابی کے تعلقات دنیا کے سامنے بہت اچھے تھے لیکن کچھ تھا جو دلوں کے اندر بہت اندر تھا۔ وہی روایتی جلن یا پھر یہ کہ ساس خواہ کتنی بھی اچھی ہو جائے بہو اور بیٹی کے معاملات کو جانبدارانہ انداز سے ہی دیکھتی ہے اور بہو سے پوری توقع کرتی ہے کہ وہ بہر صورت ساس اور نند کو ماں اور بہن سمجھے۔

''ماں، بہن بھی تو بہت کچھ کہہ دیتی ہیں وہ تو برا نہیں لگتا۔ ساس، نند کا کیوں لگتا ہے۔'' کہہ کر وہ سارا الزام دیا کے سر ڈال دیتیں جو یہ نہیں کہہ پاتی تھی کہ......

''بیٹی بھی تو بہت کچھ کر جاتی ہے، وہ قابلِ اعتراض کیوں نہیں لگتا۔ بہو کا کیوں لگتا ہے۔'' لیکن وہ بہو تھی۔ زبان بندی جس کا فرض اور سر جھکانا جس کا مقدر تھا۔ گھرانا کتنا بھی دین دار کیوں نہ ہو جہاں بات آئے بہو، بھابی کی وہاں سارا دین اُڑنچھو وہاں اخلاقیات، سماجیات اور سسرالیات کی کتاب کھل جایا کرتی ہے۔

☆☆☆

فجر کے بعد تلاوت و اذکار پڑھ کے سب لوگ سو جایا کرتے تھے پھر دوبارہ جاگنے کا وقت دس ساڑھے دس کے درمیان ہوتا۔ مرتضیٰ کا الیکٹرانک مصنوعات کا ڈسپلے سینٹر تھا، مرحوم باپ کا چھوڑا چلتا ہوا کاروبار۔ سو کاروباری لوگ آرام سے ہی جایا کرتے ہیں۔ وہ بھی عموماً گیارہ بجے شاپ کھولتے اور رمضان میں بارہ بجے، دس بجے اٹھ کر وہ پہلے اخبار پڑھتے تھے پھر گھر کا سودا سلف لا کر شاپ پر جایا کرتے تھے۔ پہلا روزہ تھا، کچن کی بیشتر خریداری تو رمضان کے آغاز سے دو روز قبل ہی کر لی گئی تھی سو فی الحال کوئی سودا نہیں لانا تھا۔ مرتضیٰ لاؤنج میں اخبار سنبھال کر بیٹھ گئے۔ عاصمہ بیگم نے بھی اخبار کا دوسرا حصہ اٹھا لیا۔ سلویٰ کمرے سے نکلی تو ٹی وی آن کر کے بیٹھ گئی۔ دیا نے چارٹ پر درج ہدایات کے مطابق کام کاج شروع کرنے سے پہلے اکیس مرتبہ یا غفار پڑھا اور جھاڑو اٹھا کر سب سے پہلے ساس کے کمرے کا رخ کیا۔ عاصمہ بیگم نے ایک نظر مرتضیٰ کو دیکھا۔ وہ اخبار میں بری طرح منہمک تھے۔ دوسری نگاہ کام کرتے ہوئے زیرِلب تسبیح پڑھتی اپنی اکلوتی بہو پر ڈالی اور تیسری نگاہ ٹی وی کے آگے جمی بیٹھی اپنی بیٹی سلویٰ پر آ کے ٹھہر گئی۔ انہوں نے بڑی بے قراری سے پہلو بدلا۔ سلویٰ بالکل بھی متوجہ نہ تھی۔ وہ ذرا سا کھنکھاریں۔ ہنوز نتیجہ صفر۔ طیش میں آ کے انہوں نے دانت پیستے ہوئے نیچی آواز سے اسے پکارا تو وہ چونکی۔ ماں کے چہرے پر چھائی تختی۔ کچھ باور کروانے کا انداز لیے ہوئے تھی۔ اس نے افرادِ خانہ پر غور کیا تو ماں کے کمرے سے آتی صفائی کی کھٹ پٹ نما آوازوں پر معاملہ سمجھ گئی۔ ناچار وہ ٹی وی آف کر کے بھابی کی مدد کروانے اٹھ گئی لیکن صفائی کے دوران ماں کی ہدایت کے مطابق وہ بھائی کے سامنے، سامنے رہی۔ دیا ساس کے کمرے کی صفائی میں مگن تھی۔ عاصمہ بیگم اور سلویٰ کے کمروں کے بیچ کی دیوار میں ایک چھوٹا دروازہ تھا جو دونوں کمروں کو ملاتا تھا۔ سلویٰ اپنے کمرے کا مرکزی دروازہ ہمیشہ لاک رکھا کرتی تھی اور آمد و رفت کے لیے ماں کا کمرا استعمال کرتی تھی سو دیا ساس کے کمرے کی صفائی کے بعد اسی درمیانی دروازے سے سلویٰ کا کمرا بھی صاف کر دیا کرتی تھی۔ یوں مرتضیٰ کو کبھی اندازہ نہیں ہو پایا کہ وہ سلویٰ کا کمرا بھی صاف کرتی ہے۔ کبھی کبھار ماں کی باتوں میں الجھ کے وہ دبے لفظوں میں کہہ بھی دیتے تھے۔

''دیا تم گھر کی صفائی کرتی ہو سلویٰ تمہاری بھرپور مدد کرواتی ہے تو تم بھی امی کا کمرا صاف کرتے ہوئے سلویٰ کا کمرا بھی دیکھ لیا کرو۔ سلویٰ کو چھوٹی بہن سمجھو، نند نہیں۔'' نرم لہجے میں کیا گیا یہ شکوہ دیا کا دل



WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM



توڑ کے رکھ دیا کرتا تھا۔

"مرتضیٰ، سلوئی کے کمرے کا بیرونی دروازہ ہمیشہ بند رہتا ہے اسی لیے آپ کو کبھی اندازہ نہیں ہوسکا کہ میں اندرونی دروازہ استعمال کر کے اس کا کمرا بھی روز صاف کرتی ہوں۔ وہ واقعی میرے لیے چھوٹی بہنوں جیسی ہے۔" وہ جواباً ضرور کہتی۔

"او کے ڈیئر بس خیال رکھا کرو۔" مرتضیٰ جھگڑا نہیں کرتے تھے، اس کی بات کی نفی بھی نہیں کرتے تھے اور بحث بھی نہیں کرتے تھے لیکن ان کے انداز میں کچھ تو ایسا ہوتا تھا جو دیا کو یہ باور کرا دیتا تھا کہ مرتضیٰ کو اس کے بیان پر یقین نہیں آیا تھا اور اس کی وجہ یقیناً اس کی ماں کا وہ بیان تھا جو بیوی کے بیان پر بہرحال فوقیت رکھتا تھا۔ جب دیا صفائی مکمل کر کے اپنے کمرے کی راہ لیتی تب سلوئی ماں کے پاس آ کے کہتی۔

"اچھا امی، میں ذرا اپنا کمرا دیکھ لوں۔" یہ مبہم سا جملہ کہتی وہ پلٹ جاتی اور عاصمہ بیگم انتہائی سرسری سے لہجے میں بولنے لگتیں۔

"مہمانوں کے آنے جانے کا کوئی پتا نہیں ہوتا سو پہلے باقی گھر کی صفائی ضروری ہوتی ہے۔ سلوئی کے کمرے میں کسی نے جانا نہیں ہوتا اس لیے میں نے اسے کہا ہوا ہے کہ پہلے بھابی کے ساتھ بقیہ گھر کی صفائی مکمل کروایا کرو پھر آخر میں اپنا کمرا صاف کیا کرو۔" یوں بے حد عام سے بے ضرر سے انداز میں وہ مرتضیٰ کے کان بھر دیتی تھیں جسے کان بھرنے کا نام بھی نہ دیا جا سکے اور مرتضیٰ بس سر ہلا دیا کرتے تھے۔ وہ ماں اور بیوی دونوں میں بیلنس رکھنا چاہتے تھے سو معاملہ فہمی سے کام لیا کرتے تھے اور اب تک خاصے کامیاب بھی تھے۔

☆☆☆

دیا کی شدید خواہش کے باوجود اسے کوکنگ کا چارج نہیں مل سکا تھا۔ وہ صرف ہیلپر کے کام سرانجام دیا کرتی۔ کھانا عاصمہ بیگم خود پکاتی تھیں اور اس امر کے پیچھے وہی روایتی سوچ کارفرما تھی کہ کچن خاتونِ خانہ کی راجدھانی ہوتا ہے اور کوئی بھی عورت اپنی راجدھانی سے آسانی سے دستبردار نہیں ہوا کرتی کجا کہ یہ راج پاٹ بہو کو سونپ دے پھر جو عورت بیوہ ہو جائے اس کا تو ویسے بھی زندگی کا محور اس کا بیٹا بن جاتا ہے۔ یوں ساس بہو کی چپقلش جنم لیتی ہے۔ عورت سہاگن بھی ہو پھر بھی اس کے اپنے شوہر سے تعلقات خراب رہتے ہوں، اختلافات ہوں یا سرد مہری والا رشتہ ہو تب بھی وہ عورت، بہو کے لیے خطرناک ثابت ہوتی ہے۔ طلاق یافتہ اور بیوہ تو ٹھہریں محروم تمنا۔ ہاں جس عورت کے اپنے شوہر سے تعلقات مثالی ہوں وہ بھی اپنے بہو کے لیے روایتی ظالم ساس ثابت نہیں ہوتی۔ یہاں ایک اور پوائنٹ بھی ہے۔ شوہر کے ساتھ مثالی تعلقات رہے ہوں لیکن اب وہ بیوہ ہے تب بھی مسئلہ ہے اور عاصمہ بیگم اس آخری قسم سے تعلق رکھتی تھیں۔ بہو سے حسد اور جلن محسوس کرتی تھیں اور وہی زہر بیٹی میں بھی منتقل کرتی جا رہی تھیں۔

☆☆☆

رمضان میں عاصمہ بیگم کی روٹین تھی کہ اخبار پڑھ کر وہ ظہر سے پہلے، پہلے ہنڈیا چڑھا لیتی تھیں۔ مرتضیٰ شاپ پر چلے جاتے تھے۔ سلوئی بی اے کے ایگزام دے کر فارغ تھی سو وہ اپنے مشاغل کو زیادہ وقت دیا کرتی۔ دیا ان اوقات میں کپڑے دھونے یا استری کرنے جیسے کام نمٹایا کرتی۔ عاصمہ بیگم ہنڈیا چڑھا کر کچن سے نکلتیں تو دیا کوکنگ کے دوران استعمال ہونے والے تھوڑے بہت برتن دھو کر کچن صاف کر کے بند کر دیا کرتی تھی۔ ہنڈیا چڑھاتے وقت ہی عاصمہ بیگم پکوڑوں کے لیے بیسن گھول کے ڈھک کے رکھ دیا کرتیں۔ کئی گھنٹے گھولا ہوا پڑا رہنے سے پکوڑے زیادہ مزیدار بنتے ہیں۔ اس سب کے بعد عاصمہ بیگم کا کام ختم ہو جاتا تھا۔ عصر کے بعد افطاری کی تیاری شروع کی جاتی تھی اور وہ ڈیوٹی سلوئی اور دیا کی تھی۔ عاصمہ بیگم اس وقت صرف تلاوت کلام پاک کیا کرتیں، دیا پکوڑے اور فروٹ چاٹ بناتی تھی جبکہ سلوئی کے ذمے شربت بنانا اور روٹیاں پکانے کا کام

PAKSOCIETY.COM



WWW.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY
RSPK.PAKSOCIETY.COM

تھا۔ اس دن بھی عاصمہ بیگم مسالا بھون کر آنچ دھیمی کر رہی تھیں جب مرتضیٰ شاپ پر جانے کے لیے ماں کو اللہ حافظ کہنے آئے۔

''آج کا کیا مینو ہے امی جی؟'' عاصمہ بیگم بیسن کا جار اٹھا کے دیکھ رہی تھیں، اندازے سے پیالے میں بیسن نکالتے ہوئے انہوں نے سر اٹھا کر بیٹے کو دیکھا۔

''سلویٰ نے بریانی کی فرمائش کی تھی۔ میں نے سوچا دیا کو بھی بہت پسند ہے۔ شروع روزوں میں تو کھانے پینے کی روٹین سیٹ نہیں تھی تو اہتمام ہی نہ کر سکے۔ آج سلویٰ بھی موڈ میں ہے۔ بریانی کے ساتھ کباب، رائتہ اور سلاد ہو جائے گا۔ سلویٰ نے افطاری میں چنا چاٹ اور کٹلس کا پلان بنایا ہے۔'' اپنی اور سلویٰ کی پلاننگ بیٹے کے گوش گزار کر کے وہ دانستہ طور پر پکوڑوں اور فروٹ چاٹ کا تذکرہ حذف کر گئیں جو دیا کی ذمے داری تھا اور مرتضیٰ کو بھی خیال نہ آیا۔ افطاری کی تیاری کے منظرنامے میں ماں اور بہن چھائی نظر آئیں وہ بے اختیار بولے۔

''دیا کو بھی ساتھ لگایا کریں، آپ کی ہیلپ کروا دیا کرے یا کبھی کبھار کوئی آئٹم وہ بھی بنا لیا کرے۔'' بیسن میں مسالے مکس کر کے پھینٹتے ہوئے وہ مسکرائیں۔

''ہاں تو آ جائے بے شک، ہیلپ کرا لے یا کوئی ڈش بنائے ہم نے کب روکا۔ اس کا اپنا گھر ہے شوق سے جو چاہے بنائے جو کام چاہے کرے۔ ہم نے کب کوئی روک ٹوک کی۔'' انتہائی فراخدلانہ انداز میں سیاسی قسم کا بیان دیتے ہوئے انہوں نے بیسن کا پیالہ پیچھے کھسکا کر پلیٹ سے ڈھکا اور گندے برتن جمع کر کے سنک میں ڈالنے لگیں۔ اب یہ کام تو روز دیا ہی کرتی تھی لیکن چونکہ بیٹا موجود تھا سو مقاصد تبدیل ہو گئے تھے۔ اس لیے وہ برتن دھونا شروع ہو گئیں۔ شامتِ اعمال دیا اس وقت نہانے کے لیے واش روم گئی ہوئی تھی۔ یہ بات مرتضیٰ کو معلوم تھی سو ماں کو برتن دھوتے دیکھ کر انہوں نے دروازے سے باہر سلویٰ کے کمرے کی جانب جھانکا لیکن انہیں اندازہ نہیں ہو پایا کہ سلویٰ کہاں تھی اور کیا کر رہی تھی۔ عاصمہ بیگم نے مرتضیٰ کی نگاہوں کا مرکز بھانپ لیا لیکن وہ واپس کچن میں آ کے خاموشی سے سلیب سے ٹیک لگا کے کھڑے ہو گئے تو عاصمہ بیگم ذرا کھٹک گئیں۔ دھلے برتن ریک میں لگا کر وہ اپنے ازلی سرسری انداز میں بولیں۔

''سلویٰ ابھی ابھی میرے سارے کپڑے اٹھا کر استری کرنے لے گئی ہے۔ بہت غصہ ہو رہی تھی مجھ پر کہ امی آپ بہت بے پروا ہو رہی ہیں بنا استری کے مسلے ہوئے کپڑے پہنتی رہتی ہیں۔ میں نے بہت کہا کہ رہنے دو، مجھے بھلا کس نے دیکھنا ہے تم لوگ جوان ہو، بجنا سنورنا بنتا بھی ہے لیکن یہ ضدی لڑکی ہفتے بھر کے سوٹ اٹھا کے لے گئی کہ استری کر کے لٹکا دوں گی جو دل کرے پہن لیجیے گا۔ دیا کیا ریسٹ کر رہی ہے؟'' ہنستے، ہنستے بات کرتے ہوئے آخر میں اپنی بات میں ایک پھندنا ٹانک کر بیٹے کی طرف دیکھا جو بغور ماں کی بات سنتے ہوئے ان کے سلیب صاف کرتے ہاتھوں پر نظریں جمائے کھڑے تھے۔ آخری بات پر جیسے چونک کر سیدھے کھڑے ہو گئے۔ ٹراؤزر کی پاکٹس تھپتھپا کر موبائل اور والٹ کی موجودگی کا یقین کیا اور ماں سے بھی زیادہ سرسری لہجہ اپنایا۔

''نہیں امی، وہ شاور لے رہی ہے اچھا اللہ حافظ۔'' کہہ کر ماں کے آگے سر جھکا کر پیار لیا اور لاؤنج سے گاڑی کی چابی اٹھا کر نکل گئے۔ پورچ میں گاڑی اسٹارٹ ہونے کی آواز سن کر وہ سلیب صاف کرنے والا کپڑا دھوتے، دھوتے فاتحانہ مسکرائیں۔ کپڑا اسٹینڈ پر پھیلا کر وہ مڑیں۔ اب ان کا رخ بیٹی کے کمرے کی جانب تھا۔ درمیانی دروازہ کھول کر اندر جھانکا تو سلویٰ بیگم بیڈ پر اوندھی لیٹی سامنے لیپ ٹاپ دھرے انٹرنیٹ پر مصروف تھی۔

''اور جو مرتضیٰ تمہارے کمرے میں جھانک لیتا ناں تو میں جھوٹی پڑ جاتی۔'' عاصمہ بیگم نے دانت پیس کر بیٹی کو ساری بات بتائی اور کوسنے لگیں۔

''تو میں کہہ دیتی کہ سارے سوٹ پریس ہو گئے



WWW.PAKSOCIETY.COM
PAKSOCIETY.COM
WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

کیونکہ میں آپ کی بات سن چکی تھی البتہ آپ سے گزارش ہے کہ والیوم تھوڑا کم رکھا کریں۔ بھابی ساری بات آرام سے سن لیتی ہوں گی۔'' سلوئی ہنس دی اور بے پروائی سے لیپ ٹاپ پر کھٹا کھٹ بٹن پریس کرتے ہوئے بولی۔

''تو سنا کرے۔ میں کوئی اس سے ڈرتی ہوں اور میں کون سا اس کی برائی کررہی تھی اپنے بیٹے سے بات کررہی تھی۔'' عاصمہ بیگم تنک کر بولیں۔ وہ کچھ اور بھی کہتیں لیکن دیا کے کمرے کا دروازہ کھلنے کی آواز آئی تو فوراً درمیانی دروازہ بند کر کے جائے نماز بچھالی کیونکہ دیا کا رخ کچن کی جانب تھا۔ برتن دھلے دیکھ کر اس نے لازمی آکر ساس سے استفسار کرنا تھا۔ اس سے بچنے کے لیے عاصمہ بیگم نے فوراً ظہر کی نیت باندھ لی اور ٹھیک اسی لمحے دیا نے اندر جھانکا۔ انہیں نماز پڑھتا دیکھ کر وہ دل مسوس کررہ گئی۔ اس کا ارادہ تھا برتن دھو کے کچھ دیر تسبیحات کرے گی پھر ظہر پڑھے گی۔ وہ نہا کر جب نکلی تو ڈریسنگ ٹیبل کے آگے کھڑے بال سلجھاتے ہوئے ساس کی گفتگو اس کے کانوں میں پڑی وہ سن کھڑی رہ گئی۔

''اور اب مرتضیٰ کہیں گے کہ... میری ماں کو کپڑے تک استری کر کے دینے والا کوئی نہیں۔ بہن کو احساس ہوا بیوی کو کبھی نہیں ہوا۔'' وہ اپنے استری شدہ سوٹ پر نظریں جمائے سوچ میں گم ہوگئی۔ اس نے بارہا عاصمہ بیگم کو خود کپڑے استری کرتے دیکھا تھا اور سلوئی نے کبھی ان کے کپڑے استری نہیں کیے تھے جبکہ وہ خود ہر بار ساس کے ہاتھ سے کپڑے لینے کی کوشش کیا کرتی مگر ہر بار وہ ہنس کر کہہ دیا کرتیں۔

''ارے نہیں، تم کوئی اور کام دیکھ لو میں تو بس ایک ہاتھ مار کر سیدھا کرتی ہوں کپڑوں کو۔ یہ لو ہو بھی گئے۔'' کہہ کر وہ استری بند کر دیتی تھیں۔ ''اور آج.....''

عموماً وہ کپڑے استری بھی ان اوقات میں کرتی تھیں جب دیا کمرے میں ریسٹ کررہی ہوتی تاکہ اسے پتا نہ چلے اور بعد میں وہ کہہ دیتی تھیں کہ کپڑے سلوئی نے استری کیے۔ وہ بوجھل دل کے ساتھ.... جانماز بچھا کر ظہر پڑھنے کھڑی ہوگئی۔ پوری نماز میں اس کا دھیان بھٹک، بھٹک کر ساس، نند کی چالبازیوں میں ہی الجھتا رہا۔ اس کی سسرال میں بڑا جھگڑا کبھی نہیں ہوا کرتا تھا۔ یہی چھوٹی، چھوٹی باتیں تھیں جو قطرہ، قطرہ دریا بناتی جارہی تھیں اور دیا کو لگ رہا تھا وہ اس دریا میں ڈوبتی جارہی ہے اور ایک دن آئے گا جب مرتضیٰ کنارے کھڑے اسے ڈوبتا دیکھتے رہ جائیں گے۔

نماز مکمل کر کے اس نے چارٹ میں دی گئی ہدایات کے مطابق اکیس مرتبہ یاقہار پڑھا اور دل کی جگہ پھونک مار کر جائے نماز لپیٹ لی۔ لاؤنج کے کونے میں موجود ریک میں جانماز رکھتے ہوئے اس نے دیکھا عاصمہ بیگم تسبیح تھامے کمرے میں ہی ٹہل رہی تھیں۔ وہ ان کے کمرے کے دروازے پر آکے رکی تو ان کی واک بھی قدرے تھمی۔

''کوئی کام ہو تو بتادیں امی جی۔'' دھلے برتنوں کا تذکرہ اب بے معنی تھا۔ انہوں نے خود ہی جتادیا تھا اور ہوا بھی یہی وہ تسبیح کے دانے گراتے ہوئے شفقت سے بولیں۔

''نہیں نہیں تم اب ریسٹ کرو اب بس افطاری کی تیاری کے لیے ہی عصر کے بعد آنا۔ ابھی قرآن پاک پڑھ لو یا کوئی تسبیح۔ میں بھی تسبیح کر کے ذرا کمر ٹکاؤں گی۔ برتن تو میں نے ہنڈیا چڑھاتے ہوئے ساتھ، ساتھ دھو لیے تھے۔ ہاتھ کے ہاتھ کام سمیٹو تو مشکل نہیں ہوتی۔ تم بھی اب جا کے ریسٹ کرو۔'' کہتی ہوئی پھر سے ٹہلنے لگیں تو دیا تلخی بھرے گھونٹ بھرتی مڑگئی۔ کمرے کا دروازہ بند کر کے تھکے، تھکے انداز میں بیڈ پر آبیٹھی۔ اس کے نم بالوں سے اب بھی قطرے ٹپک رہے تھے۔ شفاف قطروں کو کپڑے بھگوتے دیکھ کر کچھ قطرے اس کی آنکھوں سے بھی ٹپکے اور پانی کے ان خوشبودار قطروں کے ساتھ مل گئے۔

☆☆☆

گھر چھوٹا سا تھا پانچ مرلے۔ مرتضیٰ کے والد



WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

مرحوم مصطفیٰ کلیم صاحب نے اچھے وقتوں میں تعمیر کروایا تھا۔ ہر آسائش سے مزین مگر سادہ۔ مرتضیٰ اور سلویٰ بس دو ہی بہن بھائی تھے۔ گھر میں تین بیڈ رومز تھے اور تینوں اٹیچڈ باتھ، لاؤنج، ڈرائنگ روم اور پورچ۔ چھوٹی سی اس فیملی کے لیے بالکل موزوں...... نقشہ کچھ یوں تھا کہ پورچ سے لاؤنج میں داخل ہوتے تو دائیں ہاتھ پر ڈرائنگ روم جس کا ایک دروازہ پورچ میں بھی کھلتا تھا۔ اس کے ساتھ کچن جڑا تھا بائیں جانب دیکھیں تو مرتضیٰ اور دیا کا کمرا تھا اور سامنے مرکزی دیوار میں ساتھ، ساتھ جڑے دو کمرے۔ عاصمہ بیگم اور سلویٰ کے۔ لاؤنج بس اتنا تھا کہ چار کرسیوں والی ڈائننگ ٹیبل اور ایک صوفہ کم بیڈ سمایا ہوا تھا۔ یوں سلویٰ کے کمرے کے ساتھ کچن جڑا تھا اور عاصمہ بیگم کے کمرے کے ساتھ دیا کا کمرا۔ یہی وجہ تھی کہ اسٹار پلس کا ڈراما نہ ہوتے کے باوجود اسٹار پلس کی طرح ایک دوسرے کی باتیں بھی بہ آسانی اور کبھی پلاننگ کے ساتھ سن لی جاتی تھیں۔ اس کام میں سلویٰ اور عاصمہ بیگم ماہر تھیں تو دیا انہیں دیکھ دیکھ کر تربیت لے رہی تھی۔

☆☆☆

''بعد ظہر تھوڑی دیر سونے کے لیے لیٹیں تو اکیس مرتبہ یا خبیرُ پڑھیں۔'' ساس کی باتوں پر دلگرفتہ ہوتی وہ لیٹی تو سامنے چسپاں چارٹ پر نظر پڑی۔ اسے پڑھ کر وہ تکیہ سیدھا کر کے لیٹی ہی تھی کہ موبائل پر میسج ٹون بجی۔

''کیا ہو رہا ہے؟'' مرتضیٰ کا میسج تھا۔

''ریسٹ۔'' اس نے ایک لفظی ریپلائی بھیج کر موبائل پاس ہی رکھ لیا۔ لاشعوری طور پر وہ جواب کے انتظار میں تھی۔

''نہ کبھی جھوٹ بولنا آیا نہ اپنے کام کاج جتا کر سازشوں کی بنیاد رکھنا آیا۔'' وہ یاسیت سے سوچتی خود ترسی کا شکار ہو رہی تھی۔ مرتضیٰ کا پھر کوئی میسج نہیں آیا غالباً انہیں ریسٹ پر اعتراض ہوا تھا۔ اس نے موبائل اٹھا کر چیک کیا کہ شاید اسے آواز نہ آئی ہو۔ کچھ دیر یوں ہی بار، بار چیک کرتی رہی پھر غصے سے موبائل بیڈ پر پٹخ کر دوسری جانب رخ پھیر کر یوں کروٹ لی گویا وہ موبائل نہ ہو بلکہ مرتضیٰ خود ہوں پر غصے میں بھلا نیند آئی ہے کبھی۔

''کسی وقت غصہ آئے تو اکیس مرتبہ یا حفیظُ پڑھیں۔''

کروٹ کے بل بھی نگاہ چارٹ پر پڑی وہ ایک گہری سانس لے کر اٹھ بیٹھی۔ ورد پورا کیا اور خود پر پھونکا تو کچھ سکون سا محسوس ہونے لگا یک دم موبائل بجا۔ اس نے پھرتی سے اٹھایا کہ شاید مرتضیٰ کی کال ہو مگر اسکرین پر پیاری ماں کے الفاظ بلنک کر رہے تھے۔ وہ مسکرا اٹھی۔ پھر ماں سے دکھ سکھ کرتے دل کی بھڑاس نکالی۔ ساس، نند کی جی بھر کر غیبتیں کرتے ہوئے وہ اور اس کی ماں دونوں فراموش کر گئیں کہ یہ ماہِ رمضان ہے بس اس کے دکھے دل کو سکون آ جاتا تھا روز ساس نند کے دکھڑے ماں کو سنا کے۔ گھنٹا پیج مکمل ہوا تو گھڑی پر نظر گئی اور پھر اسی کے نیچے لگے اس رمضان چارٹ پر۔

''افوہ، اس گھنٹے میں، میں نے کلمے کی تسبیح مکمل کرنی تھی۔'' اسے افسوس ہوا چند لمحے خود کو کوسنے میں صرف کیے پھر اٹھی اور قرآن پاک کی تلاوت شروع کردی۔ کچھ ہی دیر میں عصر کا وقت ہو جاتا پھر افطاری کی تیاری شروع کرنی تھی۔ اس نے اپنی نشانی سے ربن پکڑ کر قرآن پاک کھول کر اسے چوما مگر دل میں ایک خاموش سرد جنگ سی چھڑی ہوئی تھی۔

''رمضان، عبادات اور...... یہ ہم کیا کر رہے ہیں۔'' پھر سر جھٹکا۔ ''اللہ غفور و رحیم ہے۔ لیکن پھر بھی کوئی تو سوچے، ہم عبادات کرتے ہیں پھر غیبتیں کرتے ہیں پھر تسبیحات کرتے ہیں پھر ایک دوسرے کے خلاف سازشیں کرتے ہیں پھر نوافل ادا کرتے ہیں پھر جھوٹ بولتے ہیں پھر تہجد پڑھتے ہیں پھر بدگمانیاں پالتے ہیں۔ یہ کیا بن رہا ہے؟ کیا بنا رہے ہیں ہم اپنے لیے؟ گڑبڑ گھٹالا کسی ایک بھی چیز کا کوئی فائدہ ہے......؟''

☆☆☆

PAKSOCIETY.COM



WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM


عاصمہ بیگم آرام کی غرض سے لیٹی تھیں۔ سلوئی لاؤنج سے اخبار اٹھانے آئی۔ کونے میں پڑے چھوٹے سے پلاسٹک ریک کے اوپری شیلف پر جانمازیں رکھی ہوتی تھیں۔ درمیانی شیلف پر اخبارات اور سب سے نچلے شیلف پر میگزین وغیرہ رکھے ہوتے تھے، وہ جھک کر اخبار اٹھانے لگی تو دیا کے کمرے سے باتوں کی ہلکی، ہلکی آوازیں آرہی تھیں۔ وہ اخبار اٹھا کر سیدھی ہوئی اور تھوڑا آگے ہو کے سننے لگی اور بس عورت کی فطرت میں یہ تجسس اور ٹوہ لینے کی خصلت نہ ہو تو بہت کچھ سنور جائے لیکن کیا، کیا جائے کہ عادت تو بدلی جاسکتی ہے لیکن فطرت نہیں۔

''کتنا صبر کروں امی، دو سال تو ہوگئے ہیں حالات ذرہ بھر بھی نہیں بدلے۔ ہمیشہ یہ لوگ میرے ساتھ یہی کرتے ہیں۔ میں امی اور سلوئی کا کتنا خیال کرتی ہوں، کتنے خلوص سے اپنا سمجھ کے کام کرتی ہوں پھر بھی نہ جانے کیوں یہ لوگ ہر وقت میرے لیے گڑھے ہی کھودتی رہتی ہیں۔ وہ تو شکر ہے مرتضیٰ اچھے ہیں ان لوگوں کی باتوں میں نہیں آتے لیکن پھر بھی۔ قطرہ، قطرہ آخر پتھر میں شگاف ڈال ہی دیتا ہے۔'' دیا قدرے جوش میں آگئی تھی سو آواز تھوڑی سی اونچی بھی ہوگئی تھی۔

سلوئی کے تو تن بدن میں گویا چنگاریاں اور شرارے پھوٹ پڑے۔

''مجھے تو بس۔۔۔ اب صرف سلوئی کی شادی کا انتظار ہے۔ اپنے ہی جیسی نند سے جب واسطہ پڑے گا ناں تو لگ پتا جائے گا۔ ساری چالبازیاں اور طراریاں بھول جائے گی پھر اماں بھی اپنی بیٹی کے چکروں میں میرے خلاف سازشیں کرنا بھول جائیں گی اللہ ہی سمجھے انہیں تو۔''

اور بس سلوئی سے مزید کھڑا ہونا دوبھر ہوگیا۔ وہ من، من بھر کے قدم لیے ماں کے کمرے میں آئی اور ان کی پائنتی کی طرف دھڑام سے بیٹھ کر جو رونا شروع ہوئی تو عاصمہ بیگم جو دھڑام کی آواز پر ہڑبڑا کر اٹھ بیٹھی تھیں اسے روتا دیکھ کر ہوش و حواس کام کرنا چھوڑ گئے۔

''ارے کیا ہوا بیٹی...... میری بچی...... سلوئی؟''

وہ بے ربط انداز میں بولتی ہوئی سلوئی کے نزدیک آئیں۔ اس حواس باختگی میں بھی انہیں پرائیوسی نہیں بھولی۔ انہوں نے جھٹ سے ہاتھ بڑھا کر چھکوں پھکوں روتی سسکتی سلوئی کو گھسیٹا اور اس کے کمرے میں لے گئیں۔ بیڈ پر بٹھا کر پانی لانے انھیں تو خیال آیا رمضان ہے۔ پھر کمر سہلانے لگیں۔

''بس میری بیٹیا، بولو تو سہی ہوا کیا...... تم تو اچھی بھلی اپنے کمرے میں تھیں۔ اچانک کیا ہوگیا......؟''

اور بیٹا کا آتش فشاں پھٹ پڑا اور پھر ایک کی دس کے بجائے پچاس لگائیں آنسوؤں کے تڑکے کے ساتھ۔

☆☆☆

خاموشی سے آکر ٹھہرے ہوئے طوفان سے بے خبر محترمہ دیا مرتضیٰ صاحبہ سکون سے سپارہ ختم کر کے اٹھیں۔ قرآن پاک شیلف پر رکھ کے بیڈ کی چادر درست کی اور عصر کی نیت باندھ لی۔ نماز پڑھ کے وہ درود پاک کا ورد کرتی کمرے سے نکلی اور کچن کا رخ کیا۔ کچن میں سلوئی کو مصروف دیکھ کر اس پر حیرتوں کے پہاڑ ٹوٹ پڑے۔

''سلوئی کچن میں کام کرے اور اتنی خاموشی سے بنا کسی شور شرابے کے...... بنا برتن کھڑکائے آج کون سی انہونی ہوگئی۔'' وہ حیرت سے سوچتی آگے بڑھی تو ایک اور جھٹکا لگا۔ ایک برنر پر چنے ابل رہے تھے، دوسرے پر آلو اور تیسرے پر املی کی چٹنی پک رہی تھی۔ کچھ ابلے آلو چھلے ہوئے ایک بڑے پیالے میں پڑے تھے اور سلوئی دھنیا، پودینہ اور ہری مرچیں بکھرائے چٹنی تیار کر رہی تھی۔ وہ مزید حیران ہوئی چند قدم اور آگے بڑھی اور ایک اور جھٹکا لگا۔ سلوئی نے سر اٹھا کر اسے دیکھا تک نہیں...... پکوڑوں کے آمیزے کے قریب ہی پیاز اور آلو بھی کٹے پڑے تھے۔ اسے کچھ خبر نہیں تھی۔ آج کیا مینو ہے۔ اسے ذرا سُبکی کا احساس تو ہوا لیکن پھر بھی جاننا تو ضروری تھا۔

PAKSOCIETY.COM

WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

''کیا بنا رہی ہو سلوی؟ کوئی اسپیشل اہتمام تھا تو مجھے بھی بتا دیتیں، میں تمہارے ساتھ ہیلپ ہی کرا دیتی۔ کب سے لگی ہو؟ دن میں ریسٹ نہیں کیا؟'' وہ سلوی کے دل کی حالت سے بے خبر اپنی ہی دھن میں بولے گئی مگر سلوی کی جانب سے جواب ندارد...... تھوڑا آگے ہو کر ہری چٹنی کو پیالے میں انڈیلتی سلوی کے چہرے کو اس نے بغور جانچا۔

''کیا ہوا ہے سلوی؟'' نہ جانے اس کے چہرے پر ایسا کیا تھا کہ سلوی مزید کچھ بول نہیں سکی۔ سلوی ایک سپاٹ سی نگاہ دیا پر ڈال کر پیالے میں رکھے ابلے آلوؤں کو چھیلنے لگی۔

''کچھ نہیں، چاٹ وغیرہ بنا رہی ہوں۔'' آلو چھل کر مسالے ڈالتے ہوئے اس نے اسی سپاٹ لہجے میں کہا تو دیا کو غیر معمولی پن کا احساس ہوا۔ یک دم اس کے ذہن میں جھماکا سا ہوا۔

''یہ نہ جانے کب سے کچن میں لگی ہے کہیں اس نے میری گفتگو تو نہیں سن لی؟'' اس سوچ سے ہی دیا کا چہرہ زرد پڑنے لگا۔ اب وہ مزید کچھ بھی پوچھتی سلوی نے جواب نہیں دینا تھا۔ اتنا تو وہ جان ہی گئی تھی اسے...... سو باسکٹ سے چھری اٹھا کر فروٹ چاٹ بنانے کے لیے فروٹس چننے لگی تب چھلے آلوؤں کی ٹکیاں بناتی سلوی کے ہاتھ ذرا کی ذرا تھمے اور وہ تیزی سے بولی۔

''فروٹ چاٹ میں بنا کر فریج میں رکھ چکی ہوں۔'' اور دیا کے ہاتھ فروٹ باسکٹ میں ہی جم گئے۔ اب کے اسے شدید ترین گڑبڑ کا احساس ہوا اور اپنا اندیشہ درست لگنے لگا۔ وہ فروٹس چھوڑ کر پلٹی اور اب کے خود کو سوال کرنے سے روک نہیں پائی۔

''کیوں سلوی، ایسی کیا بات ہو گئی؟ دو سال ہو گئے یہ روٹین ہے کہ فروٹ چاٹ اور پکوڑے میں ہی بناتی ہوں پھر آج کیا ہوا ہے؟ مجھ سے کوئی غلطی ہوئی ہے؟ کوئی ناراضی ہے مجھ سے؟''

سلوی کا رنگ قدرے پھیکا پڑ گیا۔ وہ چونکہ گھر میں سب سے چھوٹی تھی سو کبھی کسی مسئلے میں ڈائریکٹ نہیں الجھتی تھی اور نہ ہی دو بدو جھگڑا کرتی تھی، وہ ہمیشہ ماں کو آگے کیا کرتی تھی۔ اور فی الوقت وہ کمرے میں تھیں۔ سو اسے اپنی ٹون تھوڑی چینج کرنی پڑی۔ دیا کو ٹالنا ضروری تھا۔

''نہیں، اصل میں مجھے نیند نہیں آ رہی تھی۔ مرتضی بھائی چنا چاٹ اور کٹلس کی فرمائش کر کے گئے تھے سو میں نے سوچا اسی کی تیاری کر لوں۔ چنے اور آلو ابلنے میں ٹائم لگ رہا تھا۔ میں فارغ تھی تو فروٹ چاٹ بھی بنا لی۔'' اس کی نظریں جھکی ہوئی تھیں اور کٹلس کی ٹکیوں والی پلیٹ اٹھا کے سائڈ پر رکھتے ہاتھوں میں واضح لرزش تھی۔ دیا نے مزید کچھ بھی کہنے کا ارادہ ترک کر دیا اور کچن سے نکل کر لاؤنج میں آ بیٹھی۔ یہ تو طے تھا کہ اب اسے افطاری تک مزید کچھ بھی کرنے نہیں دیا جائے گا۔ وہ اپنی ساس، نند کو بخوبی جانتی تھی۔ سو وہ اخبار اٹھا کر بیٹھ گئی جسے لینے سلوی کمرے سے نکلی تھی اور پھر اس پر دیا کے دل کے راز کھلے تھے۔ نظریں اخبار پر جبکہ دھیان کچن میں ابلے چنے اور آلو مکس کر کے چٹنیاں ملاتی سلوی میں اٹکا تھا۔ دوسری طرف سلوی کا دھیان بھی سارا اخبار میں منہ گھسائے بیٹھی دیا کی جانب تھا۔ اتنے میں عاصمہ بیگم کمرے سے نکلیں۔ سر پر لپٹا دوپٹا بتا رہا تھا کہ وہ عصر پڑھ کے نکلی ہیں۔ وہ بھی سیدھی کچن میں چلی گئیں۔ وہ اخبار واپس پٹخ کر ساس کے پیچھے کچن میں چلی آئی۔

''بھلے سے کچھ نہ کرنے دیں، میں بھی ان کے سروں پر سوار رہوں گی۔'' سوچتے ہوئے وہ کچن کے دروازے کی چوکھٹ سے لگ کر کھڑی ہو گئی۔ لبوں پر درودِ پاک کا ورد تھا۔ دل میں بغض تھا...... لیکن دوسری طرف بھی حال کچھ ایسا ہی تھا۔

''آ گئیں اب مدد کا ڈراما رچانے...... اندر اتنا زہر بھرا ہے اور سارا دن کیسے امی، امی کرتی پھرتی ہے۔'' عاصمہ بیگم اندر ہی اندر کلستے ہوئے چاول نکال کر ابالنے رکھ رہی تھیں۔ دوسرے برنر پر بریانی کا مسالا گرم کرنے رکھا ہوا تھا۔ ان کے لبوں پر پہلے



PAKSOCIETY.COM
WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

عشرے کی دعا تھی۔

''اے اللہ مجھے معاف کردے، میرے اوپر رحم کر، تو بہترین رحم کرنے والا ہے۔'' اللہ کیسے رحم کرے ظالموں پر......؟

''بھائی کو کلیئر تو بتا نہیں سکتے کہ میں نے بھابی کی باتیں سنی ہیں۔ امی ہی کوئی چکر چلائیں گی مگر اب اس چلتر بھابی کو کوئی موقع نہیں دینا... خیال رکھنے کے ڈرامے کرنے کا۔'' سلویٰ چاٹ تیار کرکے فریج میں رکھ رہی تھی۔ لبوں پر درود پاک کا ورد تھا۔ سرکارِ دو عالم صرف لبوں سے ادا کردہ درود قبول کرلیتے ہیں؟ وہ درود جو لبوں پر ہو، دل ودماغ میں......؟

ایک گہری چپ، معنی خیز خاموشی اور دل توڑ دینے والی مجرا اذیت سوچوں کا عفریت چاروں اطراف گردش کرتا تینوں نفوس کو اپنی، اپنی جگہ بوجھل کیے دے رہا تھا۔ عاصمہ بیگم اب بریانی کی تہیں لگا رہی تھیں۔ سلویٰ شربت گھول رہی تھی۔ دیا خاموش تماشائی......نہ مزید سوال کرنے کی ہمت تھی نہ آگے بڑھ کر کوئی کام کرنے کا حوصلہ......اس کی آنکھیں بھر آئیں۔ قریب تھا کہ چھلک پڑتیں، وہ سرعت سے آنسو چھپانے کو مڑی، عین اسی لمحے عاصمہ بیگم بریانی کو دم پر لگا کے مڑیں اور سلویٰ فریزر میں سے برف نکالنے کو مڑی...... دیا کی جھلملاتی آنکھوں کی چمک دونوں نے دیکھی...... عاصمہ بیگم کا دل ذرا سا پسیجا مگر سلویٰ کے چہرے پر پھیلا تنفر دیکھا تو بیٹی کی آنسو بھری آنکھیں بہو کی جھلملاتی آنکھوں پر سبقت لے گئیں۔ وہ پھر سے بے نیاز بن گئیں۔ کچن سے نکل کر لاؤنج میں پڑے کاؤچ پر بیٹھ کر پھر سے وہی اخبار سنبھالنے تک دیا خود کو کمپوز کر چکی تھی لیکن اس منتشر دماغ کے ساتھ کوئی خبر کیا خاک پلے پڑتی۔ عاصمہ بیگم لاؤنج میں ہی ڈائننگ ٹیبل کی کرسی سنبھالے اب تلاوت کر رہی تھیں، گاہے بگاہے ایک چور نظر دیا پر ڈال لیتی تھیں۔ بالآخر دیا سے رہا نہیں گیا۔ ایک بار پھر انا کو کچل کر مصالحت پسندی کا انتخاب کرتے ہوئے ساس کو مخاطب کیا۔

''پکوڑے تلنے ہیں امی؟'' عاصمہ بیگم نے ذرا کی ذرا اسے نظر اٹھا کر دیکھا۔ مزید بے اعتنائی نہ جتا سکیں۔ دھیرے سے اثبات میں سر ہلا دیا۔ وہ غنیمت جان کر اٹھی اور کچن میں آگئی۔ سلویٰ نے ایک چولہے پر ابھی ابھی کڑاہی چڑھائی تھی اور دوسرے پر کٹلس تل رہی تھی۔ گویا اگر وہ ذرا بھی لیٹ ہوتی تو سلویٰ پکوڑے تلنا بھی شروع کر چکی ہوتی۔ دیا نے دیدہ دلیری سے پکوڑوں کے بیسن کا باؤل سلویٰ کے آگے سے اٹھایا اور آلو پیاز مکس کرنے لگی۔ کڑاہی میں گھی گرم ہوا تو پکوڑے تلنے کے لیے ڈالے اور پھرتی سے ٹرے اٹھا کر برتن سیٹ کرنے لگی۔ سلویٰ خاموشی سے کٹلس تلتی ہوئی اس کی پھرتیاں دیکھ رہی تھی۔ افطاری میں بس دس منٹ باقی تھے۔ مرتضیٰ کی گاڑی کا ہارن سنائی دیا تو جیسے دیا کو اندر تک سکون اترتا محسوس ہوا تھا۔ وہ مسلسل درود پاک کا ورد کرتی جارہی تھی اور دل ہی دل میں سلویٰ کو کوستی جارہی تھی۔ دوسری جانب بھی یہی حال تھا۔ خدا جانے ہمارے دلوں کو کیا ہوگیا ہے۔ خدا رسول ﷺ کی یاد بھی دلوں کے میل نہیں اتارتی، دلوں میں کھوٹ کی زیادتی ہوگئی ہے یا دکھاوے کی عبادات بڑھ گئی ہیں، کچھ سمجھ نہیں آتا۔ ضمیر بیچارہ بھی کب تک چیخے...چیخ، چیخ کے ملامت کر کر کے بالآخر شرمندہ ہو کے چپ ہی کر جاتا ہے یا پھر تیزی سے بڑھتے گناہوں کے بوجھ تلے بری طرح دب جاتا ہے اور دبی ہوئی چیز کی آواز بھلا باہر کب آتی ہے۔

مرتضیٰ نے لاؤنج میں قدم رکھا تو نہ جانے کیوں دیا کا دل ڈوب کے ابھرا......وہ سلام کرکے واپس کچن میں آئی اور پکوڑے نکال کر ٹرے میں رکھنے لگی۔

''کیسے ہوسکتا ہے کہ مرتضیٰ ماحول کی کشیدگی اور تناؤ محسوس نہ کریں۔ ماں اور بہن میں تو ان کی جان بندھی ہے۔'' اس نے یاسیت سے سوچا اور درود پاک کا ورد تیز کردیا۔

''بھائی کے آگے فی الحال تو موڈ بگڑا ہی رکھوں گی۔ سمجھ جائیں گے کہ ان کی بیگم ہی کی کوئی کارستانی

PAKSOCIETY.COM

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

ہے۔ ہمیں خود سے بتانا نہیں پڑے گا۔" برتنوں کی ٹرے لے جاتی دیا کو دیکھ کر سلوی نے سوچا پھر یک دم جیسے ہوش میں آئی۔ پھرتی سے فریج کھول کر چنا چاٹ، فروٹ چاٹ اور شربت کا جگ نکالا...... گلاس کے ساتھ ہی جمبو سائز ٹرے میں سب سیٹ کیا اور ٹیبل پر پہنچ گئی۔ افطاری میں اب محض چند منٹ تھے۔ مرتضیٰ نے سلوی کے خاموش انداز کو نوٹ کیا، دوسری نگاہ ماں پر ڈالی تو انہوں نے سنجیدگی سے نظریں چرائیں۔ تیسری نگاہ کا مرکز دیا تھی جو نگاہوں کے اس تصادم سے پھیکی پڑ چکی تھی اور اس کے چہرے پر پھیلا پھیکا پن بنا کچھ کہے سنے اسے مجرم ثابت کر گیا۔ مرتضیٰ نے ایک گہری سانس خارج کی اور پلیٹ اپنی طرف کھسکائی۔ دیا نے کھجوروں کی کٹوری اٹھا کر سب کی پلیٹ میں ایک، ایک کھجور رکھی، جگ اٹھا کر سب کے گلاس شربت سے بھرے اور اپنی جگہ پر بیٹھ گئی۔ عین اسی لمحے اذان کی صدا بلند ہوئی۔ چاروں نے دعا پڑھ کر روزہ افطار کیا۔ یوں یہ روزہ انتہائی بوجھل ماحول میں اختتام کو پہنچا۔

☆☆☆

"اتنے شوق سے بچی بیچاری نے افطاری میں اہتمام کیا۔ پوری دوپہر لگی رہی اور پھر نظر ہی کھا گئی اسے۔ کسی سے ڈھنگ سے کچھ کھایا ہی نہیں گیا۔" عاصمہ بیگم نے کمزور سے لہجے میں بات شروع کی۔ دیا افطاری کے برتن دھو رہی تھی، سلوی کمرا نشین، مرتضیٰ ماں کی پٹی سے لگے بیٹھے تھے۔ درمیانی دروازے کے پار بچی بیچاری چپک کے کھڑی روداد سن رہی تھی۔

"کیا بات ہوئی ہے؟" مرتضیٰ نے آہستگی سے پوچھا۔

"چھوڑو بیٹا بس......" عاصمہ بیگم نے ٹھنڈی آہ بھر کر بات ادھوری چھوڑی تو مرتضیٰ مزید شرمندہ ہوئے۔ کیونکہ اتنا تو وہ بھانپ گئے تھے کہ جو بھی غلط ہوا ہے دیا سے ہی ہوا ہے اور آخر وہ بیوی تو انہی کی تھی۔ اس لیے انہیں شرمندگی تو ہونی تھی۔ وہ بیڈ پر ماں کی پائنتی پر آ بیٹھے اور ان کے پیروں کو دھیرے سے دبا کے بولے۔

"بتائیں ناں دیا کی کوئی بات بری لگی ہے، مجھے بتائیں۔"

"دیا کو کچھ مت کہنا...... اس سے کیا گلہ کرنا...... پرائی لڑکی ہے، سگوں جیسی محبت کیونکر ہو سکتی ہے اسے ہم سے۔ ایسی توقع کرنا ہی بے وقوفی ہے۔ بس سمجھو تم نے سنا اور بھلا دیا۔" وہ دلگرفتگی سے کہنے لگیں۔

"بہوؤں بھابیوں کو گھر بیٹھی نند برداشت نہیں ہوتی۔ ڈائریکٹ تو کچھ بھی نہیں کہا دیا نے...... لیکن اپنی ماں سے گلے شکوے کر رہی تھی۔ جذبات میں آ کے کچھ آواز اونچی ہو گئی۔ سلوی تو دوپہر بھر سے کچن میں ہی تھی۔ اس کے کان میں پڑ گئی ساری بات...... دیا سمجھی ہو گی ہم دونوں سو رہی ہیں۔ بس سوچو پھر...... سلوی کے دل کا کیا حال ہوگا۔ کتنی مشکل سے تو میں نے اسے چپ کرایا پھر کام میں لگا دیا کہ ذرا ذہن بٹے......" مرتضیٰ کا سر کچھ اور جھک گیا۔ کچھ شرمندگی کے بوجھ سے اور کچھ ماں اور بہن کی اعلیٰ ظرفی کے بوجھ سے۔ وہ خاموش ہی رہے۔ عاصمہ بیگم کچھ دیر ان کے تاثرات جانچتی رہیں پھر کچھ سمجھ نہ پائیں تو مزید بولیں۔

"سلوی تو بچی ہے پھر بھی میں نے کافی سمجھایا ہے۔ موڈ خراب ہے اس کا لیکن بڑی بھابی سے بدتمیزی بالکل نہیں کی اس نے...... دل دکھنا تو فطری ہے، کل تک سیٹ ہو جائے گی۔ میں آہستہ، آہستہ سمجھا رہی ہوں اسے۔ خود کو بوجھ نہ سمجھنے لگ جائے اس لیے غصہ نہیں کر سکتی۔" اب کے مرتضیٰ کسی نتیجے پر پہنچ کر مسکرائے اور ماں کا ہاتھ تھام کر ازلی دھیمے پن سے بولے۔

"دیا بھی سمجھ جائے گی آہستہ، آہستہ...... ابھی نئی ہے پھر اس کی عمر بھی کوئی اتنی زیادہ نہیں...... آپ صحیح کہہ رہی ہیں وہ پرائی ہے، نند سے سگی بہنوں جیسی محبت پیدا نہیں کر سکتی لیکن محبت بہر حال ہو جائے گی۔ ضد اور ہٹ دھرمی نہیں ہے اس میں، بات سمجھاؤ تو سمجھ بھی جاتی ہے۔ آپ بڑی ہیں درگزر کر دیا کریں۔ سلوی چھوٹی ہے اس کے لیے دیا کو سمجھاؤں گا میں۔" مرتضیٰ نے نہایت سلیقے سے ماں کو قائل کیا۔ عاصمہ بیگم کو مرتضیٰ کا دیا کی حمایت کرنا چبھا تو بہت لیکن پی گئیں۔ دیا چائے کی ٹرے اٹھائے اسی وقت اندر آئی تھی۔ عاصمہ



PAKSOCIETY.COM
WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

بیگم کے کمرے میں موجود سینٹر ٹیبل پر ٹرے رکھ کر بیٹھنے ہی لگی تھی کہ مرتضٰی نے دھیرے سے حکم دیا۔

''سلوٰی کی چائے اسے بیڈروم میں دے آؤ۔''

وہ بیٹھنے کے لیے جھکی تھی اور جھکے سے ہی سیدھی ہوگئی۔

''ہونہہ...... مہارانی صاحبہ......'' شدید جلن کو دل میں دبائے وہ مگ اٹھا کر سلوٰی کے کمرے میں چلی گئی۔ عاصمہ بیگم تسبیح کے دانے گراتی طمانیت سے مسکرائیں۔

''بڑی آئیں خیال رکھنے والی بھابی...... ہونہہ......'' سلوٰی نے زہر خند سوچوں کے ساتھ دیا کے ہاتھ سے مگ تھام کر سائڈ ٹیبل پر رکھ دیا اور نظریں کتاب پر مرکوز کر دیں۔ دیا بوجھل دل کے ساتھ واپس آکر مرتضٰی کے برابر بیٹھ گئی اور اپنا مگ اٹھالیا۔

''بس چلے تو گود میں بیٹھ جائیں میاں کی......''

عاصمہ بیگم نے حسد سے سوچا اور آخری دانہ گرا کر تسبیح تکیے کے نیچے رکھ کر اپنا مگ اٹھالیا۔ مرتضٰی گہری سوچ میں گم چائے کے سپ لے رہے تھے۔ دیا نے تھک کر کرسی کی بیک سے سر ٹکا دیا۔

چائے کے برتن دھو کر وہ کچن سے نکلی تو عاصمہ بیگم عشا کی نیت باندھ چکی تھیں۔ مرتضٰی تراویح کے لیے مسجد جا چکے تھے۔ سو وہ بھی تراویح کی نیت سے اپنے کمرے کی جانب بڑھ گئی۔ گرمی سے برا حال تھا۔ اس نے الماری سے کپڑے نکالے اور شاور لینے گھس گئی۔ شاور لے کر سکون محسوس ہوا تو عشا کے لیے کھڑی ہوگئی پھر تراویح کے دوران اس کے آنسو امڈ، امڈ کر آتے رہے۔ عاصمہ بیگم کی گفتگو کا آخری حصہ اور مرتضٰی کے کمنٹس وہ چائے لاتے ہوئے سن چکی تھی۔ ایک تو گھر ہی اتنا چھوٹا سا تھا کہ راز اکثر راز نہیں رہ پاتے تھے اور کچھ عورتوں کی ٹوہ لینے والی فطرت اور یہ فطرت ان تینوں عورتوں میں بدرجۂ اتم موجود تھی۔ سچی بات تو یہ ہے کہ یہی عادت دراصل دکھ بڑھانے کا سبب بنتی ہے۔ وہ جو کہتے ہیں ناں کہ آگہی بہت بڑا عذاب ہے تو اگر عورتیں تجسس کرنا، ٹوہ لینا ترک کر دیں تو اس نام نہاد آگہی کے حصول کے لیے ہلکان ہونا

چھوڑ دیں تو آدھے سے زیادہ دکھ کم ہو جائیں۔ انہی منتشر سوچوں کے بیچ دیا نے تراویح مکمل کی اور چارٹ کو دیکھ کر اکیس مرتبہ یا قویُ پڑھ کر جانماز لپیٹ لی۔ اچانک اسے خیال آیا کہ تمام نمازوں کے بعد جو، جو سورتیں پڑھی جاتی ہیں ان کی پابندی کرنے والی دیا صاحبہ آج مغرب کے بعد سورۂ واقعہ پڑھنا یکسر فراموش کر گئیں۔ وجہ وہی تجسس...... کیونکہ مرتضٰی اسی وقت مغرب پڑھ کر آئے تھے اور دیا کو لگا اب اس کی ساس کچھ نہ کچھ کہیں گی۔ وہ سب چھوڑ چھاڑ کر کمرے سے نکلی تھی اور اب اسے افسوس ہوا...... اس نے پنج سورہ اٹھایا اور پہلے سورۂ واقعہ کی تلاوت کی پھر سورۂ ملک' عبادت میں سکون بہت ہے۔ خواہ ہم پوری توجہ سے نہ بھی کریں۔ اللہ پاک اتنا غفور الرحیم ہے کہ ہماری ادھوری توجہ پر بھی مکمل رحمت سے نوازتا ہے۔ اسے مزہ آنے لگا۔ یوں سورۂ سجدہ، پھر سورۂ یٰسین اور پھر جب سورۂ رحمٰن پڑھی تو یوں لگا کائنات کی گردش تھم گئی۔ ہر طرف سکون پھیل گیا۔ پنج سورہ واپس رکھ کر مڑی تو اسے لگا اب کچھ، کچھ بھوک محسوس ہونے لگی ہے۔ ٹینشن میں افطاری جو ٹھیک سے نہیں کھائی تھی۔ گھر میں صرف عاصمہ بیگم تھیں جو نہایت کم افطاری لیتی تھیں اور کھانا ساتھ ہی کھالیا کرتی تھیں۔ باقی تینوں تراویح کے بعد کھانا کھایا کرتے تھے۔ اور آج تو عاصمہ بیگم نے بھی کھانا نہیں کھایا تھا۔ ایک بار پھر شام کے سارے واقعات اس کی نگاہوں میں گھوم گئے لیکن اب وہ شانت تھی۔ اسی وقت مرتضٰی اندر داخل ہوئے۔ ٹوپی اتار کر ریک پر رکھی اور بالوں میں انگلیاں چلاتے ہوئے نارمل انداز میں بولے۔

''چلیں جناب ڈنر کے لیے شدید بھوک لگ رہی ہے۔'' ان کے ہلکے پھلکے انداز پر دیا کی جان میں جان آئی۔ اسے مرتضٰی کی یہی خوبی پسند تھی۔ وہ ماں اور بہن کی کسی بھی بات کا اثر اپنے اور دیا کے تعلق پر نہیں پڑنے دیتے تھے۔ اگر دل میں ان کی شکایت کو درست سمجھتے بھی تھے تب بھی دیا سے سوال جواب نہیں کرتے

PAKSOCIETY.COM



WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

تھے۔ نہ ہی گلہ شکوہ، نہ بحث، نہ جھگڑا بلکہ بے حد سبھاؤ سے موقع دیکھ کر چند جملوں میں ایسے انداز سے نصیحت کردیا کرتے تھے کہ دیا سمجھ بھی جائے اور اس کا دل بھی برا نہ ہوا۔ اس وقت بھی ڈنر خوشگوار ماحول میں کرنے کی خاطر مرتضیٰ نے کوئی بات نہیں کی۔ دیا بھی سمجھ گئی اور مسکراتے ہوئے کمرے سے نکل گئی۔

عالیہ بیگم اپنے کمرے میں ہی تھیں۔ اس نے کچن میں آکر بریانی گرم کرنے رکھی اور برتن ٹرے میں رکھ کر ٹیبل پر سیٹ کرنے لگی۔ فریج سے رائتہ نکالا اور پانی کے جگ کے ساتھ ٹیبل پر رکھ رہی تھی کہ مرتضیٰ کمرے سے نکلے...... پھر جتنی دیر میں اس نے کباب فرائی کیے، بریانی بھی گرم ہوگئی۔ وہ دونوں چیزیں ٹیبل پر رکھ رہی تھی جب اس نے دیکھا مرتضیٰ ماں کا ہاتھ تھامے ٹیبل تک لارہے تھے۔ وہ فریج سے سلاد نکال کر لارہی تھی جب اس نے دیکھا اب وہ سلویٰ کے کندھوں کے گرد بازو پھیلائے اسے بھی ٹیبل تک لارہے تھے۔ سلویٰ کا چہرہ سپاٹ تھا۔ سب نے اپنی، اپنی جگہ سنبھالی تو دیا نے سب کو کھانا سرو کیا پھر خود بھی بیٹھ گئی۔ افطاری کی نسبت کھانا ذرا بہتر ماحول میں کھایا گیا۔

☆☆☆

ڈنر کے برتن دھو کر کچن صاف ستھرا کر کے جب وہ کمرے میں آئی تو مرتضیٰ کو اپنا منتظر پایا۔ وہ ڈریسنگ میں جاکے نائٹ ڈریس پہن آئی۔ مرتضیٰ نائٹ بلب جلا کر لیٹ چکے تھے۔ وہ بھی لیٹ گئی۔ چند لمحوں بعد انہوں نے معمول کی طرح اپنا بازو پھیلایا تو دیا نے اپنا سر اُن کے بازو پر رکھ دیا۔

''میں جانتا ہوں میری دیا بہت سمجھدار اور کیئرنگ ہے۔'' وہ اسے قریب کر کے بولے۔ دیا نے پلکیں اٹھائیں، وہ محبت سے اسے دیکھ رہے تھے۔ چند لمحے یوں ہی دیکھتے رہے جیسے سوچ رہے ہوں کہ بات کے لیے کیا الفاظ چنے جائیں پھر لمبی بات کہنے کا ارادہ ترک کرتے ہوئے ایک گہری سانس خارج کی اور بولے۔

''بس اتنا کہوں گا...... احتیاط کیا کرو......'' اور بس گتھی سلجھ گئی۔ دیا کی فون پر کی جانے والی باتیں سلویٰ نے سن لی تھیں، اس خدشے پر تصدیق کی مہر لگ گئی۔ بیک وقت کئی احساسات نے دیا کو اپنی لپیٹ میں لے لیا۔ شرمندگی، دکھ، تاسف، غصہ اور بے بسی ......مرتضیٰ نے ایک نرم مسکان اس کے حوالے کی اور آنکھیں موندلیں۔

''تو یہ تھا رمضان جیسے بابرکت مہینے کا استقبال......'' غنودگی میں جانے سے پہلے یہ آخری سوچ تھی جس نے تمام نفوس کے دماغ کا احاطہ کیا تھا۔ اپنی، اپنی جگہ عاصمہ بیگم، سلویٰ، مرتضیٰ اور......دیا بھی......

☆☆☆

''آپ کے بالکل سامنے جو گھر ہے ناں اس کے اوپر والے پورشن میں کرایے دار رہ کے گئی ہے ان کی فیملی...... نندیں بیاہی گئیں پھر ساس، سسر فوت ہوگئے تو دومیاں، بیوی کو اتنا بڑا بنگلا ضرورت سے سوا ہوگیا۔ اس لیے چھوٹے گھر میں شفٹ ہوگئے۔ پچھلے شوال کی بات ہے۔'' دیا دس بجے کے قریب اٹھ کر آئی تو ڈرائنگ روم میں عاصمہ بیگم کے ساتھ کسی نفیس سی خاتون کو بیٹھے دیکھا۔ سلام کر کے وہ بھی وہیں بیٹھ گئی۔

''ہاں کچھ یاد تو پڑتا ہے لیکن وہ فیملی کسی سے زیادہ میل جول نہیں رکھتی تھی اس لیے ٹھیک سے جانتی نہیں میں۔'' عاصمہ بیگم تسبیح ایک ہاتھ سے دوسرے ہاتھ میں منتقل کرتے ہوئے بولیں تو وہ خاتون ہنس دیں۔

''جی تقریباً سارا محلہ یہی بات کہہ رہا ہے۔ اصل میں ساس، سسر گھر کے بڑے ہوتے ہیں، دونوں ہی بیمار تھے۔ مریم ان کی اکلوتی بہو تھی وہ ہمہ وقت خدمت میں جتی رہتی تھی۔ اب جا کے فراغت نصیب ہوئی تو سب نے اسے کہا کہ جو علم حاصل کیا ہے اس کی شمع گھر، گھر پہنچاؤ۔ اولاد کوئی دی نہیں اللہ پاک نے۔ شادی کو چھ برس ہوگئے تو اس رمضان سے مریم نے باقاعدہ آغاز کیا۔'' بات اب کچھ، کچھ دیا کی سمجھ میں آنے لگی تھی۔ رمضان کی وجہ سے خاطر تواضع تو کوئی ہو نہیں سکتی تھی سو وہ آرام سے بیٹھی تھی۔ وہ خاتون اب دیا کو بغور



PAKSOCIETY.COM
WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

دیکھ رہی تھیں۔

"یہ بہو ہے آپ کی......؟" انہوں نے پوچھا تو دیا مسکرادی۔ عاصمہ بیگم نے ہی جواب دیا۔

"جی ہاں، میرا بھی ایک ہی بیٹا ہے ماشاء اللہ دو سال ہوئے شادی کو...... اور بیٹی چھوٹی ہے۔ اصل میں، میں بھی زیادہ آنے جانے کی عادی نہیں اور پھر آپ کا گھر گلی کا پہلا گھر اور ہمارا آخری...... سو بس......" عاصمہ بیگم نے بات ادھوری چھوڑی تو وہ خاتون خوش دلی سے مسکرائیں اور بولیں۔

"کوئی بات نہیں لیکن اب اس نیک مقصد کے لیے ضرور وقت نکالیے گا۔ مریم لوگوں کا محلے میں اگر مجھ سے بھی میل ملاپ تھا تو اس کی واحد وجہ یہ تھی کہ میرا بیٹا عثمان اور مریم کا میاں داؤد بچپن کے دوست ہیں۔ ساتھ پڑھے ہیں یونیورسٹی تک...... اس محلے میں مریم لوگوں کو گھر بھی عثمان کے ذریعے ملا ورنہ ان لوگوں نے بڑا عرصہ سیٹلائٹ ٹاؤن میں گزارا۔ اب فی الحال مریم نے ترتیب کچھ یوں رکھی ہے کہ پہلا عشرہ تو وہ اپنے ہی علاقے میں درس دے رہی ہے گھر پہ آتی ہیں عورتیں دوسرے عشرے کے لیے اس کے سسرالیوں نے اپنے علاقے کا کہا ہے اور آخری عشرے کے لیے میں نے اس سے اپنے محلے کی بات کرلی اسی لیے اس نے محلے والوں کو مطلع کرنے کا ذمہ مجھے ہی دے دیا۔" اندر فون کی گھنٹی بج رہی تھی، سلویٰ شاید باتھ روم میں تھی تو عاصمہ بیگم معذرت کر کے اٹھ گئیں۔ دیا نے آداب میزبانی آگے بڑھاتے ہوئے گفتگو جاری کرنے کی غرض سے پوچھا۔

"مریم، جن کا آپ ذکر کر رہی ہیں، کوئی عالمہ ہیں؟" وہ خاتون مسکرائیں۔ غالباً خاصی ہنس مکھ تھیں ہر جملے سے پہلے یا ہنستی تھیں یا مسکراتی تھیں۔

"ہاں بیٹا، شادی سے پہلے بی اے کے بعد عالمہ فاضلہ کا کورس کیا پھر کئی مدرسوں میں پڑھایا۔ شادی کے بعد بھی چند سال پڑھاتی رہی پھر ساس، سسر کی بیماری اور نندوں کی شادیوں کے سلسلوں میں جاب چھوڑنی پڑی۔ اب سب پھر سے اصرار کر رہے ہیں۔ بہت ہی باعمل بچی ہے ماشاء اللہ...... نندیں تعریف کرتی ہیں، ساس، سسر راضی خوشی دنیا سے گئے ہیں۔ اس رمضان سب نے اس سے اصرار کیا کہ درس کا اہتمام کرے، داؤد اس کا زیادہ باہر نکلنا پسند نہیں کرتا لیکن اس مقصد کے لیے اس نے فی الحال اس شرط پر اجازت دی ہے کہ وہ روز بس ایک گھنٹا درس دے گی اور رمضان کے بعد اپنے گھر پر ہی اہتمام کرے گی۔ جسے طلب ہے وہ وہیں جائے۔ ماشاء اللہ شرعی پردہ کرتی ہے اور وہ خود بھی اس بات کا خیال رکھتی ہے کہ بلاوجہ گھر سے نکلنے سے گریز کرے۔" دیا کو بے اختیار رشک آیا۔ اس نے پکا فیصلہ کرلیا کہ وہ ضرور یہ درس اٹینڈ کرے گی جو مریم ان خاتون ہی کے گھر آ کے دے گی۔ رخصت ہوتے وقت انہوں نے ایک بار پھر...... بے حد اصرار سے عاصمہ بیگم کو کہا۔

"عاصمہ بہن، میری گزارش ہے محض ایک گھنٹا اپنے قیمتی وقت میں سے نکال کر اس وقت کو مزید قیمتی بنانے درس میں ضرور آیئے گا اور بچیوں کو بھی لایئے گا۔ بچیوں کے لیے تو ایسے درس بے حد فائدہ مند ہوتے ہیں۔" وہ رخصت ہوگئیں اور عاصمہ بیگم کو نئی سوچ عطا کر گئیں۔

"نیک، باپردہ، فرمانبردار، خدمت گزار بہو اور بھابی، نندیں، ساس، سسر راضی خوش، ہر جگہ چرچا، دیا کو تو ضرور ہی لے جاؤں گی درس میں۔ کچھ گن تو ہماری بہو میں بھی آئیں۔" انہماک سے صفائی کرتی دیا کو دیکھتے ہوئے عاصمہ بیگم گہری سوچ میں گم تھیں۔ دوسری جانب دیا بھی اسی سوچ میں مدغم تھی کہ کس طرح درس میں جایا جائے۔

"صبح گیارہ سے بارہ کا وقت ہے۔ صفائی ستھرائی میں تقریباً گھنٹا لگتا ہے۔ دس کے بجائے اگر میں نو بجے اٹھ جایا کروں...... دس بجے تک صفائی سے فارغ ہو کر اپنا حلیہ درست کر کے آرام سے گیارہ بجے درس کے لیے جانا ممکن ہے۔" دونوں ساس، بہو تانے


PAKSOCIETY.COM
WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

بانے بُن رہی تھیں۔

اس روز کی تلخی کے بعد سے دیا بھی کافی محتاط ہوگئی تھی اور عاصمہ بیگم اور سلوٰی کا مزید خیال رکھنے کی کوشش کرنے لگی تھی۔ عاصمہ بیگم بھی کافی حد تک بھول گئی تھیں لیکن سلوٰی نے اب تک بات دل میں رکھی ہوئی تھی۔ بات تو کرلیتی تھی لیکن بس ضرورت کے تحت...... کچھ وہ پہلے سے ہی کم گو تھی۔ یوں چار پانچ روزے تو خیریت سے گزر گئے تھے۔ آج ساتواں روزہ تھا جو یہ خاتون درس کا بلاوا دینے آئی تھیں اور سوچ کے نئے در وا کر گئی تھیں۔ ہنڈیا بنانے کے لیے اٹھنے تک عاصمہ بیگم درس اٹینڈ کرنے کا مصمم ارادہ کرچکی تھیں۔

دیا نے اچھی طرح چادر اپنے گرد لپیٹی اور پرس اٹھا کر کمرے سے نکلی۔ مرتضٰی ماں کے پاس کچن میں کھڑے تھے۔ اسے آتا دیکھ کر چابی اٹھائی اور نکل گئے۔ وہ بھی ساس کو جانے کا بتا کر نکل آئی۔ آخری عشرے میں عید کی تیاریوں کے باقی کام بھی بہت ہوتے ہیں اور اس بار درس ایک اضافی مصروفیت کے طور پر سامنے آیا تھا اس لیے عاصمہ بیگم نے فیصلہ کیا کہ عید کی شاپنگ دوسرے عشرے میں ہی مکمل کرلی جائے۔ وہ خود سلوٰی کو لے کر الگ سے شاپنگ پر جایا کرتی تھیں۔ ایسے معاملات میں وہ دیا کو ہمیشہ الگ رکھا کرتی تھیں۔ سو دیا کی شاپنگ کی ذمے داری مکمل طور پر مرتضٰی کے سر ہوتی تھی۔ اس وقت بھی وہ دونوں شاپنگ کے لیے ہی نکلے تھے۔ عاصمہ بیگم ہانڈی چڑھا رہی تھیں۔ مرتضٰی نے چند گھنٹوں کے لیے شاپ کی ذمے داری مینیجر کو سونپی تھی۔ یہ اوقات شاپنگ کے لیے مرتضٰی کو موزوں لگتے تھے کیونکہ افطاری کے بعد شاپنگ کرنے میں تراویح رہ جانے کا خدشہ رہتا ہے پھر ان اوقات میں بازار میں بھی بے پناہ رش ہوجاتا ہے سو تفصیلی شاپنگ وہ دن میں کیا کرتے تھے اگر آخر میں کوئی ایک آدھ آئٹم رہ جاتا تو اس کے لیے افطاری کے بعد نکلنے میں کوئی حرج نہیں ہوتا تھا۔ مرتضٰی اور دیا کے گھر سے نکلتے ہی سلوٰی بی بی بھی کمرا نشینی چھوڑ کر باہر نکل آئیں۔

''چلی گئیں مہارانی صاحبہ......؟'' سلوٰی نے کچن کے دروازے سے ٹیک لگاتے ہوئے ماں کو دیکھا۔

''ارے ہاں بھئی، پوچھ رہی تھی آپ نے کچھ منگوانا ہو تو بتادیں۔ میں نے کہا نہیں ہمیں کچھ نہیں چاہیے۔'' وہ طنزیہ ہنسی ہنستے ہوئے بولیں۔

''ہونہہ...... چاپلوسیاں، اچھا دفع کریں...... یہ بتائیں ہم کب جائیں گے عید کی شاپنگ کرنے؟'' وہ اشتیاق سے بولی تو عاصمہ بیگم نے ہنڈیا بھونتے ہوئے بیزاری سے اسے دیکھا۔

''تمہارے بھائی صاحب اپنی دلہن رانی کو تو شاپنگ کرا لائیں پھر ہمارا خیال آئے گا۔ ہم کون سا خود کماتے ہیں۔ بیٹے نے چند پیسے دے دیے تو لے آئیں گے جو کچھ اس میں آسکا۔'' سلوٰی نے اسٹول گھسیٹا اور کچن میں ہی بیٹھ گئی۔ موضوعِ گفتگو نے گرمی کے احساس سے دور کردیا تھا۔

''ہاں یہ بھی ٹھیک ہے، پہلے بھابی کی شاپنگ دیکھ لیں پھر اپنی کریں گے۔ بھابی پر تو بھائی دل کھول کے روپیہ لگاتے ہیں۔ آپ صحیح کہہ رہی ہیں کہ ہمارے لیے تو جتنا دے دیا اسی میں لے آئیں گے جو بھی آسکا۔'' سلوٰی نے بھی ناشکری کی حد کردی۔ حالانکہ مرتضٰی اگر بیوی پہ دل کھول کے خرچ کرتے تھے تو اتنا ہی کھلا ماں اور بہن پہ بھی خرچ کرتے تھے۔ اب اگر وہ مرتضٰی کے ساتھ چلی جایا کرتیں تو جتنا کھلم کھلا خریداری کرتیں مرتضٰی ہی پے منٹ کرتے جاتے لیکن چونکہ پرائیوسی برتنی ہوتی تھی تو ایسے میں مرتضٰی اندازے سے ہی رقم دے سکتے تھے۔ گو کہ عاصمہ بیگم انتہائی چالاکی سے کافی رقم بچا بھی لیتی تھیں پھر بھی ظاہر یہی کرتی تھیں کہ سب کچھ ہاتھ کھینچ کر خریدا گیا ہے۔

ان دونوں کو گئے تین گھنٹے ہونے کو آئے تھے۔ ہنوز واپسی نہیں ہوئی تھی۔ عاصمہ بیگم کا طیش کے مارے برا حال تھا اور سلوٰی کا حسد کے مارے......

PAKSOCIETY.COM



WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

"اللہ جانے پورا بازار خریدنے کھڑی ہوگئی ہیں یا کیا بات ہے۔"

"آپ فون ملائیں ناں بھائی کو......" سلویٰ نے مشورہ دیا تو ان کے دل کو لگا۔ ابھی ریسیور اٹھایا ہی تھا کہ مرتضیٰ کی گاڑی کا ہارن بجا...... انہوں نے ریسیور واپس رکھ دیا۔

"اچھا ہوا ملایا نہیں تھا فون...... ورنہ بہو رانی کے ماتھے پر جو بل آجاتے تو افطاری تک دور نہ ہوتے۔ دیکھا تھا ناں اس دن...... غلطی بھی اپنی تھی اور کیسے ڈنر تک منہ بنائے رکھا تھا۔" مبالغہ آرائی کی حد ختم تھی عاصمہ بیگم پر۔

"دیکھنا کیسے لتے لیتی ہوں میں۔" اتنا ہی کہا تھا کہ سلویٰ نے اشارہ کیا کہ دونوں اندر آچکے ہیں۔ وہ خاموش ہوگئیں۔ مرتضیٰ اور دیا شاپرز سے لدے پھندے جب عاصمہ بیگم کے کمرے میں داخل ہوئے تو انہوں نے جھٹ سے قرآن پاک کھول لیا۔ سلویٰ بے نیازی اپنے کمرے میں گھس گئی۔ دیا کا خوشی سے جگمگاتا چہرہ یک دم بجھ گیا۔ وہ جتنے جوش سے اندر داخل ہوئی تھی اتنے ہی بکھرے ہوئے سے انداز میں کرسی پر ڈھے سی گئی۔ مرتضیٰ نے بھی صورتِ حال کی کشیدگی بھانپ لی لیکن مرد خوش قسمت ہوتے ہیں۔ جھٹ سے بولے۔

"اچھا بھئی منیجر کا دو مرتبہ فون آچکا ہے میں تو چلا...... شام کو ملاقات ہوتی ہے پھر...... اللہ حافظ......" کہہ کر چلتے بنے، پیچھے رہ گئی دیا بیچاری...... شاپرز وہیں عاصمہ بیگم کے بیڈ پر چھوڑ کے وہ چادر اتارنے کمرے میں چلی گئی۔ واپس آکے ساس کے کمرے میں ہی ظہر پڑھی۔ نماز مکمل کر کے سلام پھیرا تو بالآخر عاصمہ بیگم نے قرآن پاک رکھ دیا۔

"ظہر تو بس قضا ہی ہونے لگی تھی۔ میں نے سمجھا بازار ہی میں نماز بھی پڑھنے لگے ہو تم لوگ......" انہوں نے طنز کیا۔ دیا پھیکی سی ہنسی ہنس دی۔

"بس اصل میں رش بے تحاشا تھا۔ اب تو لوگ دن میں بھی نکلتے ہیں اور رات میں بھی۔ ہم سمجھتے رہے کہ دن میں بازار خالی ملے گا۔" وہ ڈھیٹ بن کر بولی۔ اور یہ بات بھی اس کے خلاف ہی ہوگئی۔

"ارے ہاں بھئی سب پیسے کے کھیل ہیں۔ چار پیسے ہاتھ میں آجائیں تو بازار نکل پڑتے ہیں لوگ...... پھر ایک چیز تو لیتے نہیں، میچنگ کے نام پر ہزاروں آئٹم بھرے پڑے ہیں بازار میں اور لینے والیاں دیوانوں کی طرح خریدے جاتی ہیں۔" عاصمہ بیگم اپنے مخصوص طنزیہ لہجے میں بولیں۔ دیا کہہ کر پچھتائی پھر ان کی بات کا اثر زائل کرنے کے لیے اٹھی اور شاپرز کھولنے لگی۔

"تمہارا مطلوبہ سامان مل گیا تمہیں؟" انداز اب بھی طنزیہ تھا۔

"جی بالکل...... اصل میں مرتضیٰ کی بھی تو شاپنگ تھی ناں اور پھر مردوں کے لیے تو الگ ہی شاپس ہیں۔" اور عاصمہ بیگم مزید تپ گئیں۔

"تو اپنی شاپنگ مرتضیٰ بعد میں خود کرتا رہتا۔ اس وقت تمہاری شاپنگ ضروری تھی، وہ مکمل کرنی چاہیے تھی۔" ایک بار پھر دیا اپنی ہی کہی بات پر پچھتائی۔ اس بار اسے تھوڑا سا غصہ بھی آگیا تو وہ ہنس کر کہنے لگی۔

"میری پسند سے لینا چاہ رہے تھے ناں مرتضیٰ اس لیے آج ہی لے لیا۔ اب ظاہر ہے میں نے اپنی ساری شاپنگ ان کی پسند سے کی تو انہیں اصولاً میری پسند سے کرنی چاہیے تھی۔" اور بس عاصمہ بیگم تو خاک ہی ہوگئیں۔ طیش کے مارے ایک لفظ بھی ان کے منہ سے ادا نہ ہوسکا۔ موقع غنیمت جان کر دیا نے شاپنگ کا سامان نکالنا شروع کیا۔ اب اس کے دل میں ٹھنڈ پڑ چکی تھی۔ پھر عاصمہ بیگم آخر تک ایک لفظ بھی نہ بولیں۔

فل بلیک لان کا ڈیزائنر سوٹ، میچنگ کی بے حد اسٹائلش بلیک سینڈل، میچنگ پرس، جیولری، عاصمہ بیگم کا رنگ بھی اتنا ہی سیاہ پڑتا جارہا تھا۔ اس کے بعد مرتضیٰ کا بلیک اسٹائلش ڈیزائنر کرتا شلوار، بلیک جوتے، کمرے میں گویا بلیک کلر کا راج ہوگیا۔ اس قدر



WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

میچنگ پہ عاصمہ بیگم پھٹ ہی پڑیں۔

''یہ کیا ہر چیز بلیک اٹھا لائے۔ عید خوشی کا دن ہوتا ہے، شادی کو بھی ابھی عمر تو نہیں گزر گئی، ہر چیز میں کالا سیاہ رنگ دیکھو بھلا کوئی تک ہے۔'' بولتے، بولتے وہ یک دم رک گئیں۔ دیا ایک اور سوٹ نکال رہی تھی۔

''کیا دو سوٹ لائی ہو عید کے لیے؟'' انہیں لگا وہ بے ہوش ہو جائیں گی۔ دیا بھرپور انداز سے مسکرائی۔ اتنا واویلا سن کر سلویٰ بھی باہر نکل آئی تھی۔ اس سے بھائی، بھابی کی میچنگ دیکھے بنا رہا نہیں گیا اور عین اسی لمحے دیا نے وہ سوٹ نکالا جسے دیکھ کر سلویٰ کی تو آنکھیں کھلی کی کھلی رہ گئیں۔

سی گرین اور وائٹ کنٹراسٹ میں بے حد اسٹائلش ڈیزائنر ویئر جو بلاشبہ کسی بھی طرح دیا کے بلیک سوٹ سے کم نہیں تھا۔ دیا دونوں کی نظروں میں...... بے تحاشا ستائش دیکھ کر فاتحانہ مسکرائی۔ زبان سے تو یہ لوگ کبھی مر کے بھی تعریف نہ کرتیں۔ اسی لیے وہ پہلے نہیں بولی۔ عاصمہ بیگم کا تو تحیر اور پریشانی کے مارے منہ ہی بند نہیں ہو رہا تھا۔ تب دیا بولی۔

''یہ تمہارے لیے ہے سلویٰ!'' کہہ کر اس نے سوٹ سلویٰ کی طرف بڑھایا۔ چند لمحے سلویٰ نے ہاتھ ہی نہیں بڑھایا پھر جیسے یقین و بے یقینی کے بیچ جھولتے ہوئے اس نے ہچکچاتے ہوئے سوٹ تھام لیا۔

''میرے لیے......؟'' انداز میں اب بھی بے یقینی تھی۔ دیا بھرپور طریقے سے مسکرائی۔ عاصمہ بیگم سارا طیش بھول کر قدرے شرمندہ سی ہوئیں۔

''ہاں سلویٰ، ویسے تو تم لوگ اپنی شاپنگ خود کرتے ہو لیکن اپنا سوٹ پسند کر کے جب میں مڑی تو اس سوٹ کو دیکھتے ہی تم میرے ذہن میں آئیں۔ بس میں تو بضد ہو گئی۔ حالانکہ انہوں نے بہت کہا کہ سلویٰ اپنی پسند سے لیتی ہے لیکن میرا دل نہیں چاہا کہ یہ سوٹ چھوڑ دوں۔ سو میں نے کہہ دیا کہ کوئی بات نہیں اس بار میری پسند سے پہن لے گی۔ پھر بھی اگر اسے پسند نہ آیا تب وہ دوسرا لے لے...... یہ میں لے لوں گی...... تو پھر پسند آیا؟'' آخر میں اس کا لہجہ شرارتی ہو گیا...... سلویٰ قدرے جھینپ گئی۔

''نہیں، نہیں بھابی، بہت پیارا ہے۔'' عاصمہ بیگم نے بے چینی سے پہلو بدلا۔ یہ سچویشن ان سے ہضم نہیں ہو رہی تھی پھر سلویٰ کو کچھ شرمندگی محسوس ہوئی تو پوچھنے لگی۔

''اور اپنی شاپنگ دکھائیں ناں آپ......'' دیا خوشی، خوشی اسے سب چیزیں دکھانے لگی۔ وہ بھی دل کھول کے تعریفیں کر رہی تھی۔ عاصمہ بیگم نے یکلخت سوٹ سلویٰ کے ہاتھ سے جھپٹا اور تنقیدی نگاہوں سے جائزہ لینے لگیں۔

''کتنے میں آیا یہ سوٹ......؟ تم تو لگ رہا ہے مرتضیٰ کا بٹوا سارا جھونک آئی بازار میں۔'' دیا کو ان کی جھنجلاہٹ خوب مزہ دے رہی تھی جبکہ سلویٰ ذرا سا کھسیا گئی۔ دیا محض قہقہہ لگا کر ہنس دی اور چیزیں سمیٹنے لگی۔

''چلو یار اب ریسٹ کروں گی بری طرح تھک گئی، روزہ بھی لگنے لگا ہے اب تو...... بس گھنٹا بھر ہی ہے آرام کرنے کو...... پھر افطاری کی تیاری کرنی ہے۔'' وہ شاپر اٹھا کر اٹھ کھڑی ہوئی۔ عاصمہ بیگم کو اس کی شوخیاں ایک آنکھ نہیں بھا رہی تھیں۔ سلویٰ پھر سے اپنے خول میں بند ہو چکی تھی، مبادا ماں سے کھری، کھری سننی پڑ جائے کہ بھابی کے سوٹ دینے پر ریجھ گئیں۔ دیا نے کمرے میں جا کر دروازہ بند کیا اور عاصمہ بیگم شروع ہو گئیں۔

''اللہ جانے کتنا پیسہ اڑا آئی یہ فتنی...... اور چالاکیاں دیکھو...... سلویٰ یہ تمہارے لیے......'' عاصمہ بیگم نے ناک چڑھا کر دیا کی نقل اتاری تو سلویٰ ہنس پڑی۔

''ہمارے ہی بیٹے کے پیسے سے خرید کر ہم پہ ہی احسان...... پسند آ گیا تو لے لیا...... دیکھو بھلا...... کیسے کہہ دیا صاف منہ پہ کہ ویسے تو آپ لوگ اپنی شاپنگ خود کرتے ہیں، ہونہہ...... کیا تم اپنی شاپنگ خود نہیں کرتیں؟ تو ہم پہ کاہے کا اعتراض......'' عاصمہ بیگم کو کسی پل قرار نہیں آ رہا تھا۔ انہیں لگ رہا تھا بہو...



WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

## اجنبی کیوں؟

میں کیوں رنجور رہتی ہوں
تھکن سے چور رہتی ہوں
کبھی آ کر ملا بھی کر
کوئی مجھ سے گلا بھی کر
جو کچھ بھی پاس ہے میرے
مری جاں نام ہے تیرے
مجھے پھر چوم کر ساجن
اتارو ہاتھ سے کنگن
خموشی ساز بن جائے
تری آواز بن جائے
جو دل کہتا ہے کہنے دو
بہیں آنسو تو بہنے دو
خدارا اب نہ شرماؤ
مجھے کیوں ہو نظر آؤ
تمہارے ساتھ رہنا ہے
سب ہی دکھ درد سہنا ہے
تو یہ بیگانگی کیوں ہے
ہر اک شے اجنبی کیوں ہے

کلام، پروفیسر سیما سراج

آج کل ہر بوتیک میں چل رہا ہوتا ہے ایک سوٹ کے ساتھ ایک فری...... تو کیا پتا یہ سوٹ بھی فری......'' ایک لمحے کو تو عاصمہ بیگم کا بھی منہ کھلا رہ گیا پھر جیسے غصہ نئے سرے سے عود کر آیا۔

''ہوں...... ہونہ ہو سلوئی یہ پیکج کا ہی سوٹ ہوگا۔ میں بھی کہوں بہو بیگم کو یکا یک اتنی محبت کہاں سے پھوٹ پڑی۔ ہونہہ...... دیکھی چالبازیاں، مکار عورت نہ ہو تو......'' سلوئی بھی دل کی بھڑاس نکالنے لگی اور......

اپنے کمرے کے دروازے کے پیچھے کمر ٹکائے آگہی کے لیے ہلکان ہوتی دیا مرتضیٰ کے آنسو لڑیوں کی صورت رواں تھے۔ سامنے بیڈ پر پڑے عید کی شاپنگ کے شاپرز بکھرے توجہ کناں تھے۔ کچھ ہی دیر پہلے ساس خود مختاری کا رعب جمارہی ہے۔

''چھوڑیں بھی امی...... دیکھیں تو سہی کتنا قیمتی اور اسٹائلش سوٹ ہے۔'' سلوئی تہ شدہ قیمص کو پھر سے کھول کر پھیلا کے بیٹھ گئی تو عاصمہ بیگم نے قیمص کا کونا پکڑ کے پرے جھٹکا۔

''ارے جاؤ...... ان ڈھکوسلوں سے تم بہلو...... تم تو بے وقوف ہو، جانتی نہیں ہو اپنی چلتر بھابی کا اصل مقصد......'' قیمص کو دوبارہ سے تہ لگاتی سلوئی کے ہاتھ رک گئے۔

''کیا مطلب امی جی...... کیسا مقصد؟'' وہ الجھی۔

''آج ایک سوٹ لائی ہے کل کو جوتے بھی لائے گی پھر کبھی میرے لیے بھی لے آئے گی یوں کرتے، کرتے خریداری پہ اپنا تسلط جمائے گی اور میاں پہ دھاک بٹھا کے گھر کا خرچہ اپنے ہاتھ میں لے لے گی۔ ہمیں بھی بنا کر دیوار سے چپکا دے گی۔ سمجھا کر میری بھولی بچی یہ چاہتی ہے وہ کہ بس خود مختار ہو جائے اور ہم اس پر انحصار کرنے لگ جائیں۔''

''اوہ...... امی آپ تو واقعی کتنی عقلمند ہیں، مجھے تو بچی بات ہے اتنی سمجھ ہی نہیں۔'' سلوئی یک دم پریشان سی ہوگئی۔

''اپنے لیے دیکھ میچنگ کے نام پر کیا کچھ اٹھا لائی ہے۔ اب مرتضیٰ صرف میرے سوٹ اور تیرے جوتوں کے پیسے پکڑا دے گا۔ باقی تیری جیولری' پرس میک اپ سب دھرا رہ جائے گا۔ ایک سوٹ مہنگا لا کے سر پر احسان دھرا سو الگ اور باقی چیزوں کا خرچہ بچا وہ اس کی اپنی جیب میں۔'' سلوئی گم صم ماں کی دور اندیشی سے مستفید ہو رہی تھی کہ یک دم اس کے ذہن میں ایک کوندا سا لپکا۔

''اور امی......'' وہ بیٹھے سے کھڑی ہوگئی۔ عاصمہ بیگم جو اَب لیٹنے لگی تھیں پھر سے سیدھی ہو گئیں۔

''کیا ہوا؟''

''یہ سوٹ؟'' سلوئی کا انداز کھویا، کھویا سا تھا۔

''یہ سوٹ بھی کیا پتا پیکج میں ملا ہو...... یعنی وہ جو

PAKSOCIETY.COM



WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1
PAKSOCIETY

کی جھنجلاہٹ سے لطف لینے والی اب اپنے بارے میں اعلیٰ درجے کی بدگمانی بھری باتیں سن، سن کر سسک رہی تھی کیونکہ وہ بہو تھی۔ بے بس، لاچار......

☆☆☆

اس کے بعد بہت سے روزے اسی بیزاری اور بوجھل پن کے زیرِ اثر گزرے...... سلوئی پھر سے کھنچی، کھنچی رہنے لگی، عاصمہ بیگم دھوپ چھاؤں اور دیا...... بے حس، ٹھس......

برکتوں اور رحمتوں سے بھرے ماہِ رمضان کو انسانوں نے کن سیاستوں اور بدگمانیوں کی نذر کردیا ہے کہ اب وہ لطف ہی نہیں آتا۔ آج ہم کہتے ہیں کہ جو ہمارے بچپن کا رمضان تھا اور جو ہمارے بڑوں کے بچپن کا رمضان تھا، جو تہوار تھے وہ کہیں کھو گئے ہیں۔ ہم یہ نہیں سوچتے کہ وہ بڑے بھی تو کہیں کھو گئے ہیں، آج ہم نے اپنے گھروں کو جو سیاسی اکھاڑا بنا کے رکھ دیا ہے تو فرشتے بھی دس گز دور سے گزرتے ہوں گے ہم جیسوں کے گھروں سے۔ کہاں سے آئیں رحمتیں اور برکتیں۔ جب دلوں میں بدگمانی، نفرت اور حسد کے پودے نمو پا رہے ہوں۔ کہاں سے قبول ہوں تہجد، نمازیں، قرآن اور تسبیحات، جب ہماری نمازوں میں بھی دوسروں کے خلاف پلان بنائے جا رہے ہوتے ہیں، لبوں پر نماز اور ذہن میں بغض بھری سوچیں، لبوں پر تسبیح و درود اور ذہن و دل میں چھڑی نفرت کی جنگ......رحمتوں کی جگہ ہی کہاں بچتی ہے؟ چاروں نفوس کی عبادات اپنی جگہ قائم و دائم تھیں پھر بھی دلوں کو سکون نصیب نہیں ہو رہا تھا۔ اب دیا بھی لیے دیے رہنے لگی تھی۔ مرتضیٰ خاموشی سے تجزیہ کر رہے تھے، عاصمہ بیگم بے نیازی کا چولا پہنے رہتیں اور سلوئی ازلی معصومیت کا......ہاں، بیٹی اپنی شاپنگ ایک ایسے دن میں جا کے کرا آئی تھیں جب صبح کے اوقات میں دیا چند گھنٹوں کے لیے میکے گئی تھی۔ بس وہی چند گھنٹے غنیمت جان کر دونوں اپنی شاپنگ کرلائیں اور الماریوں میں چھپا کے رکھ دی۔ دیا کو اندازہ ہو گیا تھا لیکن نہ اس نے پوچھا نہ ان دونوں نے منہ سے بھاپ نکالی۔ عجیب بے حسی تھی جس نے دیا کے وجود کا احاطہ کر رکھا تھا، وہ خود بھی وجہ جاننے سے قاصر تھی۔

☆☆☆

دھاگوں کے نفیس سے کام والا لان کا سفید سوٹ زیب تن کیے، چادر نما لمبا چوڑا وائٹ دوپٹا اچھی طرح لپیٹ کے دیا نے سفید جوتی پاؤں میں ڈالی اور کمرے سے نکل کر لاؤنج میں آ گئی۔ عاصمہ بیگم بادامی رنگ کا بریزے کا سوٹ پہنے تیار بیٹھی تھیں۔

مرتضیٰ شاپ پہ جا چکے تھے، دیا نے لاؤنج میں آ کے پرس ٹیبل پر رکھا اور سینڈل کا اسٹریپ بند کر رہی تھی کہ سلوئی کمرے سے نکلی......ٹی پنک سادہ مگر نفیس سا سوٹ پہنے دوپٹا پھیلائے سر پر اسکارف لپیٹے وہ بھی تیار تھی۔ آج اکیس رمضان المبارک تھی۔ مریم داؤد کے درس کا پہلا دن......

☆☆☆

''ہر انسان کی شکل صورت و ہیئت ظاہری دوسرے انسان سے قطعی مختلف ہوتی ہے، جب ظاہر مختلف ہے تو باطن بھی ہوگا......آپ یہاں جتنی خواتین بیٹھی ہیں ہر ایک کا مزاج دوسری سے مختلف ہوگا، گھر کا ماحول، رہن سہن، زبان، پسند ناپسند غرض ہر چیز دوسرے سے یکسر مختلف ہوگی۔ کچھ باتیں اگر یکساں ہوں بھی تب بھی تمام یکساں نہیں ہو سکتیں۔ تو سوچیں کہ اتنا کچھ مختلف ہونے کے بنا پر ایک دوسرے کے خلاف طبع بات ہونا بھی ممکن ہے ناں......؟ اور خلاف طبیعت بات پہ اگلے کو تکلیف پہنچنا بھی لازم ہے۔ آپ سب مانتی ہیں ناں......؟ بس یہی زندگی کی حقیقت ہے اور اسی میں حُسن بھی ہے۔'' سیاہ ڈھیلا ڈھالا عبایا زیب تن کیے سیاہ چادر کے ہالے میں دھلا دھلایا شفاف چہرہ لیے انتہائی نرم اور پُراثر انداز کی یہ شخصیت مریم داؤد کی تھی۔ اس کی بات پہ عاصمہ بیگم اور دیا کی نظریں بے اختیار ملیں اور اختیاری طور پر چرا لیں۔

''سو اگر آپ چاہیں گی کہ آپ کا بیٹا سو فیصدی



WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

آپ کی مرضی و خواہش کے تابع ہو جائے تو یہ ناممکن ہے اگر آپ چاہیں گی کہ آپ کی بیٹی کا مزاج آپ کے مزاج کے مطابق ہو جائے، ناممکن ہے...... اگر آپ چاہیں گی کہ آپ کے شوہر، باپ، بھائی، بہن، بہو، کوئی بھی رشتے دار آپ کے مزاج اور شخصیت کے مطابق ہو جائے تو میری پیاری بہنو! ایسا ناممکن ہے اور اگر آپ ایسا چاہتی ہیں تو آپ غلطی پر ہیں۔'' مریم نے ذرا توقف کیا تو عورتیں معنی خیز انداز میں ایک دوسرے کو دیکھنے لگیں۔ مریم نے روایتی درس کے بجائے ایسے موضوعات چُنے تھے جو گھریلو مسائل سے متعلق اور جو عورتوں کے مسائل سے متعلق ہوتے ہیں سو اس کی ہر دوسری بات کسی نہ کسی عورت پر صادق آرہی تھی اور جو عورتیں گھر والوں کے ہمراہ آئی تھیں وہ پہلو پہ پہلو بدلے جارہی تھیں اور ان ہی میں سے ایک عاصمہ بیگم بھی تھیں۔

☆☆☆

''جب آپ چار پانچ لوگ اکٹھے رہتے ہیں تو تکالیف بھی پہنچتی ہیں اس لیے یہ سوچ کر ساتھ رہیں کہ ہم ساتھ رہیں گے تو تکلیف بھی پہنچے گی اور اس پر صبر کرنا پڑے گا اور اگر صبر نہیں کریں گے تو حدیث کا مفہوم ہے کہ آپس کے جھگڑے، نفرتیں اور ناچاقیاں دین کو مونڈنے والی چیزیں ہیں کیونکہ نفرت کی وجہ سے جھگڑے ہوتے ہیں، جھگڑوں کے نتیجے میں انسان غیبت، بہتان اور ایذا رسانی جیسے گناہوں میں مبتلا ہو جاتا ہے اور نتیجتاً انسان دین سے بیگانہ ہو جاتا ہے۔''

''یہی سب تو ہو رہا ہے ہمارے گھر میں بھی۔'' یہ مشترکہ سوچ تھی، عاصمہ بیگم، دیا اور سلوی تینوں کی۔ اس مشترکہ سوچ کے زیر اثر گویا کوئی ٹیلی پیتھی تھی جس نے تینوں کی نظروں کو باہم ملایا۔ تینوں کی نگاہوں میں شرمندگی تھی۔

''اب آپ سوچ رہی ہوں گی کہ ایسی صورت میں ہم کریں تو کیا کریں...... میں آپ کو بتاتی ہوں، جب آپ کو کسی سے کوئی گلہ محسوس ہو، بدگمانی ہونے لگے تو اس بات کو لے کر نہ بیٹھ جائیں، دنیا میں کوئی انسان مکمل نہیں...... صرف یہ سوچ لیں کہ سو اچھائیاں اگر خود آپ میں موجود ہیں تو ہزار برائیاں بھی ہوں گی اور جس سے آپ کو نفرت محسوس ہو رہی ہے اگر ہزار برائیاں اس میں ہیں تو سو اچھائیاں بھی تو ہوں گی۔ زندگی میں کبھی نہ کبھی تو اس نے آپ سے محبت کا کوئی برتاؤ بھی کیا ہی ہوگا۔ بس اسے یاد کرلیا کریں۔ اس کی اچھائی کا تصور کریں گے تو برائی میں کمی محسوس ہونے لگے گی۔''

''کچھ بھی ہے خدمت تو کرتی ہے دیا...... دیکھا جائے تو سلوی تو زیادہ تر کمرے میں ہی رہتی ہے۔ میری بری بھلی بھی ہنس کے سنتی ہے پھر بھی کام کاج کراتی رہتی ہے۔'' یہ سوچ عاصمہ بیگم کی تھی۔ مریم کی بات کے زیر اثر دماغ میں آنے والی پہلی، پہلی خوبی جو دیا میں انہیں نظر آئی۔

''ایک بات تو ہے، جتنا مرضی مرتضیٰ کو بھڑکا لیں لیکن ٹپیکل ساسوں کی طرح جھگڑے نہیں کرتیں امی، نہ ہی سلوی نے کبھی بدتمیزی کی۔'' یہ دیا تھی۔

''ماننا پڑے گا، بھابی جیسی بھی ہیں اندازہ ہوتا ہے کہ بھائی کو ہمارے خلاف بھڑکاتی نہیں ہیں نہ ہی کبھی جھگڑا کرتی ہیں۔'' یہ سلوی تھی اور یہ تین ہی کیا...... وہاں موجود تقریباً ہر عورت ہی کے دل پر پڑے قفل کھلتے جارہے تھے۔ ملبے تلے دبا سسکتا ہوا ضمیر منظرِ عام پر آنے لگا تھا، کچھ اس کی آواز بھی سنائی دینے لگی تھی۔ ہر کوئی اپنی ذات کے احتساب میں مگن تھا اور مریم کہہ رہی تھی۔

''آج کا سب سے بڑا مسئلہ یہ ہے کہ ہمیں بات، بات پہ شکوے شکایات کرنے کی عادت پڑگئی ہے جو ناشکری کا دروازہ ہے۔ ہمیں یہ نہیں ملا، وہ نہیں ملا، اسے ہم سے زیادہ مل گیا، اس نے یہ نہیں دیا، وہ نہیں کیا، ایسے کہہ دیا، ویسے کردیا۔ کوئی حد ہی نہیں شکوے شکایات کی...... اس کے نتیجے میں دلوں میں نفرتیں بڑھتی ہیں، گھر اجڑ جاتے ہیں، کیا ہوگا اگر ہم...



PAKSOCIETY.COM
WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

درگزر کردیں..... اللہ کے لیے معاف کردیں..... ہم بھلا کس چیز پہ لڑتے ہیں؟ صرف دنیاوی دھن دولت، عزت، شہرت، کپڑا لتا، جو آج اللہ چاہے تو ہم سے چھین لے۔ آج چاہے تو ہمیں موت دے، دے اور سب یہیں رہ جائے۔"

سب ٹھاٹ پڑا رہ جائے گا
جب لاد چلے گا بنجارا

عورتیں شرمساری سے پانی، پانی ہو رہی تھیں۔ یہ تو سب کے دلوں کی باتیں تھیں۔

"حدیث کا مفہوم ہے کہ اپنے بھائی سے جھگڑا مت کرو۔" اور اسی حدیث میں آپ ﷺ نے دوسرا حکم یہ دیا کہ اپنے مسلمان بھائی کے ساتھ دل لگی اور مذاق نہ کرو..... یعنی وہ مذاق جس سے اگلے کو تکلیف پہنچے..... آج ہم مذاق کے نام پر طنز، طعن و تشنیع سے اگلے کا دل چھلنی کر دیتے ہیں۔ اس سے بھی دلوں میں نفرتیں پیدا ہوتی ہیں۔ ہم جو سوچتے ہیں ناں کہ اس کے سامنے ذرا یہ بات کروں گی، دیکھنا آگ لگ جائے گی اور اس آگ لگنے میں ہمارے دل میں ٹھنڈی پھوار پڑ جاتی ہے۔ ہم سوچتے ہی نہیں کہ اس وقت ہمیں لطف دینے والی بات آخرت میں ہمیں کتنا بڑا عذاب پہنچانے والی ہے۔"

دیا کو یکلخت وہ دن یاد آیا جب وہ اپنی شاپنگ دکھا کر ساس کو جلا رہی تھی اور مزہ لے رہی تھی..... پھر جب ساس نے دل کی بھڑاس نکالی اور اس کے خلاف برا گمان کیا تب اس کا دل کس بری طرح دکھا تھا۔ وہ اب شرمندگی میں غرق تھی۔

"پھر دوسری بڑی غلطی جو ہم کرتے ہیں وہ بدلہ لینے کی ہے۔ کوئی شخص ہمارے خلاف کوئی بات کر دیتا ہے۔ مثلاً بہو نے کوئی ناگوار بات کر دی، ساس کے دل میں ایسی آگ بھڑکی کہ اس نے بدلہ لینے کی ٹھانی۔ اب یا تو وہ خود کسی موقع پر کوئی ایسی بات کہہ دے گی کہ اس کے دل میں ٹھنڈ پڑ جائے گی یا بیٹے کو بہو کے خلاف اکسا دے گی۔ اب ساس کے دل کی آگ تو ٹھنڈی ہوگئی لیکن بتائیں کہ وہ پیمانہ کہاں سے لائی جس سے اس نے بہو کی جانب سے حاصل ہونے والی اذیت کو ناپا؟ کیا ممکن ہے؟ نہیں ناں پھر اگر ساس اسے تکلیف کا جواب لوٹانے میں ذرا زیادتی کر گئی جو کہ بدلہ لینے والا لازماً کر جاتا ہے تو پھر آخرت میں لازمی پکڑ ہوگی جیسا حساب خدا تعالیٰ کر سکتا ہے ویسا ہم نہیں کر سکتے، سو سیدھی بات ہے کہ بدلہ لینے کا بھی ہم حق نہیں رکھتے..... ٹھیک ہے بدلہ لینے کا شرعاً ہمیں حق ضرور حاصل ہے لیکن یہ حق (ہماری کم فہمی کے باعث) اس لحاظ سے اتنا خطرناک ہے کہ اس سے دستبردار ہونا بہتر ہے۔ سو اگر آپ نے معاف کر دیا تو اللہ تعالیٰ کا وعدہ ہے وہ بے حد و حساب، بے اندازہ اجر و ثواب دے گا۔ اتنا کہ اگر آپ گمان کر سکیں تو یہ دعا کریں کہ یا اللہ ساری عمر مجھے کوئی سکھ ہی نہ دینا تاکہ میں اتنا اجر پا سکوں۔" کسی عورت نے ہاتھ بلند کر کے مریم سے سوال کرنا چاہا تھا سب لوگ اس کی جانب متوجہ ہو گئے اور مریم کو بھی توقف کرنا پڑا۔

"اور میں نے کیا، کیا اپنی بہو کے ساتھ..... بدلہ لینے میں کتنا آگے بڑھ گئی کہ اس نے تو محض اپنی ماں کے آگے دل کی بھڑاس نکالی اور میں نے بیٹے کو ہی بدگمان کر دیا۔" یہ اس عورت کا اعترافِ جرم تھا جو آبدیدہ تھی۔ عاصمہ بیگم کا رنگ زرد پڑ چکا تھا۔ سلوئ بھی گہری سوچ میں گم تھی۔ سب عورتیں مریم کی جانب متوجہ تھیں جو اس عورت کے سوال کا جواب دے رہی تھی لیکن عاصمہ بیگم، دیا اور سلوئ اپنی ہی سوچوں میں ڈوبی تھیں۔

☆☆☆

مرتضیٰ نوٹ کر رہے تھے کہ گھر کی جملہ خواتین جب سے درس اٹینڈ کر کے آئی تھیں بالکل خاموش تھیں۔ یہ خاموشی طوفان سے پہلے والی خاموشی ہرگز نہیں تھی بلکہ یہ تو ٹھنڈے پانیوں جیسی ٹھنڈی ہواؤں جیسی اور گرمیوں میں گھنے پیڑ کی چھاؤں جیسی خاموشی تھی جو مقابل کو خوفزدہ یا پریشان کرنے کے بجائے

PAKSOCIETY.COM



WWW.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY
RSPK.PAKSOCIETY.COM

WWW.PAKSOCIETY.COM

پُرسکون کر رہی تھی۔ تینوں ضرورت کے تحت بات بھی کر رہی تھیں لیکن ایک بات تینوں میں مشترک نظر آ رہی تھی۔ نگاہوں میں نرمی، محبت، احترام، خلوص اور رواداری جو اَب تک نظر نہیں آئی تھی۔ مرتضیٰ نے... بے اختیار مریم داؤد کو غائبانہ تشکر پیش کیا۔

☆☆☆

''روزے کے بارے میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے کہ یہ روزہ میرے لیے ہے اور میں ہی اس کی جزا دوں گا...... یعنی جو اجر و ثواب اللہ پاک عطا کرے گا ہمارے پیمانوں میں اس کا تصور بھی نہیں...... پھر صدقے کے بارے میں آتا ہے کہ اس کا اجر سات سو گنا ہے، ہمارے حساب سے نہیں، اللہ کے حساب سے تو حضور پاک ﷺ نے ایک روز صحابہ کرامؓ سے فرمایا، مفہوم ہے۔'' کیا میں ایسی چیز نہ بتاؤں جو اس نماز سے بھی افضل ہے، اس روزے سے بھی افضل ہے، اس صدقہ کرنے سے بھی افضل ہے، جن کی فضیلتیں تم نے سن رکھی ہیں؟ صحابہ کرامؓ کے دل میں شوق پیدا ہوا تو انہوںؓ نے کہا یا رسول اللہ وہ چیز ضرور بتائیں، آپؐ نے فرمایا۔ وہ چیز ہے، اصلاحِ ذات البین...... یعنی اگر دو مسلمانوں کے درمیان ناچاقی، اختلاف اور کٹاؤ ہو گیا ہے اور دونوں ایک دوسرے کی صورت دیکھنے کے روادار نہیں تو اب کوئی ایسا کام کرو کہ ان کا جھگڑا ختم ہو جائے اور دونوں کے دل آپس میں مل جائیں، دونوں آپس میں ایک ہو جائیں، تمہارا یہ عمل نماز سے بھی افضل ہے، روزے سے بھی افضل ہے اور صدقے سے بھی۔'' خواتین سُن تھیں گویا مسمیریزم کے تحت، کتنی عام فہم باتیں تھیں، جو آج تک کسی نے درس میں بیان نہیں کی تھیں۔ عموماً درس وغیرہ میں عبادات و فرائض وغیرہ کا بیان ہوتا ہے۔ یہ روزمرہ کے مسائل عام سے گھریلو جھگڑوں وغیرہ کا تو کسی نے کبھی دین سے تعلق بتایا ہی نہیں کہ لوگ سمجھ پائیں کہ کس طرح دین ہمیں روزمرہ کے حُسنِ سلوک کے بارے میں مثالوں سے بتاتا ہے۔

''خدارا اپنے دلوں کو صاف کر لیجیے، نفرتیں ختم کر دیجیے، یہ زندگی بہت چھوٹی ہے، مہلت بہت کم ہے اور میں آپ کو ایک بات بتاؤں، شاید کہ اسے سن کر آپ لوگ پکا تہیہ کر لیں کہ دلوں کو بغض اور کینہ سے پاک کر لیں گے۔ وہ بات یہ ہے کہ جیسا کہ ہم سب جانتے ہیں تمام مسلمان ایک نہ ایک دن جنت میں ضرور داخل ہو جائیں گے تو اس بارے میں ارشادِ رب العزت ہوتا ہے جو شخص ایمان کی حالت میں رہا اور شرک نہیں کیا میں آج کے دن اس کی مغفرت کا اعلان کرتا ہوں یعنی یہ شخص ہمیشہ جہنم میں نہیں رہے گا بلکہ کسی نہ کسی وقت جنت میں ضرور داخل ہو جائے گا لیکن جن دو اشخاص کے درمیان آپس میں کینہ اور بغض ہو ان کو روک لیا جائے کہ ان کے جنتی ہونے کا فیصلہ میں ابھی نہیں کرتا، یہاں تک کہ ان کے درمیان آپس میں صلح نہ ہو جائے۔ اندازہ کر لیجیے کہ اللہ اور اس کے رسول کو مسلمانوں کا آپس میں بغض رکھنا اور نفرت کرنا کتنا ناپسند ہے۔ حتیٰ کہ بغض رکھنے والے شخص کی شب برات میں بھی مغفرت نہیں ہو گی۔'' تمام عورتوں کے گویا رونگٹے کھڑے ہو گئے، محفل میں اس قدر خاموشی اور سکوت تھا گویا یہاں کوئی ذی روح موجود ہی نہیں ہے۔ مریم کا خوب صورت درس خوب صورت انداز میں جاری تھا۔

''ایک اور حدیث کا مفہوم ہے کہ جب اللہ تعالیٰ قیامت کے روز صبر کرنے والوں کو اپنی رحمتوں سے نوازے گا اور ان کو صبر کا صلہ عطا فرمائے گا تو جو لوگ دنیا میں آرام اور راحت سے رہے ہیں، وہ تمنا کریں گے کہ کاش دنیا میں ہماری کھالوں کو قینچیوں سے کاٹا گیا ہوتا اور اس پر ہم صبر کرتے اور ہمیں بھی اتنا ہی ثواب ملتا جتنا ان لوگوں کو مل رہا ہے۔''

زندگی، اے زندگی، ہم تجھے گزار رہے ہیں یا تو ہمیں گزار رہی ہے۔ یہ ہم کیا کر رہے ہیں، کیسی ڈھور ڈنگروں والی زندگی بسر کر رہے ہیں۔ کیا ہم انسان کہلانے کے لائق ہیں؟ کیا ہمیں اتنے عیش و آرام سے

PAKSOCIETY.COM



WWW.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY
RSPK.PAKSOCIETY.COM

WWW.PAKSOCIETY.COM

جینے کا ایک فیصد بھی حق ہے؟

☆☆☆

''بھابی جان، آپ نے میرے شوز نہیں دیکھے ناں...... میرے کمرے میں آئیں، میں آپ کے لائے گئے سوٹ کے ساتھ زبردست شوز لائی ہوں۔'' سلویٰ ہاتھ سے پکڑ کر دیا کو اپنے کمرے میں لائی اور محبت سے اپنے بیڈ پر بٹھایا پھر ایک، ایک چیز نکال، نکال کر دکھائی۔ میچنگ جیولری، پرس، دیا نہال ہو رہی تھی۔

''سب کچھ بہت پیارا ہے سلویٰ بالکل تمہاری طرح......'' دیا نے حقیقتاً محبت سے کہا تو سلویٰ نے اسے لپٹا لیا۔

''اپنی بھابی سے کم......'' دیا نے محبت سے اس کا ماتھا چوم لیا۔ در و دیوار گنگنا اٹھے۔

☆☆☆

''دیا بیٹا کوئی درزی سوٹ نہیں لے رہا، آخری روزے ہیں، میری بچی مجھے پتا ہے تم سارا دن کام کاج میں مصروف رہتی ہو لیکن مجبوری ہو گئی ہے......''

''میں سی دوں گی امی، کیسی باتیں کر رہی ہیں، آپ میری ماں ہیں، کام کاج بھی میرے اپنے گھر کے ہیں۔ آپ سوٹ لائیں، میں ایک دن میں سی دوں گی۔'' دیا نے ساس کی بات کو بیچ میں ہی قطع کر کے محبت کا جواب محبت سے دیا تو عاصمہ بیگم نہال ہو گئیں۔ الماری سے کپڑے نکال کر اسے تھماتے ہوئے وہ قدرے شرمندہ سی تھیں۔

''تمہیں دکھا نہیں پائی تھی بیٹی......'' وہ پھر ہچکچا گئیں تو دیا نے انہیں شرمندگی سے نکالنے کے لیے فوراً بات بدلی۔

''ارے واہ امی، کتنا پیارا سوٹ ہے، میں ایسا کرتی ہوں اسے شرنک کرنے کے لیے بھگوتی ہوں، اتنے میں اس کے ساتھ کا دھاگا لے آؤں یہ سامنے تو دکان ہے۔'' کہتی وہ پھرتی سے مڑ کر کمرے میں گھس گئی۔ عاصمہ بیگم کی آنکھیں نم ہو گئیں۔ محبتیں کرنا اور بانٹنا اتنا مشکل بھی نہیں پھر ہم کیوں اس آسان کام سے کتراتے رہتے ہیں؟

☆☆☆

''سورۂ حجرات میں آتا ہے کہ بدگمانی سے پرہیز کرو، کسی شخص کے بارے میں جب تک پوری تحقیق نہ ہو جائے اس وقت تک بدگمانی نہ کرو اور کسی کے بارے میں یقین کے ساتھ کسی برائی کا اعتقاد نہ رکھو جب تک کہ تحقیق سے ثابت نہ ہو جائے۔ ایک دوسرے کا تجسس نہ کرو، کسی کی ٹوہ میں نہ لگو، اس کے حالات کی خفیہ طریقے پر معلومات کرنے کی فکر میں نہ لگو، جس کو عام طور پر تجسس کہا جاتا ہے۔ ٹوہ لگانا بھی کہتے ہیں...... یعنی اس بات کی کوشش کرنا کہ اس کے خفیہ راز معلوم ہو جائیں یا ایسی بات جو وہ چھپانا چاہتا ہے دوسرا آدمی اسے خفیہ طریقے سے معلوم کرنے کی کوشش کرے اس کی قطعی ممانعت فرمائی گئی ہے کہ اس طرح کا تجسس مت کرو۔ کیا آپ جانتی ہیں کہ قرآن پاک نے اس طرح کے تجسس کو حرام کہا ہے جس کے تحت ہم چوری چھپے کسی کی باتیں سنتے ہیں یا دیکھتے ہیں کہ وہ تنہائی میں کیا کر رہا ہے؟''

سلویٰ اور دیا...... گویا کاٹو تو بدن میں لہو نہیں...... دونوں کی کیفیت ایسی تھی کہ زمین پھٹے اور وہ اس میں سما جائیں۔ مریم مزید کہہ رہی تھی۔

''مثلاً کوئی فون پر بات کر رہا ہے اور آپ تجسس کے ہاتھوں مجبور ہو کر اس کی باتیں سنیں، یہ تجسس حرام ہے، ناجائز ہے اس لیے کہ آپ دوسرے کی باتیں اس کی اجازت کے بغیر سن رہے ہیں، صرف شراب پینا ہی حرام نہیں...... افسوس کہ ہمارا مسئلہ ہی لاعلمی ہے میری پیاری دینی بہنو......'' سلویٰ کا چہرہ شرمندگی سے سرخ ہو گیا اور سر جھکے، جھکے سینے سے جا لگا۔

☆☆☆

عاصمہ بیگم اور سلویٰ نے کمرے میں مرتضیٰ کے ساتھ ایک خفیہ میٹنگ کی۔ جس کے نتیجے میں اب مرتضیٰ ان دونوں کو گاڑی میں کہیں لے کے جا رہے تھے۔ کل چاند رات تھی، جانے افطاری کے بعد ان لوگوں کو کون سا کام یاد آ گیا تھا۔ دیا کو جانے کے لیے نہیں کہا گیا۔

PAKSOCIETY.COM



WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1
PAKSOCIETY

وہ لوگ نکل گئے تو دیا برتن دھونے کچن میں آ گئی۔ دل پھر سے بوجھل سا ہو گیا تھا۔

”کچھ بھی کرلو سسرالی ہمیشہ سسرالی ہی رہتے ہیں، چار دن درس کا اثر رہا اور آج پھر...... بیٹی کو لے گئیں بہو کو چھوڑ دیا۔“ شیطان نے بہکایا...... ورغلایا...... اکسایا...... دیا نے بے دلی سے برتن پٹخ پٹخ کر دھونے شروع کر دیے۔

”بدگمانی، بنا تصدیق، اونہوں......“ ضمیر ملبے تلے سے ابھر آیا تھا۔ فوراً ٹوکا...... مریم کی باتیں یاد دلائیں، پھر وہ دانستہ تمام درس کے پوائنٹس ذہن میں دہرانے لگی۔ ذہن بٹ گیا، دل بہل گیا، شیطان منہ چھپا کے بھاگ گیا۔

☆☆☆

”سب سے آخری اور سب سے اہم ترین خرابی جو بدقسمتی سے ہم عورتوں میں کوٹ، کوٹ کے بھری ہے اور جس کے بنا ہمیں لگتا ہے ہماری زندگی ادھوری ہے۔ ہمارے آخری روزے کا آخری موضوع غیبت“...... تمام عورتیں مسکرا اٹھیں۔

”آج تو پکی والی شامت ہے۔“ ایک عورت بلند آواز میں بولی تو مریم مسکرادی۔ باقی عورتیں بھی دبی، دبی ہنسی ہنسنے لگیں۔

”غیبت کیا ہے؟ ہم سب جانتے ہیں...... اپنے مسلمان بھائی کا ذکر اس کی پیٹھ پیچھے ایسے انداز میں کرنا کہ اگر اسے پتا چلے تو اسے ناگوار گزرے...... خواہ وہ بات آپ اس شخص کے منہ پر کہنے کی ہمت بھی رکھتے ہوں، پھر بھی وہ بات غیبت کے زمرے سے خارج نہیں ہو جاتی۔ غیبت یہی ہے کہ وہ برائی اس شخص کے اندر موجود ہو جو آپ بیان کر رہے ہیں...... اور اگر وہ بات اس کے اندر موجود ہی نہیں تو یاد رکھیے وہ غیبت نہیں بلکہ بہتان میں شمار کی جاتی ہے...... اور بہتان کا گناہ غیبت سے بھی دگنا ہے۔“ تمام عورتیں مہر بہ لب تھیں۔ باقی برائیاں چاہے سب میں موجود نہیں ہوں لیکن غیبت کی عادت ننانوے فیصد عورتوں میں ہوتی ہے۔

”ذرا غور فرمائیں ایک حدیث کا مفہوم بتانے جا رہی ہوں، زندگی بھر کے لیے پلو سے باندھ لیجیے...... رسول پاک ﷺ نے فرمایا غیبت زنا سے بھی زیادہ سنگین گناہ ہے۔“ عورتوں کی سسکاریاں نکل گئیں۔ مریم چند لمحے کے لیے خاموش ہو گئی۔ ہر عورت خاموش تھی۔

”غیبت کا تعلق زنا سے کیسے ہے مریم؟“ دیا سے رہا نہ گیا تو سوال کر بیٹھی۔ اس کے سوال پر سب عورتیں چونک گئیں اور مریم نرمی سے مسکرائی۔

”میں اسی سوال کے انتظار میں تھی۔ دیکھیے زنا کا تعلق انسان کی اپنی ذات سے ہے جبکہ غیبت کا تعلق حقوق العباد سے ہے۔ غیبت کر کے آپ کسی انسان کی عزت و آبرو پر حملہ کرتے ہیں اور حدیث شریف کے مفہوم کے مطابق مسلمان کی جان، مال اور اس کی آبرو کی حرمت بیت اللہ کی حرمت سے بھی بڑھ کے ہے۔ سوچیں ہم روزانہ کتنے کعبہ ڈھا دیتے ہیں۔ حقوق اللہ تو اللہ پاک انسان کی توبہ سے معاف فرما دیتے ہیں لیکن حقوق العباد کی معافی تب تک نہیں مل سکتی جب تک وہ بندہ خود معاف نہ کر دے۔“ اور آج اس موضوع کے بعد عورتوں کے سوالات کی ایسی بوچھاڑ ہوئی کہ ایک گھنٹے کا درس دو گھنٹے پر محیط ہو گیا اور پھر بھی عورتیں مریم کو چھوڑنے پر آمادہ نہ تھیں۔ سب کا اصرار تھا کہ مریم درس کا سلسلہ جاری رکھے۔ اس قدر شور پہ مریم نے ہاتھ اٹھا کر سب کو خاموش کرایا پھر بولی۔

”یہ اللہ پاک کا کرم ہے کہ اس نے مجھ جیسی گناہ گار کو آپ سب کی اتنی محبتیں عطا کیں۔ میرے لیے درس دینے کسی اور جگہ جانا ممکن نہیں ہوگا اس لیے میں نے اپنے گھر پر ہی اہتمام کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ ہر پیر کی صبح دس بجے سے بارہ بجے کے اوقات میں نے مقرر کیے ہیں۔ آپ سب کی آمد میرے لیے خوشی کا باعث ہوگی۔ اس محفل کا اختتام میں ان خوب صورت اشعار پر کرنا چاہوں گی۔

اے شخص بدی کا بیج نہ بو اس آگ سے اپنی جان بچا
ہو تجھ سے جہاں تک نیکی کر نیکی ہی نفع پہنچائے گی



WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY
FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 f PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

اللہ کا وعدہ سچا ہے برباد نہ ہوگا نیک عمل
اِک جَو کے برابر نیکی بھی جنت میں تجھے لے جائے گی

☆☆☆

چاند رات کو تو جیسے خوشیوں کی بارات اتر آئی۔ دیا کی امی نفیسہ بیگم دیا کی عیدی لائی تھیں۔ وہ چونکہ تمام حالات و واقعات سے باخبر رہی تھیں اس لیے اس بار عیدی کے لوازمات بے حد اسپیشل تھے۔ محبتوں کی تجدید، خلوص کا برتاؤ، نئے سرے سے جیسے تعلق مضبوط ہونے جا رہا تھا۔ نفیسہ بیگم نے ان محبتوں میں اپنا حصہ ڈالنا ضروری سمجھا تھا۔ عیدی صرف دیا کی نہیں تھی۔ عاصمہ بیگم اور سلوئی کی بھی تھی ۔ بلکہ مرتضیٰ کی بھی...... چاروں کے سوٹ، خواتین کے لیے چوڑیاں بھی، مہندی، مٹھائی، سوئیاں، میوہ، کیک، پھول کارڈز، دیا کی خوشیوں کا ٹھکانا ہی نہیں تھا۔ سب نہال تھے، پور پور خوشیوں اور محبتوں میں ڈوبے، مرتضیٰ کونے والے صوفے پر بیٹھے سب کے خوشیوں سے چمکتے چہرے دیکھ کر بے انتہا خوش ہو رہے تھے۔ نفیسہ بیگم نے ان سب کو عید کے دن ڈنر پر اپنے گھر انوائٹ کیا تو عاصمہ بیگم نے سختی سے انکار کر کے الٹا انہیں ڈنر پر انوائیٹ کر لیا۔ دیا اور سلوئی جی بھر کے ہنسیں۔

☆☆☆

خوب صورت بلیک سوٹ پہنے، نکھری نکھری مہندی سے سجی ہتھیلیاں اور خوب صورت میک اپ سے سجا چہرہ لیے دیا ڈریسنگ ٹیبل کے سامنے کھڑی مسکرا رہی تھی۔ اسی وقت مرتضیٰ عید کی نماز پڑھ کے کمرے میں آئے۔ دونوں نے ایک دوسرے کو محبت سے دیکھا۔ عید ملے، مبارک باد دی اور پھر دیا کو اپنی زندگی کا سب سے خوب صورت سرپرائز ملا۔ مرتضیٰ کے ہاتھ میں دبے اپنے ہاتھ پہ اسے سرسراہٹ سی محسوس ہوئی۔ اس نے نظریں جھکا کے دیکھا تو دنگ رہ گئی۔ بے حد نفیس اور نازک سی گولڈ کی رِنگ تھی جو مرتضیٰ نے اس کی انگلی میں پہنا دی تھی۔ وہ تحیر سے دیکھنے لگی۔

''یہ......!''

''تمہاری عیدی...... خوب صورت سے رمضان کے بعد تمہاری ریاضتوں کا خوب صورت سا انعام......'' مرتضیٰ مسکرائے۔

''اب ذرا باہر چلیں......'' وہ اسی حیرت میں گھری باہر نکلی...... امی اور سلوئی لاؤنج میں کھڑی تھیں۔ عید کے کپڑوں میں سجی بنی مکمل تیار...... وہ بھاگ کے دونوں سے عید ملی۔

''اپنی عیدی نہیں لوگی؟'' عاصمہ بیگم نے اس کا ماتھا چومتے ہوئے کہا تو وہ کھلکھلا کر ہنس دی۔

''کیوں نہیں، ضرور لوں گی۔'' انہوں نے ایک خوب صورت جڑاؤ انگوٹھی نکالی۔ دیا پر حیرتوں کے پہاڑ ٹوٹ پڑے۔

''اُف اللہ امی جی، یہ کیا گولڈ کی برسات ہو رہی ہے۔''

''یہ ہماری خاندانی انگوٹھی ہے۔ بہو رانی، میری پہلی عید پر میری ساس نے مجھے پہنائی تھی۔'' عاصمہ بیگم نے فخر سے کہا تو دیا نے منہ بنایا۔

''اچھا اور آپ مجھے تیسری عید پر پہنا رہی ہیں۔'' سب لوگ کھلکھلا کر ہنس دیے۔

''اچھا تو آپ لوگ اس دن اس مہم پر نکلے تھے جو مجھ سے اتنی رازداری برتی۔'' اس نے مصنوعی خفگی دکھائی تو عاصمہ بیگم مسکرائیں۔

''ہاں مرتضیٰ نے رِنگ خریدنی تھی اور میں نے پالش کروانی تھی۔''

''پر بھابی جی...... میں اتنی مالدار بالکل بھی نہیں ہوں۔'' سلوئی نے برا سا منہ بنایا تو دیا نے ہنس کر اسے گلے سے لگا لیا۔

''اور میری پیاری بہنا، تمہیں تو میں عیدی دوں گی ناں......'' کہہ کر دیا نے اپنے پرس میں سے کڑکتا ہوا پانچ ہزار کا نوٹ نکالا اور سلوئی کے ہاتھ پر رکھ دیا۔ سلوئی نے نعرہ مارا۔

''تھری چیئرز فار بھابی ہپ ہپ ہُرے۔''

عید کا دن کھلکھلا رہا تھا۔

☆☆☆

PAKSOCIETY.COM



WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

طربیہ گیتوں پر لوگوں کو سر دُھنتے دیکھتا تو حیران ہوتا۔ وہ سوچتا، لوگ کس طرح محبت میں تارے گننے کی بات کرتے ہیں...... سارا دن کھانا پینا چھوڑ کر ساری رات جاگنے، بے چین رہنے کے قصے سناتے ہیں۔ مجنوں کا سا حلیہ بنائے...... پریشان زلفیں بکھیرے پھرتے ہیں۔ آخر کیوں...... اس کا جی چاہتا ہیئر برش لے کر جلدی سے ان کے بال سنوار دے...... بہت سوں کو یہ گیت گاتے سنا......"نئے کپڑے بدل کر جاؤں کہاں......اور بال بناؤں کس کے لیے......"

"ارے بھئی کس نے کہا مجنوں بال نہیں بناتا تھا...... رانجھا کپڑے ہی نہیں بدلتا تھا...... مہینوال کے سر میں جوئیں پڑی ہوئی تھیں...... یا مرزا جی کو نہانے کا ہوش نہیں تھا...... لیلیٰ بیگم دنیا و مافیہا سے بیگانی تھیں۔" اس کے نزدیک یہ سب فرضی باتیں تھیں۔ کچھ بھی ہو جانے سے...... کچھ بھی تو نہیں بدلتا......خواہ مخواہ کی باتیں ہیں یہ......

پھر وہ سب کچھ ہو گیا جس کی نبیل کو ہرگز توقع نہیں تھی...... وہ ایف ایس سی کا ایگزام دے کر رزلٹ کے انتظار میں تھا اور آج کل بھرپور تفریح کا ٹائم گزار رہا تھا مگر اس بے قاعدگی میں بھی والدین کی جانب سے اسے ایک روٹین میں رہنے کی ہدایت تھی سو صبح، صبح جاگنگ ٹریک پر جانا اس کی عادت تھی۔ من موہنی صورت...... گلابی رنگت اور شولڈر کٹ بالوں والی نیلما اسے پارک میں ہی پسند آ گئی تھی۔ وہ بھی یوں اچانک کہ نبیل اپنے خیالات کے ہاتھوں خود ہی مار کھا گیا۔ بس چند دن کے 'دیکھے' دیکھے میں وہ اسے پوری کائنات لگنے لگی تھی۔ جس نے اس کی دلی کیفیات ہی بدل ڈالیں۔ دوست احباب حیران تھے۔ گھر والے الگ پریشان کہ نبیل جیسے ہنس مکھ، زندہ دل لڑکے کو کیا ہو گیا تھا۔ وہ سارا، سارا دن کمرے میں گزار دیتا پر علی الصباح اٹھ کر جاگنگ کرنا نہیں چھوڑا تھا۔ کیونکہ وہیں تو اس کا دل اٹکا رہتا تھا۔ بات یہاں تک پہنچی کہ وہ سب کچھ گوارا کر سکتا تھا مگر نیلما سے جدائی کا تصور ہی سوہانِ روح لگتا...... سونے پر سہاگا یہ یک طرفہ محبت نہیں تھی۔ نیلما نے بھی اسے اپنی محبت کا بھرپور یقین دلا دیا تھا۔

تین مہینے بعد اس کے امتحان کا رزلٹ آیا تو وہ میڈیکل کے داخلے میں لگ گیا مگر صبح کی روٹین نہیں چھوٹی۔ نیلما بھی اس سے ملتی رہی اور اپنی محبت کا یقین دلاتی رہی......مگر نبیل کی روٹین میں اپنی پڑھائی کی وجہ سے تبدیلی آ گئی تھی وہ اب مہینے میں دو یا تین دفعہ ہی نیلما سے مل پاتا۔

وہ میڈیکل کے سیکنڈ ائیر میں تھا جب اس کے بہت قریبی دوست عمار نے بتایا کہ اس کے بڑے بھائی اظہار جو سویڈن میں مقیم ہیں وہ آج کل پاکستان آئے ہوئے ہیں اور والدہ کے بے حد اصرار پر انہوں نے شادی کا فیصلہ کر لیا ہے۔ سو سبھی بہت خوش ہیں۔ عمار نے نبیل کے علاوہ دیگر دوستوں کو بھی یہ خوشخبری سنائی اور باقاعدہ شادی کے فنکشنز میں شرکت اور ہلا گلا کرنے کی دعوت دی۔ ان کا پورا گروپ ہی بہت شوخ اور زندہ دل تھا۔ سب نے بڑھ چڑھ کر شرکت کی حامی بھری۔ نبیل بڑے ارمانوں سے خوشی، خوشی تیار ہو کر گیا اس روز مہندی کا فنکشن تھا۔ سب ہلے گلے میں مصروف تھے۔ سب کے ساتھ میرون کلر کے کرتوں کی کلر اسکیم میں بانکا سجیلا نبیل خوب جچ رہا تھا...... پھر سب دوستوں کے جھرمٹ میں اظہار بھائی کو مہندی کے اسٹیج پر لایا گیا تھوڑی دیر بعد ہی دلہن کو لایا گیا...... اور مہندی کی رسم شروع ہو گئی...... ڈھولک کی تھاپ پر مہندی کے گیت کانوں میں رس گھول رہے تھے...... اظہار بھائی بہت خوش نظر آ رہے تھے۔

اتنے میں نبیل کے دوست احسن نے اس کے کان میں سرگوشی کی مگر نبیل کو دلہن دیکھنے کے بعد ہوش

PAKSOCIETY.COM



WWW.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY
RSPK.PAKSOCIETY.COM

WWW.PAKSOCIETY.COM

ہی کہاں تھا۔ وہ تیزی سے بھاگتا ہوا اسٹیج پر پہنچنا چاہ رہا تھا۔ تبھی ایک دوست اسے تھام کر ایک طرف لے گیا۔

''پاگل نہ بنو نبیل، مجھے پتا تھا تم کیا کرنے جا رہے ہو۔ اس کی زندگی تباہ ہو جائے گی، تم کر سکتے تھے اس سے فوری شادی......؟ نہیں ناں کیونکہ تمہارا میڈیکل...... تمہارے والدین کے خواب...... سب کچھ تباہ ہو جائے گا۔ کیا کرو گے اگر نیلما نے خود انکار کر دیا۔'' نیلما کو دیکھ کر خود عمار کو بھی دھچکا لگا تھا مگر یہ ان کی ماما کی پسند تھی جس پر نیلما کے والدین کے ساتھ خود نیلما نے بھی بخوشی رضامندی کا اظہار کیا تھا۔ عمار اور بھی بہت کچھ کہہ رہا تھا مگر نبیل اپنے حواسوں میں نہیں تھا...... دونوں دوست اسے پکڑے ہوئے تقریب سے باہر لے گئے تھے۔ اپنی ہی محبوبہ کی شادی میں غیروں کی طرح شرکت کرنا نبیل کو جیتے جی مار گیا۔

وہ اگرچہ نیلما سے اسٹیج پر جا کر یہ پوچھنے کا حق تو ضرور رکھتا تھا کہ اس نے اسے دھوکا کیوں دیا...... اگر منزل تک ساتھ نہیں جانا تھا تو خواب ہی کیوں دکھائے تھے۔ بیچ منجدھار میں کیوں چھوڑ دیا اس نے۔

مگر وہ محبت میں بھی ایمانداری اور وفا کا قائل تھا...... نبیل نے ایسی بے وفائی کا کبھی سوچا تک نہیں تھا...... اسی لیے وہ خاموشی سے نیلما کی زندگی سے نکل گیا...... مگر اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ اس کی پڑھائی چھوٹ گئی...... والدین کا لاڈلا بیٹا، اساتذہ کا قابل شاگرد...... محبت کی راہ میں لٹ جانے کے بعد زندگی سے بھی بیزار ہو گیا...... وہ بیمار رہنے لگا...... اس کے والد کو اس کا غم کھائے جا رہا تھا۔ ماں چھپ، چھپ کر روتی تھی مگر نبیل، نیلما کو بھلا نہیں پا رہا تھا۔ بالآخر باپ جوان بیٹے کے دل پر لگا یہ گھاؤ دیکھ نہ سکا اور خاموشی سے ہمیشہ کے لیے اسے تنہا چھوڑ گیا...... یہ

صدمہ نبیل کے لیے ایک اور دھچکا تھا...... اس کے باپ نے اس کی خاطر اپنی جان کو روگ لگا لیا تھا...... ماں اداس رہنے لگی تھی...... پھول سی معصوم بہن جو ہر پل چہکتی تھی...... اداس بلبل کی طرح ایک کونے میں بیٹھی رہتی۔

''اُف نبیل تم نے اس بے وفا کی خاطر کتنے چاہنے والوں کو درد دیا...... کتنے برے ہو تم...... اب ارادہ کر لو کہ اس بے وفا کو یاد نہیں کرو گے...... زندگی اسی ڈگر پر چلتی رہے گی...... کچھ نہیں ہوتا...... کسی کے ہونے نہ ہونے سے...... سب کچھ ویسا ہی رہتا ہے...... چند روز دل کو درد تو ضرور محسوس ہوتا ہے پھر سارا سلسلہ جوں کا توں چلتا رہتا ہے۔'' اس کا دماغ اسے راہ دکھا رہا تھا پر وہ دل کے ہاتھوں مجبور تھا۔ وقت کا کام ہے آگے بڑھنا سو وہ رواں دواں رہتا ہے۔ ''منزل کیا ہے یہ کوئی نہیں جانتا...... نہ کوئی کسی کے لیے مرتا ہے...... نہ کسی کے لیے کوئی عمر بھر روتا ہے۔ جو یادیں کسی کو رلاتی ہیں، جو نقش کسی کی زندگی اجیرن کیے ہوئے ہوتے ہیں انہیں مٹا دینا چاہیے۔ ان منظروں کو اپنی آنکھوں کے سامنے سے ہٹا دینا چاہیے۔ جن کی وجہ سے آنکھیں اشکبار ہوتی ہیں...... اس وقت کے انتظار کا کیا فائدہ...... جو کبھی نہیں آنے والا۔'' اس کے دل و دماغ میں جنگ مسلسل جاری رہتی۔ ''کون دے گا ان اجاڑ، اداس اور ویران لمحوں کا حساب جو میں نے اس بے وفا کی یاد میں تڑپ کر گزارے۔'' وہ سسک اٹھتا...... کافی مہینوں کی ذہنی کشمکش اور دوستوں کی مدد سے اس نے خود کو صرف اور صرف پڑھائی کے لیے مخصوص کر دیا۔ اس کی ماں کی دعائیں رنگ لائیں اور وہ کامیابیاں پاتا چلا گیا اور پھر ایک دن نبیل احمد ملک کا بہترین...... کارڈیالوجسٹ بن گیا۔ اس کی محنت، لگن اور انتھک کوششیں رنگ لائیں اور آج پورے ملک میں اس کی قابلیت کا چرچا تھا وہ چالیس برس کا ہو چکا تھا مگر

PAKSOCIETY.COM

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY
FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

# اسلامی تعلیمات ناپ تول کے بارے میں

حقیقت یہ ہے کہ دینِ اسلام تین چیزوں سے عبارت ہے، اعتقادات، عبادات اور معاملات...... مسلمانوں کی بدقسمتی کی آغاز اس دن سے ہوا جب لوگوں نے تھک ہار کر عبادات اور اعتقادات کو الگ کر دیا اور معاملات کو الگ کر لیا، ہمارا اجتماعی مزاج یہ ہے کہ طاقت کے آگے، آگے اور دولت کے پیچھے، پیچھے چل رہے ہیں، بلکہ دوڑ رہے ہیں۔

اللہ کے جلیل القدر پیغمبر حضرت شعیبؑ کی قوم پر عذاب کے نزول کا سبب ناپ تول میں کمی تھا۔

کاروباری بددیانتی کی وجہ سے وہ اللہ کے عذاب کا شکار ہوئے، جبکہ پیغمبرِ خدا ہمیشہ انہیں ناپ تول میں کمی سے روکا کرتے تھے۔ ارشادِ باری تعالیٰ ہے۔ ''اور ہم نے مدین کی طرف ان کے بھائی شعیب کو بھیجا تو انہوں نے کہا، اے میری قوم اللہ ہی کی عبادت کرو، اس کے سوا تمہارا کوئی معبود نہیں اور ناپ تول میں کمی نہ کیا کرو اور میں تمہیں خوش حال دیکھتا ہوں اور مجھے تمہارے بارے میں ایسے دن کے عذاب کا خوف ہے جو تم کو گھیر کر رہے گا اور میری قوم، ناپ تول انصاف کے ساتھ پوری، پوری کیا کرو اور لوگوں کو ان کی چیزیں کم نہ دیا کرو اور زمین میں فساد نہ پھیلاؤ۔'' (سورۂ ہود، آیت 84) ایک اور جگہ ربّ کائنات نے فرمایا۔ ''ہلاکت ہے ناپ اور تول میں کمی کرنے والوں کے لیے جو لوگوں سے تو

شادی کے نام سے دور بھاگتا تھا...... چھوٹی بہن اور بھائی بیاہے جا چکے تھے، ماں اسی آس پر زندہ تھی کہ نبیل کے سر پر سہرا دیکھ لے مگر اس کی زندگی کا مقصد دلوں کا علاج کرنا بن گیا تھا کیا فرق پڑتا تھا کہ وہ خود توشکستہ دل تھا مگر مسیحا بن کر سب کے زخمی دلوں کو نئی زندگی کی نوید دیتا۔ وقت تیزی سے گزرتا چلا گیا۔ ایک روز اماں بھی زندگی کی بازی ہار بیٹھیں۔

☆☆☆

''سر وہ مسز اظہار کے کیس کے بارے میں ڈاکٹرز کا پینل بیٹھ رہا ہے، آپ اپنا شیڈول فائنل کر دیں۔ کل تین بجے کا وقت ہے۔'' اس کے سیکرٹری نے اسے فون پر اطلاع دی جب وہ اسی کیس کی فائل پر غور کر رہا تھا۔ مسز اظہار کے نام نے اسے چونکا دیا تھا کیونکہ چند ماہ قبل اسی نام کی مریضہ صحت یاب ہو کر جا چکی تھی۔ استفسار کرنے پر پتا چلا کہ یہ کوئی اور مسز اظہار ہیں، وہ اسے دیکھنے کا مشتاق ہوا کیونکہ یہ کیس اس کے پاس ڈائریکٹ نہیں آیا تھا۔ دل نے کہیں گواہی دی کہ شاید یہ نیلما اظہار ہو۔

جب پینل بیٹھا تو معلوم ہوا کہ اٹھارہ سالہ نئی شادی شدہ لڑکی تھی جس کا کیس کافی پیچیدہ تھا، وہ ایک دفعہ پھر نام سے دھوکا کھا گیا تھا — وہ یہیں پاکستان میں اپنے ملک کے لوگوں کا علاج کرنا چاہتا تھا سو باہر سے اعلیٰ ڈگریاں لے کر اپنی جگہ ہی آبسا تھا۔ اس کے پیارے وطن کے پیارے لوگوں کو اس کی ضرورت تھی اور اس کے دل کو کس کی چاہ تھی یہ خود اس کے علاوہ کوئی نہیں جان سکتا تھا۔

☆☆☆

نیلما سویڈن سے پاکستان واپس آگئی تھی وہ بھی ہمیشہ، ہمیشہ کے لیے...... اس کی اور اظہار کی علیحدگی ہوگئی تھی۔ یہ بات اسے اپنے پرانے دوستوں سے معلوم ہوئی تھی۔ عمار سے اس کا کوئی رابطہ نہیں تھا شاید نیلما کے اس کی بھابی بننے کے بعد



PAKSOCIETY.COM
WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

پورا پورا ناپ لیں اور جب انہیں ناپ کر یا تول کر دیں تو کم دیں۔ (سورہ مطففین)
ناپ تول کے متعلق سرکارِ دوعالم نے فرمایا۔ ''اے تولنے والے تو تول اور جھکتا ہوا تول۔''
آپ ﷺ نے فرمایا۔
''جھوٹی قسم سے سودا بک جاتا ہے مگر (انجام کار) کاروبار تباہ ہو جاتا ہے۔'' آپ ﷺ نے فرمایا۔ ''سچا تاجر قیامت کے دن عرش کے سایے کے نیچے ہوگا۔'' اے لوگو...... تمہیں معلوم ہے کہ خدا کی مدد نیک تاجروں کے ساتھ ہے۔ اور سچا تاجر انبیا، صدیقین اور شہدا کے ساتھ ہوگا۔'' آپ ﷺ نے مزید فرمایا۔ ''جس نے (کاروبار) میں دھوکا دیا۔ وہ میرا پیروکار نہیں۔''

رسول اللہ ﷺ نے تجارت کو نفع اور خیر و برکت کا ذریعہ قرار دیا، جہاں آپ ﷺ نے ایمان دار تاجر کے فضائل اور مقام و مرتبہ بیان فرمایا، وہاں آپ ﷺ نے یہ بھی فرمایا۔ ''خریدنے والا اور بیچنے والا جب تک ایک دوسرے سے جدا نہ ہوں، وہ معاملہ کرنے یا نہ کرنے کے بارے میں پورا اختیار رکھتے ہیں۔ اگر انہوں نے سچائی اور دیانت سے کام لیا تو ان کے معاملے میں برکت ہوگی، اگر غلط بیانی (جھوٹ) اور کچھ چھپایا (عیب) تو ان کے معاملے میں تجارت کی برکت ختم کر دی جائے گی۔''

اقتباس از مضمون: ڈاکٹر سعید احمد صدیقی
مرسلہ: جبیں نیاز، ملتان

خود نبیل ہی اس سے کنارہ کش ہو گیا تھا۔

اُدھر نیلما نے اظہار سے شادی تو کر لی تھی مگر اسے کسی کا دل توڑنے کی سزا کچھ یوں ملی کہ اب تک وہ تنہا اور آبلہ پا چل رہی تھی...... کوئی اسٹیٹس، کوئی شاہانہ رہن سہن، دولت کی جھنکار کچھ بھی دل کا قرار واپس نہ لا سکا تھا۔ صرف اضطراب ہی نبیل سے بے وفائی کے بعد اس کا مقدر بنا تھا۔ اور وہ پندرہ برس کا بیٹا لے کر پاکستان لوٹ آئی تھی۔

نیلما اور اظہار کا بیٹا جو بہت خوب صورت اور ذہین بچہ تھا مگر افسوس کہ دل میں پیدائشی نقص لے کر پیدا ہوا تھا۔ سویڈن کے ڈاکٹرز نے اس کی عمر پندرہ سے بیس سال تک بتائی تھی کہ بس اس سے زیادہ وہ جی نہیں سکتا وہ بھی اگر غذا، دوا اور دیگر پرہیز کرتا رہا تو...... نیلما سویڈن کے ڈاکٹروں سے مایوس ہو چکی تھی...... اس کا بیٹا سالار دیکھنے میں بہت خوب صورت تھا مگر جسامت کے لحاظ سے کمزور تھا۔ نیلما اس کی حد درجہ نگہداشت کرتی مگر پھر بھی آئے دن اسے کوئی نہ کوئی مسئلہ رہتا...... نیلما کے سر درد اور بیٹے کی بیماری سے تنگ آ کر اظہار نے سویڈن میں ہی دوسری شادی کر لی اور نیلما اس سے طلاق لے کر واپس اپنے ملک چلی آئی...... ہاں اظہار نے اتنی مہربانی ضرور کی تھی کہ لاہور میں موجود اپنا مکان سالار کے نام کر دیا تھا اور سویڈن کے قانون کے مطابق اچھا خاصا بینک بیلنس بھی ماں، بیٹے کے حصے میں آیا تھا سو فی الحال تو اُسے مالی طور پر پریشانی نہیں تھی۔ پاکستان آ کر اسے سب سے پہلے مشہور معالج ڈاکٹر نبیل سے ملنا تھا...... اپنی گمشدہ محبت پانے کے لیے نہیں بلکہ اپنے بیٹے کے معالج کی حیثیت سے۔

''سر وہ کوئی مسز نیلما اظہار آپ سے اپنے بیٹے کے لیے اپائنٹمنٹ لینا چاہ رہی ہیں۔'' اس کے سیکرٹری نے اسے فون پر بتایا۔

وہ اپنے آفس میں بیٹھا بڑے انہماک سے



PAKSOCIETY.COM
WWW.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY
RSPK.PAKSOCIETY.COM

WWW.PAKSOCIETY.COM

ایک کیس کی فائل اسٹڈی کر رہا تھا۔ سیکرٹری کی بات پر اسے جیسے کرنٹ سا لگا تھا پھر کچھ دیر توقف کر کے اس نے انہیں نزدیک ترین وقت دینے کو کہا۔

''یہ نیلما اظہار کا بیٹا...... ؟ آخر ایک ہارٹ اسپیشلسٹ کی اسے کیا ضرورت پیش آ گئی؟'' دو دن وہ اسی اُدھیڑ بن میں رہا پھر وہ لمحہ بھی آ گیا جب اس کی محبت اس کے سامنے کھڑی تھی۔ بے انتہا بے ڈول جسم کی نیلما مگر چہرے پر وہی معصومیت تھی البتہ رنگ کہیں اور زیادہ سرخ و سفید ہو گیا تھا۔ ساتھ کھڑے پندرہ سالہ لڑکے میں ماں، باپ دونوں کی جھلک تھی مگر پھر بھی وہ غیر ملکی بچہ لگ رہا تھا۔ جسامت سے وہ دس سال کا دکھائی دیتا۔ اصل عمر تو کیس ہسٹری پڑھ کر معلوم ہوئی تھی۔

نیلما نے شاید بیٹے کی وجہ سے ماضی کی کسی یاد کا حوالہ نہیں دیا تھا اور وہ بس ایک پروفیشنل ڈاکٹر کی طرح اسے ٹریٹ کر رہی تھی اور ڈاکٹر نبیل احمد بھی ایک باوقار شخصیت کا مالک تھا۔ سو اس نے اپنے قلب کی اصل حالت سے قطع نظر اس کے بیٹے کی بیماری پر ہی دھیان دیا...... یوں ان کی پہلی ملاقات اختتام پزیر ہوئی تھی۔ وہ رات نبیل نے آنکھوں میں گزاری تھی...... یہ وہی نبیل احمد تھا جو کبھی رانجھا، کبھی مجنوں اور کبھی مہینوال کے قصوں پر ہنستا تھا آج وہ خود کسی رانجھے سے کم نہیں تھا۔ اس کی 'لیلیٰ' اس سے اگرچہ بیس سال بعد ملی تھی اور وہ بھی اجنبیوں کی طرح مگر اس کے دل کی کسک بڑھ گئی تھی۔

☆☆☆

ڈاکٹر نبیل احمد سمیت سب ڈاکٹرز نے سالار کا آپریشن تجویز کیا تھا۔ گزشتہ ایک مہینے سے اس کے مختلف ٹیسٹ چل رہے تھے۔ نیلما اس سلسلے میں کئی مرتبہ نبیل سے ملی تھی مگر دونوں کی صرف سالار کے متعلق ہی گفتگو ہوتی...... نبیل کسی، کسی وقت سالار میں اظہار کا عکس دیکھتا تو جھنجلا اٹھتا مگر پھر وہ خود کو احساس دلاتا کہ وہ صرف اس کا معالج ہے۔ اس کے باپ کا رقیب نہیں۔ البتہ نیلما کی بے نیازی اسے بہت دکھ دیتی۔ صرف اسی کی وجہ سے وہ زندگی کی حقیقی خوشیوں سے محروم تھا۔ نبیل کی بے چینی بڑھتی جا رہی تھی۔ اس کا دل چاہتا نیلما کو اس کی گم شدہ محبت کی یاد دلائے، اسے احساس دلائے کہ اس وقت وہ کسی سنگدل حسینہ کی طرح اسے ٹھکرا کر ایک روشن مستقبل کی خاطر چلی گئی تھی مگر وہ روشن مستقبل اس کے لیے تاریک غار ثابت ہوا تھا۔

☆☆☆

آج سالار کا آپریشن ہونا تھا۔ کل رات نبیل کے لیے بڑے امتحان کی رات تھی۔ وہ چاہتا تو اظہار اور نیلما سے بدلہ لے سکتا تھا مگر یہاں اظہار تو بیٹے سے لاتعلق تھا اور دشمن جاں نیلما...... وہ کسی بھی پرانی یاد کے زیر اثر بالکل نہیں تھی...... نبیل نے بھی بڑے باوقار طریقے سے یہ پورا عرصہ گزارا تھا لیکن وہ اپنے دل کا کیا کرتا جو نوخیز جوانی میں زخم کھا بیٹھا تھا اور آج اس عمر میں پھر سے اپنی محبت پا کر بائیس چوبیس سالہ نوجوان بننا چاہ رہا تھا۔

☆☆☆

''مبارک ہو مسز نیلما اظہار آپ کے بیٹے کا آپریشن کامیاب ہوا ہے اور اس کا سہرا ڈاکٹر نبیل کے سر جاتا ہے۔'' سینئر اسٹاف نے اسے آ کر گویا زندگی کی نوید دی تھی۔

آپریشن کے بعد کے سارے مراحل کے بارے میں ہدایات وہ جونیئر ڈاکٹرز سے حاصل کرتی رہی تھی۔

☆☆☆

وہ بہت دیر سے اس کے آفس میں بیٹھی اس کا انتظار کر رہی تھی۔ تبھی ڈاکٹر نبیل بڑے مصروف انداز میں کمرے میں داخل ہوا اور پھر حیرت زدہ ہو کر رہ گیا آج نیلما کافی حد تک اسے پرانے انداز کی نیلما



PAKSOCIETY.COM
WWW.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY
RSPK.PAKSOCIETY.COM

لگی تھی۔ بیٹے کے ٹیسٹ وغیرہ اور آپریشن کے چکر میں وہ کافی دبلی ہوگئی تھی۔ لگتا تھا آج وہ اسی کے لیے خاصی تیار ہوکر آئی ہے۔

نبیل کو دیکھتے ہی وہ اپنی سیٹ سے اٹھ کھڑی ہوئی۔ اس کے ہاتھ میں خوب صورت پیکنگ میں ایک بلیک چاکلیٹ کیک تھا جو اس نے بے حد تعریفی کلمات کے ساتھ نبیل کو دینا چاہا۔

نبیل نے کیک کی طرف ہاتھ نہیں بڑھائے بلکہ اسے واپس بیٹھنے کا اشارہ کیا اور خود اپنی ریوالونگ چیئر پر آبیٹھا۔ نیلما نے کیک میز پر ہی رکھ دیا۔ اس سے پہلے کہ وہ کچھ بولتی نبیل نے ہی اسے مخاطب کیا۔

”جی مسز اظہار، آپ کے بیٹے سالار کی اب کیسی طبیعت ہے؟“ اس نے اس کے بیٹے کے متعلق پوچھا جسے اسپتال سے ڈسچارج کردیا گیا تھا۔

نیلما نے جز بز ہوکر پہلو بدلا۔

”وہ تو بالکل ٹھیک ہے نبیل...... لیکن آج میں صرف تم سے ملنے آئی ہوں...... اپنے پرانے ہمدم، اپنے دوست سے جو کبھی صرف میرا تھا۔“ وہ بڑی ادا سے بول رہی تھی۔

”کیوں نبیل...... کیا تم سب کچھ بھول گئے ہو؟ پر مجھے تو سب یاد ہے۔“ نیلما نے سنگدلی کی انتہا کردی۔

نبیل اسے بس دیکھ کر رہ گیا۔ دل میں اٹھتے طوفان...... آنکھوں اور لبوں سے ابھرتے رہ گئے...... اس نے اک گہری سانس لی۔

”نیلما اظہار صاحبہ......! میں اپنے مکمل ہوش و حواس میں اس وقت بھی ہوں جیسا کہ اپنی نوجوانی کے زمانے میں تھا کچھ بھی بھولنے کا کیا مطلب ہے......؟ میرا خیال ہے اتنا تو اندازہ آپ کو بھی ہوگیا ہوگا کہ میری یادداشت بفضلِ خدا سلامت ہے تو پھر بیس سال پہلے کی باتیں بھی کیوں بھولوں گا۔








WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

کوئی صدیاں تو بیت نہیں گئیں؟'' نبیل نے میز پر دونوں ہاتھ ٹکا کر بڑے جتانے والے انداز میں کہا۔
اس کے لب و لہجے پر نیلما سن سی ہو کر رہ گئی۔
''میرا مطلب تھا تم نے اس پورے علاج کے عرصے میں کوئی بات بھی ماضی کے حوالے سے نہیں کی...... چاہے تم یقین نہ کرو مگر میں تمہیں نہیں بھولی۔ میں آج بھی تمہیں چاہتی ہوں۔''

نیلما بظاہر بڑے افسردہ لہجے میں کہہ پائی تھی مگر جانے کیوں نبیل کو اس کے الفاظ میں ذرا بھی سچائی محسوس نہیں ہوئی تھی۔

''یار نبیل، نیلما اگرچہ میری بھابی بننے جا رہی ہے مگر میرا دل بڑا خراب ہوتا ہے یہ سوچ کر کہ اس نے صرف بھائی کا پیسہ دیکھ کر اپنے ماں، باپ کو بھی راضی کر لیا ہے...... وہ تو تمہاری تھی ناں تو پھر......؟''
نبیل کو عمار کی برسوں پرانی بات یاد آئی تو وہ اسے ایک نظر دیکھ کر رہ گیا۔
''آج...... یہ کیوں اس انداز میں میرے سامنے آئی ہے؟ یہ کیا چاہتی ہے...... کیا اظہار سے علیحدگی کے بعد اب میری اسٹرانگ پوزیشن کو دیکھ کر میری جانب بڑھ رہی ہے؟'' وہ حد درجہ بدگمانی کا شکار تھا۔ اس نے نیلما کی بات کا کوئی جواب نہیں دیا۔
''کیوں نبیل، کیا تمہاری زندگی میں کوئی اور آ گیا ہے جو تم مجھ سے اتنی اجنبیت برت رہے ہو......؟ مجھے سچ سچ بتاؤ کیا بات ہے؟'' اس کا لب و لہجہ منت آمیز تھا جو نبیل کو چونکا رہا تھا۔
''مسز نیلما اظہار آپ کیا سننا چاہ رہی ہیں؟'' اس نے سپاٹ لہجے میں کہا جبکہ یہ وہی نبیل تھا جو ایک ڈیڑھ ماہ سے یقیناً نیلما کی آمد کے بعد سے بے انتہا ڈسٹربڈ تھا۔ وہ تو اپنے ماضی میں سفر کر رہا تھا مگر آج نیلما کے انداز و الفاظ نے اسے کسی اور ہی دنیا میں پہنچا دیا تھا۔ وہ اس محبت کے جنون سے، اس پیار کی کشش سے باہر آ چکا تھا۔ آج اس پر نیلما کی حقیقت واضح ہو گئی تھی۔
اس کی طویل خاموشی نے نیلما کو بھی خاموش کر دیا تھا۔
''مسز اظہار جائیں، آپ کو آپ کا بیٹا سالار یاد کر رہا ہوگا۔ اب آپ صرف اور صرف اس کا اور اس کی دوا اور غذا کا بھرپور خیال رکھیے، انشاء اللہ وہ بہت جلد روبصحت ہوگا اور مجھے یقین ہے وہ اب آپ کا منتظر ہوگا۔'' ان چند جملوں میں وہ بہت کچھ کہہ کر معذرت کر کے کسی اور مریض کی فائل کھول کر اسے پڑھنے میں مصروف ہو گیا۔
نیلما بڑے تھکے، تھکے انداز میں اپنی نشست سے اٹھ کر دروازے کے قریب گئی۔ ذرا کی ذرا مڑ کر کھنکھار کر اپنا گلا صاف کیا گویا کچھ کہنا چاہ رہی ہو۔
نبیل نے کچھ محسوس کر کے میز پر رکھے انٹرکام کا ریسیور تیزی سے اٹھایا تھا۔
''مسٹر کریم نیکسٹ اگر کوئی وزیٹر ہے تو بھیج دیجیے...... آپ کو تو علم ہے میں کل صبح کی فلائٹ سے دو مہینے کے لیے نیویارک جا رہا ہوں جہاں دو سیمنارز ہیں اور پھر کینیڈا چھوٹی بہن کے پاس جاؤں گا تو پلیز آج کے وزیٹرز آپ اپ ڈیٹ کر لیجیے تاکہ انہیں کوئی دشواری نہ ہو۔''
مسٹر کریم اس کا سیکرٹری جو اس کے پروگرام سے مستقل آگاہ رہتا تھا مگر وہ یہ سب باتیں محض نیلما کو سنانے کے لیے دہرا رہا تھا۔
نبیل نے اس وقت تک ریسیور تھامے رکھا جب تک وہ کمرے سے نکل نہیں گئی۔
''جانے وہ کیا کہنا چاہ رہی تھی۔'' نبیل نے ایک آہِ سرد بھری اور پھر اپنی یادوں کی ڈائری کی ورق گردانی شروع کر دی۔ وہ اپنی پہلی اور آخری محبت ہرگز نہیں بھولا تھا۔



PAKSOCIETY.COM
WWW.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY
RSPK.PAKSOCIETY.COM FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM



# وارث

ریحانہ حسن

مجھے فنِ مصوری وراثت ہی میں ملی...... میرے والد بھی اپنے زمانے کے مشہور مصور کی حیثیت سے جانے جاتے تھے۔ شاید میرے کام سے زیادہ لوگ اب میرے نام سے محبت کرتے تھے۔ کام کیسا ہی ہو نام بن جائے تو لوگ پینٹنگ پر صرف نام دیکھتے ہی خرید لیتے ہیں...... اس طرح گھر بیٹھے کی گئی محنت کے صلے میں مجھے بھی اچھی خاصی رقم مل جاتی...... اور میں اپنی تنہا زندگی کو سکون سے بسر کر رہا تھا۔

انہی دنوں میں exhibition کے سلسلے میں کچھ پینٹنگز کراچی لے کر جا رہا تھا روانگی سے قبل اپنے اس شاہ کار کو آخری ٹچ دے ہی رہا تھا کہ میرے ایک قریبی دوست اکمل قریشی نے آ کر مجھے

PAKSOCIETY.COM



WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 f PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

☆☆☆

''برمودا ٹرائی اینگل یا شیطانی تکون وہ جگہ ہے جہاں سے گزرنے والے بحری بیڑے اور ہوائی جہاز اکثر پُراسرار طور پر غائب ہو جاتے ہیں، ان کا سراغ نہیں مل پاتا اس کی حدود کا باقاعدہ طور پر کسی نقشے میں ذکر نہیں ہے، دلچسپ بات یہ ہے کہ اس علاقے کے اوپر سے روزانہ کئی جہازوں کی آمدورفت بھی جاری رہتی ہے، مختلف لوگ اس مثلث کی پُراسراریت کے بارے میں مختلف تھیوریز پیش کرتے ہیں کچھ لوگوں کے نزدیک یہ جگہ ایک دروازے کی حیثیت رکھتی ہے جہاں سے دوسری دنیا کی مخلوق اس دنیا میں داخل ہوتی ہے کچھ لوگ اسے وقت کا خلا کہتے ہیں جہاں پہنچ کر ہر چیز وقت میں غائب ہو جاتی ہے لیکن تنقید نگار ان باتوں کو صرف ایک افسانہ قرار دیتے ہیں لیکن ایک حقیقت یہ بھی ہے کہ اس جگہ پر قطب نما درست سمت نہیں بتاتا جہاں تک بات رہی تازہ ترین واقعے کی تو یہ واقعہ اس بات کی طرف اشارہ کرتا ہے کہ برمودا ٹرائی اینگل واقعی پُراسرار ہے اور اس کی حد میں پہنچنے والی چیزیں زمان و مکان کی قید سے آزاد ہو جاتی ہیں اسی لیے تو جب یہ جہاز حقیقی دنیا میں واپس آیا تو جہاز کے مسافروں کی کلائی کی گھڑیوں کے ٹائم اور حقیقی دنیا کے اسٹینڈرڈ ٹائم میں ایک گھنٹے کا فرق تھا اس لیے تو جہاز اپنے مقررہ وقت سے پہلے ہی ائرپورٹ پہنچ گیا تھا خیر وجہ چاہے جو بھی ہو، ہم اس خوش قسمت جہاز میں سفر کرنے والے مسافروں کو ان کی زندگیاں بچ جانے پر مبارک باد پیش کرتے ہیں اور اللہ سے دعا کرتے ہیں کہ اس خوش نصیب جہاز کی طرح ہمارے وطن پاکستان پر بھی اپنا کرم کرے۔'' تجزیہ نگار اپنے مخصوص لب و لہجے میں بول رہا تھا۔

''اللہ کا شکر ہے بیٹا کہ تم دونوں خیریت سے واپس آگئیں ورنہ میں تو برباد ہو جاتا۔ اس ذات پاک کا مجھ جیسے گناہ گار بندے پر بڑا کرم ہے کہ اس نے مجھے میری آنکھوں کی روشنی لوٹا دی۔'' ٹی وی بند کرتے ہوئے شہریار صاحب نے دونوں بیٹیوں کو گلے لگاتے ہوئے کہا۔

''ڈیڈی کاوش نے صبح سے سوائے ایک دودھ کے گلاس کے اور کچھ نہیں کھایا پیا...... آپ اسے سمجھائیں ناں کہ یہ کھانا کھالے۔'' نازش نے شہریار صاحب کو مخاطب کرتے ہوئے کہا۔

''بری بات کاوش بیٹا، تمہیں گھر آئے کتنے گھنٹے گزر چکے ہیں اور تم نے ابھی تک اس حادثے کو اپنے سر پر سوار کر رکھا ہے تم نے کل سے مجھ سے بھی کوئی بات نہیں کی...... بھول جاؤ اس حادثے کو بلکہ تم دونوں ایسا کرو کہ تیار ہو جاؤ آج میں تم دونوں کو خود شاپنگ پر لے کر جاؤں گا۔ تم لوگوں نے واپس جانے سے پہلے شاپنگ تو کرنی ہی ہے تو موقع کا فائدہ اٹھاتے ہوئے آج ہی کر لینا۔ جی بھر کر اپنے ڈیڈی کی جیب خالی کرنا، میں تمہیں بالکل نہیں روکوں گا ٹھیک ہے ناں کاوش!'' شہریار صاحب نے اس کے ماتھے کو پیار سے چومتے ہوئے کہا ان کی یہ بیٹی شاپنگ کی دیوانی ہے، یہ بات وہ اچھی طرح جانتے تھے۔

''نہیں ڈیڈی، مجھے اب امریکا واپس نہیں جانا، کبھی نہیں......'' کاوش نے دھیمی آواز میں کہا۔ اس نے اپنا جھکا ہوا سر نہیں اٹھایا تھا کہ شرمندگی کا احساس بہت شدید تھا اتنا کہ اگر شہریار صاحب اس کی آنکھوں میں جھانک لیتے تو ضرور چونک جاتے۔

''کیا......؟ لیکن تمہاری پڑھائی، بیٹا زندگی اور موت تو اللہ کے ہاتھ میں ہے، ایسے ڈر کے اپنی منزل نہیں گنواتے... حادثوں کا کیا ہے وہ تو کسی سواری کے بغیر چلتے ہوئے انسان کو بھی اپنا شکار بنا لیتے ہیں۔''

''نہیں ڈیڈی، مجھے واقعی امریکا نہیں جانا میں اپنی پڑھائی یہاں رہ کر بھی تو پوری کر سکتی ہوں چھ ماہ

PAKSOCIETY.COM



WWW.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 f PAKSOCIETY
RSPK.PAKSOCIETY.COM

WWW.PAKSOCIETY.COM

کا فرق ہی تو ہے لیکن واپس ہرگز نہیں۔'' کاوش نے ڈیڈی کے کندھے سے سر لگا دیا۔

''میں واپس جا کر اپنی اصل منزل گنوانا نہیں چاہتی کیونکہ زندگی اور موت سمیت ہر چیز واقعی اللہ کے ہاتھ میں ہے۔ اس بار اس نے مجھے جھٹکا دے کر بچا لیا اگر میں پھر سے بھٹک گئی تو شاید عذاب پانے والوں میں سے ہو جاؤں گی......'' دل ہی دل میں ڈیڈی سے مخاطب ہوتے ہوئے کاوش کی آنکھیں پھر سے برسنے لگیں۔

انہوں نے کچھ سمجھتے اور کچھ نہ سمجھتے ہوئے فوراً سے اثبات میں سر ہلا دیا۔ وہ کاوش کی ذہنی حالت کے بارے میں تشویش کا شکار ہو رہے تھے لیکن نازش نم آنکھوں اور ہنستے ہوئے لبوں کے ساتھ کاوش کی ذہنی حالت کے متوازن ہو جانے پر اللہ کا شکر ادا کر رہی تھی۔

''جماعت کا وقت ہو گیا ہے میں نماز پڑھ کر آتا ہوں پھر مل کر کھانا کھاتے ہیں۔'' شہریار صاحب کلاک کی طرف دیکھتے ہوئے عجلت میں کھڑے ہوئے اس حادثے نے ان جیسے مصروف انسان کو بھی اللہ سے قریب کر دیا تھا۔

''میں تمہارے لیے کھانا لے کر آؤں؟'' ان کے جانے کے بعد نازش نے محبت لٹاتی نظروں سے بہن کی طرف دیکھتے ہوئے پوچھا۔

''ہاں لیکن پہلے میں نماز پڑھ لوں''۔ کاوش فیصلہ کر لینے کے بعد مطمئن تھی تبھی مسکرا کر بولی۔ نازش خوشی کی شدت سے کانپتے ہوئے وجود کے ساتھ کمرے سے باہر نکلی۔

☆☆☆

''یہ لو تمہارے فیورٹ آم۔'' نازش کھانے کے بعد اس کے لیے آم کاٹ کر لائی تھی۔ ''ویسے تم یہ کیا کر رہی ہو؟'' اس نے پلیٹ سینٹر ٹیبل پر رکھتے ہوئے کاوش سے پوچھا جو اپنی انگلی سے دھینگا مشتی میں مصروف تھی۔

''ڈیوڈ کی دی ہوئی رنگ اتار رہی تھی سوچا کہ اسے واپس بھجوا دوں لیکن یہ تو اتر ہی نہیں رہی۔'' کاوش نے زور آزمائی کرتے ہوئے بیچارگی سے کہا۔

''ایک منٹ رکو میں ابھی آتی ہوں۔'' اور پھر واقعی ایک منٹ کے اندر، اندر وہ ایک باؤل میں برف ملا پانی لیے کمرے میں موجود تھی۔

''آئی ایم سوری نازش میں نے تمہیں کتنا تنگ کیا۔ میں کتنی بے وقوف تھی جو اپنے ایمان کو داؤ پر لگانے چلی تھی۔'' انگلی کا انگوٹھی سے نیچے والا حصہ پانی میں ڈبوئے کاوش نے شرمندگی سے سر جھکاتے ہوئے کہا۔

''تم واپس پلٹ آئیں میرے لیے یہ سب سے بڑی بات ہے اور سنو اس فضول بات کو اپنے دماغ سے کھرچ کر نکال دو ویسے ہی جیسے میں نے نکال دیا......تم آج بھی میری پیاری سی معصوم سی چھوٹی سی بہن ہو، یہ لو اتر گئی۔'' نازش نے نرمی سے انگوٹھی نکال لی۔

''ارے یہ کیسے ہوا مجھ سے تو اتر ہی نہیں رہی تھی......'' کاوش نے حیرت سے دریافت کیا۔

''ارے بھئی سمپل سی بات ہے ٹھنڈا پانی انگلی کو سکیڑ دیتا ہے تبھی تو یہ ناممکن کام ممکن ہوا۔'' نازش نے انگوٹھی کو سائیڈ ٹیبل پر رکھا۔

''نہیں یہ ناممکن کام اس لیے ممکن ہوا کیونکہ اللہ اسے ممکن بنانا چاہتا تھا۔ اس کی چاہت نہ ہو تو بظاہر ممکن کام بھی ناممکن ہو جایا کرتے ہیں۔'' کاوش نے آم کی قاش اٹھاتے ہوئے کہا۔

نازش نے کھلکھلا کر مسکراتے ہوئے اس کی تائید کی' اس نے کاوش کے چمکتے ہوئے چہرے پر ہدایت کی روشنی جو دیکھ لی تھی۔

PAKSOCIETY.COM



WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1
PAKSOCIETY

